بیشمار ذہنی، نفسیاتی، روحانی اور جسمانی عوارض
کے کافی وشافی علاج پر مشتمل مستند، عملیات و
تعویذات پر ایک لاجواب اور لاثانی تصنیف

اعمال شفاء

تصنیف و تالیف

حضرت خواجہ پیر صوفی الشاہ
غلام سرور شباب علوی قادری

اس کتاب کی قیمت مبلغ 5000 روپے ہیں۔ قیمت بذریعہ منی آڈر یا جاز کیش ادا کر کے آج ہی منگوا سکتے ہیں۔

ادارہ فیضان روحانیہ ® پاکستان
اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان
03004967412

CamScanner

بیشمار ذهنی ،نفسیاتی،رُوحانی اور جسمانی عوارض کے کافی وشافی علاج پر مشتمل

مستند،مجرب عملیات وتعویذات پر ایک لاجواب اور لاثانی تصنیف

اعمالِ شفاء

تصنیف وتالیف

حضرت خواجه پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ

اداره فیضان رُوحانیه پاکستانR

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا۔پنجاب پاکستان

www.roohaniyat.com

0333-6974734

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

انتبــــــاہ: اس کتاب کا کوئی بھی حصہ یا اقتباس نقل کرنے کے لیے مصنف یا ادارے کی با قاعدہ تحریری اجازت کے بغیر ممنوع ہے، اگر اس قسم کی کوئی بھی صورتِ حال ظہور پذیر ہوتی ہے تو قانونی کاروائی کا حق محفوظ ہے۔

قانونی مشیر: دیوان مصداق احمد: ایم اے انگلش۔ایل ایل بی۔ایڈووکیٹ ہائی کوٹ

میاں محمد اکمل وٹو: ایم اے۔یل ایل بی۔ایڈووکیٹ ہائی کوٹ

نام کتاب	☆☆☆	اعمال شفاء
نام مصنف	☆☆☆	حضرت خواجہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
کمپوزنگ	☆☆☆	پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری
ایڈیشن	☆☆☆	اول
سن اشاعت	☆☆☆	اپریل 2019ء (کمپیوٹر کاپی صرف خاص شاگردوں کے لیے)
صفحات	☆☆☆	212
قیمت	☆☆☆	=/5,000 روپے

ادارہ فیضان رُوحانیہ پاکستان کی ممبر شپ اختیار کرنا درحقیقت رُوحانی علوم وفنون کی اشاعت میں مدد کرنا ہے۔

نوٹ: یہ کتاب صرف اور صرف پیر صوفی غلام سرور شباب قادری کے خاص شاگردوں اور مریدین کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اصلی اور اجازت یافتہ کتاب کی پہچان یہ ہے کہ یہاں مصنف کے دستخط اور مہر موجود ہوگی۔اس کے علاوہ کتاب سرقہ تصور کی جائے گی۔کوئی بھی شاگرد اور مرید اس کتاب کا کچھ حصہ یا پوری کتاب کسی کوئی فوٹو کاپی دینے کا مجاز نہ ہے۔

پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری

براہِ راست کتب منگوانے کا ایڈریس

ادارہ فیضان رُوحانیہ پاکستانR

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا۔پنجاب

0333-6974734

CamScanner

حسن ترتیب

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	اجازۂ عملیات	24
2	اپنی بات	25
3	تعویذات کی شرعی حیثیت۔اصطلاحی معانی	26
4	طبی،رُوحانی اورنفسیاتی علاج تاریخ کی روشنی میں	28
5	قدیم مصر۔پہلا گروہ۔دوسرا گروہ۔تیسرا گروہ	28
6	اشوریہ اور بابل	29
7	بنی اسرائیل	30
8	قدیم یونان اور رُوم	31
9	قدیم ایران	32
10	قدیم چین	33
11	قدیم ہندوستان	34
12	اسلام کی نظر میں رُوحانی علاج	36
13	مذہبی نقطہ گاہ	36
14	طبِ اسلامی کا طرزِ عمل	38
15	باب۔1	40
16	باب تشخیص الامراض	40
17	تشخیص اور علاج	40
18	مرض کا سبب کیا ہے؟	41
19	مرض کی تشخیص کا طریقہ	42
20	تشخیص مرض کا طریقہ	43

CamScanner

21	تشخیص مرض اور کشف	44
22	مرض کی تشخیص کرنا	44
23	مریض کی تشخیص کا عمل	45
24	مرض کی تشخیص کرنا	45
25	مرض کی شناخت کرنا	47
26	تشخیص کا عظیم طریقہ	47
27	تشخیص کے لیے دِل پر القا ہو جائے	47
28	انڈے کے ذریعے تشخیص کرنا	48
29	تشخیص کا قرآنی طریقہ	48
30	تشخیص کا ایک لاجواب عمل	49
31	تشخیص کا لاثانی عمل	49
32	تشخیص بذریعہ کوری پیالی	50
33	مرض رُوحانی ہے یا جسمانی	50
34	علم الاعداد کے ذریعے تشخیص کرنا	51
35	باب۔2	51
36	حروف سے علاج کا طریقہ	53
37	امراض سر	53
38	امراض دست راست	59
39	امراض دست چپ	60
40	امراض پشت	61
41	امراض شکم	61
42	امراض پائے راست	62

CamScanner

43	امراض پائے چپ	62
44	اربعہ عناصر۔شفاء الامراض	63
45	نقطہ خاص	64
46	طریقہ تشخیص اول	69
47	طریقہ تشخیص دوم	69
48	حالات مریض	69
49	افسون اور طلسم بنانے کے خاص قانون	72
50	قانون دوم	74
51	قانون سوم	76
52	قانون چہارم	77
53	متفرق اعمال حروف	79
54	ہر قسم کا خون روکنے کے لیے	79
55	دافع ہیضہ۔ پیٹ درد و جملہ امراض شکم	79
56	گلہڑ گھیکھا یعنی گلے کا پھولنا	79
57	دردِ دندان	80
58	دردوں کو سلب کرنے کا لاثانی عمل	80
59	سلب اوجاع	80
60	عجیب طلسمی عمل	81
61	ہر مرض سے شفا کے لیے	83
62	شفائے بیمار	83
63	نکسیر بند کرنے کے لیے	83
64	دردِزہ کے لیے	84

CamScanner

65	باب ۔3	85
66	بچوں کے مختلف امراض اور اُن کا علاج	85
67	زیادہ رونے والے بچے کے لیے	85
68	رونے والے بچے کے لیے	85
69	جو بچہ روتا ہو۔ رونے والے بچے کے لیے	85
70	بچہ نہ روئے	86
71	رونے اور ڈرنے والے بچے کے لیے	86
72	شیر خوار رونے والے کے لیے	87
73	نظر بد کا علاج	87
74	نظر بد کے اثرات ختم کرنا	87
75	نظر بد اتارنے کا عمل	88
76	بچوں کی نظر بد اور ڈر خوف کے لیے	88
77	بچوں کی نظر بد سے حفاظت کے لیے	88
78	بچوں کے جملہ امراض کا علاج	89
79	نظر بد کا علاج ۔ بچے کو سخت نظر لگی ہو تو	89
80	نظر بد ختم کرنا	89
81	نظر کا علاج ۔نظر بد کا عمل	90
82	جانور کی نظر بد۔ برائے دفع نظر	90
83	کسی کی نظر اتارنا۔نظر بد کے لیے گنڈہ	90
84	دودھ دینے والے جانور کی نظر بد دُور کرنا	91
85	نظر بد سے نجات	91
86	جو بچہ بستر پر پیشاب کرتا ہو	91

CamScanner

87	بستر پر پیشاب کرنے والے کے لیے	91
88	آسیب زدہ بچے کا علاج	91
89	بچہ کے دانت آسانی سے نکلیں	92
90	حفاظت کے لیے	92
91	اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہوتو	92
92	بچوں کی مٹی کھانے کی عادت ختم کرنا	92
93	بچوں کی ہر طرح کی حفاظت کے لیے	92
94	گونگے بہرے بچے کا علاج	93
95	زبان کی لکنت کا علاج	93
96	بچوں کے یرقان۔اُم الصبیان۔جموگہ کے لیے	93
97	سوکھے یعنی اُم الصبیان کے مریض بچے کے لیے	93
98	مسان اور ام الصبیان کے مریض بچے کے لیے	93
99	بچوں کے مسان کے لیے۔سوکھے اور مسان کا علاج	94
100	سوکھے میں مبتلا بچے کا علاج	94
101	سوکھے بچوں کا علاج	94
102	سوکھے میں مبتلا بچے کا علاج	94
103	بچوں کے چیچک کا علاج	95
104	چیچک ٹھیک ہو جائے	95
105	اگر کسی بچے کو چیچک نکلی ہو	96
106	چیچک سے نجات	96
107	کمزور بچوں کے لیے	96
108	اگر کسی بچے کی کانچ نکلتی ہو	97

CamScanner

109	ضدی بچوں کا علاج	97
110	باب۔4	98
111	پورے بدن کی بیماریوں کا علاج	98
112	سر کے امراض	98
113	سر درد ختم کرنا۔دردِ سر کا علاج	98
114	سر درد کا فوری علاج	98
115	سر درد اور دردِ شقیقہ کے لیے	98
116	دردِ شقیقہ اور سر درد کا علاج	99
117	سر درد ختم کرنے کے لیے۔سر درد کے لیے	99
118	دردِ شقیقہ کے لیے۔ہر قسم کی سر درد کے لیے	99
119	سر چکرانا اور سر گھومنا	100
120	سر میں پانی بھر جانا۔سرسام	100
121	مالیخولیا اور سودا	100
122	بے ہوش سے ہوش میں لانے کے لیے	100
123	آنکھوں کے تمام امراض کے لیے	101
124	آنکھوں کے امراض کا علاج	101
125	رُوحانی شفائی سرمہ	101
126	تمام عمر بینائی ٹھیک رہے	101
127	بینائی میں اضافہ ہو	102
128	بینائی کی کمزوری دُور کرنا	102
129	آشوبِ چشم کے لیے	102
130	آشوبِ چشم کا علاج	102

CamScanner

131	نگاہ کی کمزوری دُور کرنے کے لیے	102
132	آشوب چشم کا علاج	103
133	آنکھوں کے زخم اور سرخی	103
134	شب کوری کا علاج	103
135	دردِ ابرو	103
136	موتیا بند کا علاج	103
137	آنکھوں کے ککروں کے لیے	103
138	آنکھوں میں جلا	103
139	آنکھ کا پھڑ کنا	103
140	ناک کے امراض کا علاج	104
141	نزلہ وزکام	104
142	ناک کا درد	104
143	نکسیر کا علاج	104
144	نکسیر کا خون بند کرنے کے لیے	104
145	ناک کے زخم اور پھنسیوں کے لیے	104
146	دانتوں اور منہ کے امراض	105
147	برائے داڑھ درد	104
148	دانت اور داڑھ درد کے لیے	104
149	دانت اور داڑھ کا درد	104
150	دانت درد۔ پائیوریا۔ ماسخورہ	104
151	منہ کی پھنسیاں اور چھالے	104
152	معدہ اور آنتوں کے امراض	107

153	معدے کا درد ختم کرنا۔ پیٹ درد کے لیے	107
154	پیٹ میں درد کا علاج	107
155	معدہ کی جلن اور دِل کی گھبراہٹ کے لیے	107
156	آنتوں پر ورم	107
157	آنتوں کے کیڑے۔ بدہضمی کا علاج	107
158	بھوک کی زیادتی۔بھوک کی کمی	107
159	پیاس کی شدت کا علاج۔ پیٹ درد	109
160	درد معدہ۔فم معدہ کا درد	109
161	دست اور پیچش۔ قے اور متلی کا علاج	109
162	معدہ کی کمزوری۔معدہ کی سوجن	109
163	ہچکی کا علاج	109
164	ہر قسم کی دردوں کا علاج	110
165	تمام دردوں کے لیے	110
166	ذات الجنب یعنی پہلو کا درد ختم کرنا	110
167	ہر قسم کے درد کا علاج	110
168	درد کا علاج	110
169	ریحی دردوں، جنون، برص اور جذام کے لیے	110
170	درد کے ازالہ کا عمل۔ ہر طرح کے درد کا علاج	111
171	دردوں کا دَم۔ ہر تکلیف اور درد کے لیے دَم	111
172	دردوں کا علاج۔عرق النساء فالج اور کمر درد	112
173	کمر درد۔بازو کی درد	112
174	کانوں کے امراض کا علاج۔کان درد کا روحانی علاج۔کان کا بجنا۔بڑھاپے میں کم سنائی دینا	113

CamScanner

175	بہرہ پن۔کان کی سوجن کا علاج	113
176	سینے کے امراض کا علاج	115
177	دِل کے درد کا علاج۔پسلی کا درد	115
178	سینے کا درد۔دمہ۔کھانسی اور بلغم	115
179	ذات الجنب یعنی نمونیہ	116
180	پھیپھڑوں میں پانی اور درد	116
181	پتہ اور تلی کے امراض	117
182	تلی کے بڑھ جانے کا علاج	117
183	پاؤں کے امراض کا علاج	117
184	پاؤں کا رعشہ۔انگلیوں کا درد	117
185	پاؤں کے جملہ امراض کا علاج	117
186	باب۔5	118
187	زہریلے جانوروں سے تحفظ اور کاٹے کا علاج	118
188	سانپ اور بچھو کے کاٹے کے لیے	118
189	بچھو کے کاٹے کے لیے	118
190	سانپ اور بچھو کے کاٹے کا علاج	118
191	زہریلے جانوروں سے حفاظت کے لیے	118
192	سانپ اور بچھو نے کاٹ لیا ہو تو	119
193	بچھو کاٹے کا علاج	119
194	زہر کا اثر ختم کرنا	119
195	جانور کے زہر سے حفاظت	119
196	بچھو کاٹے کا علاج	119

197	بچھو کا زہر اتارنے کے لیے	119
198	مچھر۔پسو۔کھٹمل بھگانے کے لیے	119
199	مکھیوں کو بھگانا	120
200	مچھروں کو گھر سے بھگانا	120
201	گھر سے چوہے بھگانا	120
202	گھر سے مچھر، پسو اور سانپ بھاگ جائیں	120
203	کھیتی سے دیمک اور گھن ختم کرنا	120
204	ٹڈی۔کھٹمل چیونٹی اور چوہے بھگانے کے لیے	120
205	ٹڈیوں کو گھر سے بھگانا	121
206	کیڑے مکوڑے بھگانے کے لیے	121
207	پسوؤں سے نجات کے لیے	121
208	چوہوں کو بھگانے کے لیے	121
209	کاٹنے والے کتے سے حفاظت کے لیے	122
210	چیونٹیاں بھاگ جائیں	122
211	باب۔6	123
212	پھوڑے پھنسیوں بدنی امراض کے علاج کے لیے	123
213	پھوڑے پھنسی کے لیے۔ورم اور زخم کے لیے	123
214	ہر قسم کے پھوڑا پھنسی کے لیے	123
215	پھوڑے پھنسی، ہڈی سے گوشت اترنا	123
216	مسوں اور داد کے علاج کے لیے	124
217	چیچک کا علاج	124
218	داد چمبل کو ختم کرنا	124

CamScanner

219	عورت کے پستانوں کا ورم ختم کرنا اور دودھ جاری ہو	124
220	بدن میں کسی بھی جگہ ورم ختم کرنا	124
221	ہونٹوں کی سوج ختم کرنا	124
222	بہتے زخم اور بہتے خون کو بند کرنا	125
223	آگ سے بدن جلنے کا علاج	125
224	جلے ہوئے بدن کا علاج	125
225	ٹوٹی ہوئی ہڈی کا علاج	125
226	چہرے یا پشت وغیرہ کے مسے	125
227	بدن پر داغ دھبے	126
228	برص کا علاج۔جذام کا علاج	126
229	باب۔7	127
230	دماغی امراض کے علاج کے لیے	127
231	قوی حافظہ کے لیے	127
232	ذہانت بڑھانے کے لیے	127
233	یادداشت اور قوی حافظہ کے لیے	127
234	اگر کوئی حفظ کے بعد بھول جاتا ہو تو	127
235	نسیان دُور کرنے اور یادداشت کو مضبوط کرنا	128
236	ذہانت اور سمجھ بوجھ میں زیادتی کے لیے	128
237	حافظہ کے صحیح ہونے کے لیے	128
238	اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو	128
239	اگر کسی کو بھول جانے کی بیماری ہو	129
240	باب۔8	130

CamScanner

241	حیض ونفاس کی بیماریوں کا علاج	130
242	اگر کسی عورت کا خون حیض بند نہ ہو رہا ہو	130
243	خونِ حیض کو روکنے کے لیے	130
244	جاری خون حیض یا نکسیر کو روکنا	130
245	خون رُک جائے۔سیلان الرحم ختم ہو جائے	131
246	اگر کسی عورت کو حمل کے دوران خون جاری ہو	131
247	کثرتِ حیض کا علاج۔حمل کے دوران خون آنا	131
248	زیادتی حیض کا علاج	132
249	حیض کی کثرت کا علاج	132
250	زیادتی حیض سے نجات	132
251	حیض کی زیادتی	133
252	مخصوص ایام کی کمی	134
253	اگر کسی عورت کا حیض رک گیا ہو	134
254	دردِ زہ کے لیے	134
255	باب۔9	135
256	مسحور،مربوط اور آسیب زدہ کا علاج	135
257	مسحور کا سحر باطل کرنے کے لیے	135
258	مربوط اور مسحور کا علاج	135
259	مربوط کا ربط اور مسحور کا سحر جادو باطل کرنے کا عمل	135
260	جنات اور آسیب کو گھر سے نکالنے کے لیے	136
261	ہر قسم کے سحر جادو کے اثرات کو باطل کرنا	136
262	جنات سے حفاظت کے لیے حجاب	137

CamScanner

263	جادو تعویذات کو حاضر کرنا	137
264	حل رباط کے لیے	137
265	جسے سحر کے ذریعے مربوط کیا گیا ہو	138
266	مربوط اور سحر زدہ کا علاج	138
267	سحر اور رباط ختم کرنے کا عمل	139
268	جنات اور آسیب کو جلانے کی دعوت الاحراق الجن	141
269	مریض کا مرض جل جائے اور سحر جادو باطل ہو جائے	143
270	دُعائے برہتیہ کے اٹھائیس اسماء	143
271	جادو کا اثر زائل ہو جائے	143
272	اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جادو ختم ہو جائے	143
273	جادو ختم ہو جائے	143
274	مسحور سے سحر کا اثر ختم کرنا	143
275	مسحور یا معقود کا علاج کرنا	144
276	سحر زدہ کا علاج	144
277	موذی جنات کا مکان اور گھر سے نکالنا	144
278	گھر اور مکان کو جنات سے خالی کرنا	145
279	جنات گھر سے نکل جائیں	145
280	منظوم دعوت الجلجلوتیہ الطریقہ الصغریٰ	145
281	طلسم دعوت الجلجلوتیہ کو تصرف میں لانے کا طریقہ	150
282	طریقہ اول مبتدی حضرات کے لے	150
283	طریقہ دوم عاملین حضرات کے لیے	150
284	جنات چلے جائیں۔ جنات اُس جگہ سے نکل جائیں	151

285	سحری اور آسیبی اثرات ختم کرنا	151
286	باب۔10	153
287	مرگی کا علاج	153
288	مرگی والے مریض کے علاج کے لیے	153
289	مرگی کے مریض کا علاج	153
290	مصروع، مجنون اور آسیب زدہ کا علاج	154
291	مرگی کے علاج کے لیے	154
292	مرگی کا رُوحانی علاج	155
293	مرگی کا علاج	155
294	مرگی والے کو ہوش میں لانا	155
295	مرگی سے بے ہوش کا علاج	155
296	باب۔11	156
297	ہر قسم کے بخاروں کا علاج	156
298	بخار دُور کرنے کے لیے	156
299	برائے دفع تپ	156
300	بخار کا رُوحانی علاج	156
301	بخار کے لیے دَم۔ بخار کے لیے	157
302	بخار کا رُوحانی علاج	157
303	بخار کا علاج	157
304	ہر قسم کے بخار کا علاج	158
305	میعادی ٹائیفائڈ یا موتی جھرہ بخار کے لیے	158
306	تپ ولرزہ اور مرگی	158

CamScanner

307	باب۔12	159
308	مردوں کے مخصوص امراض کا رُوحانی علاج	159
309	مرد کی قوتِ جماع کے لیے	159
310	امساک کے لیے	159
311	قوتِ باہ کے لیے پارہ بنانا	159
312	قوت باہ کے لیے	159
313	قوتِ باہ زیادہ ہو	159
314	عضو خاص کو سخت اور موٹا کرنا	159
315	عجیب طلسم قوتِ باہ اور جنسی لذت حاصل کرنا	159
316	مربوط کو کھولنے کے لیے	161
317	مربوط کو کھولنے کا عمل	161
318	مسحور اور معقود کے علاج کے لیے	161
319	معقود کو کھولنے کے لیے	162
320	مربوط اور معقود کو کھولنے کے لیے	162
321	مربوط کو کھولنے کے لیے	163
322	مربوط کو کھولنے کا عمل	164
323	مسحور اور معقود کے علاج کے لیے	164
324	جو میاں بیوی جماع کرنے سے عاجز ہوں	166
325	نیند باندھنے کا طلسم	166
326	معقود کو کھولنے کے لیے	166
327	معقود کو کھولنے اور سحر کو باطل کرنے کے لیے	167
328	شہوت کھولنے کا عمل	168

329	مربوط اور معقود کو کھولنے کے لیے	168
330	مربوط اور معقود کے کھولنے کا ایک اور عمل	168
331	مربوط اور معقود کے لیے قرآنی عمل	169
332	مربوط اور معقود کے لیے	169
333	مربوط کو کھولنا	169
334	حل معقود	170
335	باب۔13	171
336	حمل، حفاظتِ حمل، بانجھ پن کا علاج	171
337	حصولِ اولاد اور آسانی ولادت کے اعمال	171
338	بانجھ عورت کے حمل کے لیے	171
339	بانجھ پن کا علاج	171
340	بانجھ پن۔ بانجھ عورت کا علاج	171
341	عورت حاملہ ہو جائے	172
342	اللہ تعالیٰ کے فضل سے حاملہ ہو جائے	172
343	حفاظتِ حمل کے لیے	172
344	حفاظتِ حمل۔ حمل کی حفاظت	173
345	کبھی حمل ساقط نہیں ہوگا	173
346	حمل اسقاط نہ ہو۔ حصولِ اولاد کے لیے	173
347	اولاد کے لیے	174
348	برائے استقرارِ حمل۔ بچے کے اسقاط کا ڈر ہو تو	174
349	اولاد کی تمنا کے لیے	175
350	اگر کوئی چاہئے کہ اس کے گھر صرف لڑکے ہی پیدا ہوں	175

CamScanner

351	ولادت میں آسانی کے لیے	175
352	آسانی ولادت کا عمل	175
353	اُسی وقت ولادت ہو جائے	176
354	ولادت میں آسانی	176
355	ولادت میں مشکل ہو تو	176
356	جس کے بچے وفات پا جاتے ہوں	176
357	ولادت میں آسانی کے لیے	176
358	آسانی ولادت کے لیے	176
359	آسانی ولادت عورت یا کوئی حلال مادہ جانور	177
360	عورت کو حمل نہ ہو	177
361	باب۔14	178
362	مختلف بیاریوں کا علاج	178
363	شفائے امراض کے لیے	178
364	دردوں سے سکون	178
365	سر درد کا چٹکلہ	178
366	تمام امراض سے شفاء کے لیے	178
367	تمام تکالیف اور امراض سے شفاء کے لیے	179
368	ایسے مرض کے علاج کے لیے جس سے اطباء عاجز ہوں	180
369	شفائے امراض کے لیے نقش مربع	180
370	جانوروں کا دودھ بڑھانے کے لیے	180
371	اگر حیون کا دودھ کم ہو جائے تو	180
372	حلال جانوروں کا دودھ بڑھانے کے لیے	180

CS CamScanner

373	گائے بھینس یا عورت کے دودھ کو زیادہ کرنا	181
374	جس کو نیند نہ آتی ہو۔نیند لانے کے لیے	181
375	کسی کی نیند دُور کرنے کے لیے	181
376	خواص بچھو	181
377	ناک کے زخم کے لیے	181
378	بال لمبے کرنے کا نسخہ	181
379	شفائے الامراض کے لیے	182
380	جانوروں کو فرمانبردار کرنا	182
381	معدہ کے زخموں کا علاج	182
382	آیاتِ شفاء	182
383	جس کو رات بھر گھبراہٹ رہتی ہو	182
384	عورت کو زنا سے روکنا	182
385	دوبارہ بال نہ اُگیں	182
386	ہر بیماری کا فوری رُوحانی علاج	183
387	مقعد سے کانچ نکلنا	183
388	ہر مرض کے علاج کے لیے	183
389	ڈر خوف اور گھبراہٹ ختم کرنے کے لیے	184
390	وسوسوں سے نجات کے لیے	184
391	تمام امراض سے شفاء کے لیے	184
392	عظیم ترین حفاظت کا لاثانی عمل	185
393	ہر مرض سے شفاء۔ہر مرض کے لیے	187
394	ہر مرض کا علاج۔حفاظت کے لیے	187

CamScanner

395	بدشگونی سے بچنے کے لیے	188
396	ذات الجنب یعنی نمونیہ	188
397	کھانسی کے لیے۔بواسیر کے علاج کے لیے	188
398	بواسیر کی تکلیف ختم کرنے کے لیے	188
399	باب۔15	189
400	موذی امراض کا علاج	189
401	کینسر کا خاص علاج	189
402	کینسر اور رسولی	189
403	ٹی بی اور کینسر کے مریضوں کے لیے	189
404	نشہ سے چھٹارا	189
405	نشہ کی عادت ختم کرنا	190
406	نشے کا علاج	190
407	شراب نوشی کا علاج	190
408	بلڈ پریشر سے نجات کے لیے	190
409	تپ دق پرانے بخار اور مایوس العلاج کے لیے	191
410	گردے، مثانے کی پتھری کا علاج	191
411	یرقان سے بچنے کا طریقہ	191
412	یرقان کا علاج	191
413	پیلیا کا علاج	191
414	کالا یرقان۔امراض جگر	191
415	رسولی، کینسر، جملہ امراض خبیثہ کا علاج	192
416	جگر کے تمام امراض کے لیے	192

CamScanner

417	ہر مرض سے شفاء کا خاص عمل	192
418	لاعلاج اور موذی امراض کا علاج	192
419	امراضِ خبیثہ کے شافی وکافی علاج کا جفری طریقہ	193
420	ہر مرض میں شفاء	194
421	عظیم رُوحانی تحفہ درودِ شفاء	194
422	باب۔16	196
423	زیادتی عشق کا رُوحانی علاج	196
424	عاشق معشوق کو بھول جائے	196
425	عشق زائل ہو جائے	196
426	عاشق اپنے معشوق کو بھول جائے	196
427	عاشق معشوق سے وصل کی طاقت نہ رکھے	196
428	عاشق معشوق کو بھول جائے	197
429	عاشق کے عشق کو مٹانے کے لیے	197
430	عشق ختم کرنا	197
431	باب۔17	198
432	سحر جادو اور تعویذات نکالنا	198
433	دفن شدہ جادو تعویذات کی جگہ معلوم کرنا	198
434	جادو نکالنا	198
435	لوٹے کے ذریعے دفینہ یا سحر کی جگہ معلوم کرنا	200
436	باب۔18	201
437	سلبِ مرض کے لیے مابعد الطبعیاتی طریقے	201
438	ہوالشافی سے علاج کا طریقہ	201

CamScanner

439	تصورِنور سے علاج کا طریقہ	201
440	کراماتی ہاتھوں سے علاج کا طریقہ	201
441	متعدی اور قدیم امراض کی شفایابی کا عمل	202
442	شفایابی کے لیے جلیل القدر عمل	203
443	موذی امراض سے نجات	205
444	ہر موذی اور لا علاج بیمار کا کافی وشافی علاج	206
445	امراض سے شفاء کا عظیم ترین عمل	207
446	روحانی طبیب کے لیے عظیم تاثیر کا حامل عمل	207
447	کراماتی ہاتھ	208
448	ضمیر کی آواز۔رُوح کی پکار	209

CamScanner

اجازۃ عملیات

ملوک سبعہ، ان کی ذریات یا العفریات میں سے کسی کی بھی خدمت حاصل کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ کسی کی رہنمائی حاصل کریں۔ اکابر علمائے طلسمات ومخفیات اور ماہرین اور ماہرین روحانیت وعملیات نے چلہ کشی کے حقائق پر مشتمل وظائف ودعوات کے سلسلہ کے جملہ قسم کے اعمال اوران کی بجا آوری کے لیے جن شرائط وآداب کوضروری قرار دیا ہے ان میں اجازۃ عمل یعنی عمل کے لیے کسی ماہر عامل کی اجازت کولازمی اورشرط اول کےطور پر بیان کیا ہے۔ بنا بریں اربابِ علم وفن اور قارئین کرام کوآگاہ کیا جاتا ہے کہ اگر وہ حضرت خواجہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری کی کسی بھی کتاب کے مندرجات اور رُوحانی اعمال کے لیے چلہ کشی اور ریاضت کا ارادہ رکھتے ہوں تو سب پہلے اُن سے اجازہ عملیات حاصل کرلیں۔ تاکہ شب وروز کی محبت اکارت نہ جائے۔ اساتذہ سے رہنمائی اور اجازت حاصل کرلینے کے بعد طالب کامیابی وکامرانی حاصل کرنے کے علاوہ رجعت سے بھی محفوظ رہتا ہے اور بے استاد ہمیشہ ناکام ونامراد رہتا ہے۔

والسلام

پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری

صدر مجلس مشاورت:ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان

CamScanner

اپنی بات

ہمارے درمیان قرآن پاک موجود ہے اور موجود ہی نہیں محفوظ بھی ہے۔ کیا یہ اس عہد کا سب سے بڑا معجزہ نہیں ہے؟ دنیا کی کوئی دوسری ایسی کتاب نہیں جو حرف بہ حرف، لفظ بہ لفظ، باب در باب، جملہ بہ جملہ انسان کے دل میں اتر جائے۔ کیا یہ بھی ایک معجزہ نہیں ہے؟ جب تک یہ دنیا قائم ہے اور جب تک اس روئے زمین پر ایک بھی مسلمان ہے قرآن پاک موجود محفوظ رہے گا اور قرآن پاک کے ساتھ معجزے بھی۔

قرآن محض ایک کتاب ہی نہیں ایک الہام، ایک نُور ہے جو انسان کے سینے کو روشن اور دل میں چراغاں کرتا ہے۔ یہ نُور، یہ روشنی ہر شخص کے نصیب میں نہیں ہوتی۔ یہ خالق حقیقی کی خاص عنایت ہے وہ جس پر مہربان ہو یہ سعادت اسی کے حصّے میں آتی ہے۔

کاش!! قرآن میں تفکر ہمارا شعار بن جائے اور ہم میدانِ عمل میں اتر آئیں تو ساری کائنات پر ہماری حکمرانی قائم ہو جائے گی۔ مسلم برادری اس لئے محکوم مغموم، مغلوب اور پریشان ہے کہ ہم ظاہری اعمال کو بہت اہمیت دیتے ہیں مگر اپنے باطن میں بہتے ہوئے دریا میں سے ایک قطرۂ آب بھی نہیں پیتے۔

حق تعالیٰ نے اس کائنات میں جتنے بھی امراض پیدا کئے ہیں اِن سب کا کوئی نہ کوئی علاج بھی پیدا فرمایا، بلکہ اگر یہ کہا جائے تو حق ہو گا کہ رَبِّ العالمین نے پہلے علاج پیدا فرمایا بعد میں مرض۔ کیوں کہ یہ بات تو شانِ کریمی کے خلاف ہے کہ وہ مرض تو پیدا فرما دیں اور اس کا علاج پیدا نہ فرمائیں۔

تعویذات اور جھاڑ پھونک کی حقیقت آثار و قرائن سے ثابت ہے اور ہر دور کے اکابرین نے اس سلسلہ علاج کو اہمیت بھی دی ہے۔ اور اس کی حقیقت کو تسلیم بھی کیا ہے۔ عقلاً بھی اعداد اور حروف سے علاج کرنا درست ہے۔ جو لوگ اس سلسلہ علاج کو خلافِ عقل یا خلافِ روایت بتاتے ہیں۔ وہ خود عقل و شعور کے محروم ہیں۔ ورنہ دنیا بھر کے تجربات یہ ثابت کرتے ہیں کہ جس طرح دواؤں سے استفادہ کیا جاتا ہے، اسی طرح نقوش اور جھاڑ پھونک سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ بعض امراض میں دوائیں بالکل ہی بے اثر ہوتی ہیں۔ اور اُن امراض میں مریض کو نجات صرف تعویذات ہی کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے۔

والسلام

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ

آستانہ عالیہ: اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان

تعویذات کی شرعی حیثیت

لغت میں تعویذ کے معنی پناہ دینا، امان، اور بچاؤ کے ہیں۔

اصطلاحی معانی

وہ کاغذ یا تختی جس پر اعداد یا اسمائے الٰہی یا آیات قرآنی کی خاص طریقے سے خانہ پری کر کے حصول مراد یا حفاظت کے لیے گلے میں ڈالنے یا کسی اور عضو پر باندھتے ہیں تعویذ کہلاتا ہے۔قرآن مجید فرقان حمید میں تعویذ کی اصل اس آیت مبارکہ سے عیاں ہوتی ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِين۔(بنی اسرائیل آیت:۸۲)

ترجمہ: اور قرآن حکیم میں ہم وہ چیز نازل فرماتے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

اور حدیث میں تعویذات کی طرف نشاندہی کرتی ہوئی یہ روایت ہے۔

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں چند کلمات سکھائے جن کو ہم خوف اور دہشت کی وجہ سے سوتے وقت پڑھتے تھے وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ الْتَامَةِ مِنْ غضبه وَعقابه وَشَرعِبَاده وَمِنْ هَمْزَات الشَّيَاطِيْن وَاَن يَحْضرُوْن۔

حضرت عبداللہ بن عمرو اپنے بالغ بچوں کو سوتے وقت ان کلمات کے پڑھنے کی تلقین کرتے اور جو کم سن بچے ان کلمات کو یاد نہیں کر سکتے تھے ان کے گلوں میں ان کلمات کو لکھ کر ان کا تعویذ بنا کر ڈال دیتے۔(مسند احمد: ج۲ص۱۸۱۔سنن ابوداؤد: ج۲ص۱۸۷۔شرح صحیح مسلم سعیدی: ج۶ص۵۵۴)

علامہ سید محمود آلوسی حنفی لکھتے ہیں۔کہ

امام مالک نے کہا کہ جن تعویذات میں اللہ تعالیٰ کے اسماء ہوں ان کو بطورِ تبرک مریضوں کے گلوں میں لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے جب کہ لٹکانے والا اس سے نظر دُور کرنے کا ارادہ نہ کرے۔اس سے امام مالک کی مراد یہ ہے کہ مصیبت نازل ہونے کے بعد راحت اور خوشی کی امید میں تعویذ لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے یہ اس دَم کرنے کے حکم میں ہے۔جو نظر لگنے کے سلسلہ سنت میں وارد ہے اور مصیبت نازل ہونے سے پہلے تعویذ لٹکانے میں حرج ہے اور امام مالک کا یہ حکم غریب ہے۔ابن میسّب کے نزدیک قرآن مجید سے تعویذ لکھ کر کسی بانس وغیرہ پر لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔جماع اور بیت الخلاء کے وقت تعویذ کو اتار لیا جائے۔انہوں نے قبل اور بعد کے ساتھ مقید نہیں کیا۔امام باقر نے بچوں کے گلوں میں تعویذ لٹکانے کی مطلقاً اجازت دی ہے۔امام ابن سرین کے نزدیک بچہ ہو، یا بڑا تعویذ لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اسی طرح علامہ شامی حنفی فرماتے ہیں کہ

قرآن حکیم سے شفاء طلب کرنے میں اختلاف ہے بایں طور کہ مریض یا ڈسے ہوئے پر سورہ فاتحہ پڑھی جائے یا کسی ورق پر لکھ کر

CamScanner

اس کوتعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیا جائے یا کسی طشتری میں لکھ کراس کودھوکراس کا غسالہ اس کو پلا دیا جائے ۔ نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے اوپر ''لورضا اللہ عنہ'' پڑھتے تھے۔اس کے اوپر آج تک لوگوں کاعمل ہے اوراس کے ثبوت میں آثاروارد ہیں ۔اگر تعویذ کسی لفافے یعنی موم جامے میں ہوں اور یہ کسی جنبی یا حائضہ کے بازو پر بندھے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (بحوالہ:روح المعانی۔شرح صحیح مسلم نووی۔سنن ابوداود)

اسی طرح حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن شریف کے ساتھ تعویذ ''پناہ چاہنا'' جائز ہے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔"فاستعذباللّٰہ من الشیطان الرجیم "یعنی شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ ۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ فلق اورسورہ ناس میں بھی فرمایا ہے۔حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ جب بیمار ہوتے تو یہ دونوں سورتیں پڑھ کراپنے اوپردم فرمالیتے تھے۔حضوراکرم ﷺ یہ دُعا بھی پڑھتے تھے۔

"اعوذبوجہ الکریم و کلماتہ التامات من شرماخلق و ذرء و من شر کل "

ترجمہ:''میں اللہ بزرگ و برتر اوراس کے پاک کلموں کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں،اس شر سے جس کواس نے پیدا کر کے پھیلا دیا ہے۔اور ہر چوپائے کے شر سے کیونکہ میرا رب اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے۔''

(ردالمختار:ص۱۴۵ج۵۔شرح صحیح مسلم سعیدی:ج۶ص۵۵۱)

قرآن مجیداوراللہ تعالیٰ کے اسماءالحسنٰی کوبطورِافسون پڑھنا بھی جائز ہے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِين۔(بنی اسرائیل آیت:۸۲)

ترجمہ:اورقرآن حکیم میں ہم وہ چیز نازل فرماتے ہیں جوایمان والوں کے لیے شفااوررحمت ہے۔

دوسری آیت میں ارشادِربانی ہے۔"ھذا کتاب انزلناہ مبارك "یعنی یہ وہ کتاب ہے جوہم نے اتاری ہےاور جو برکت والی ہے۔''

حضرت حسنؓ اورحضرت حسینؓ کے سلسلہ میں حضوراقدس ﷺ نے فرمایا کہ ان کو بدنظری جھاڑا کرو،اگر تقدیر سے کوئی چیز سبقت کرتی تو وہ بدنظری ہے۔تواسی طرح تپ زدہ شخص کے لیے تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالا جاسکتا ہے۔

امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا کہ مجھے بخار ہوگیا تو میرے لیے تعویذ کیا گیا،اسی طرح حضرت مصنفؒ نے وضع حمل کے لیے بھی تعویذ لکھا۔جوغنیۃ الطالبین کے صفحہ ۱۰۶ پرموجود ہے۔

CamScanner

طبی ،روحانی اور نفسیاتی علاج تاریخ کی روشنی میں

قدیم مصر

مصریات کے ماہرین کی تحقیق کے مطابق قدیم مصر میں مریضوں کا علاج معالجہ تین گروہوں کے ہاتھ میں تھا۔

پہلا گروہ: پہلا گروہ وہ تھا جسے ہم اپنی موجودہ اصطلاح میں ''طبیب'' کہہ سکتے ہیں اور جو بیک وقت معالج بھی تھا اور مذہبی پیشوا بھی تھا۔

دوسرا گروہ: جراحوں کا تھا جو امراض کے سلسلے میں چیر پھاڑ کرتا تھا۔اور اپنے کام میں بہت انہماک رکھتا تھا۔

تیسرا گروہ: جھاڑ پھونک کرنے والوں کا تھا یہ گویا ''رُوحانی'' طریقہ علاج کا علم بردار تھا۔

قدیم مصر کے متعلق ذخیرہ معلومات میں ہماری نظر سے کوئی ایسی بحث نہیں گزری ،جس میں طبیبوں اور رُوحانین کے فرائض کی حدوں کی متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہو۔لیکن ان دونوں گروہوں کے متعلق آثارِ قدیمہ نے جو بحثیں اصحابِ فکر کے سامنے رکھی ہیں۔ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ان کے طریق کار کی تعیین دَرحقیقت دشوار ہے۔کیوں کہ اِن دونوں کے فرائض اور طریقِ کار آپس میں کچھ اس طرح گُتھے ہوئے ہیں کہ ان کو الگ الگ کر کے کوئی امتیاز پیدا کرنا ممکن نہیں ہے۔ایک طبیب جو مریضوں کے لیے مندر یا قربان گاہ میں بیٹھا ہوا کوئی دوا یا تدبیر بتارہا ہے،وہی کسی دوسرے مریض کو کوئی ''رُوحانی نوعیت'' کا علاج تجویز کردیتا ہے۔ اسی طرح کسی ''رُوحانی'' معالج کے لیے بھی کوئی ایسی روک نہیں ہے کہ وہ کسی مریض کے لیے شہد،نمک اور نظرون وغیرہ چیزیں تجویز نہ کرے۔

مسٹر بج نے ایک کتاب لکھی جس کا نام ''مصر کا سحر'' ہے۔اس کتاب میں انہوں نے کہا ہے۔کہ مصر کی تہذیب چونکہ تمام دنیا میں سب سے پہلی تہذیب مانی جاتی ہے۔اس لیے سحر اور سحر کے ذریعے سے علاج کے طریقوں کے متعلق بھی ہمیں اُن ہی کی طرف رجوع کرنا پڑے گا۔اُن کا بیان ہے کہ آج سے دس ہزار سال پہلے سحر اور رُوحانی علاج کے جو طریقے مصر میں رائج تھے،اُن کی جھلک اَب بھی مصر کے غیر متمدن علاقوں میں دیکھی جاسکتی ہے۔ایک جگہ مسٹر بج نے یہ بھی لکھا ہے کہ مصر ہی سے سحر جادو وغیرہ کے طریقے یونان اور رُوم میں پھیلے اور اُن سحرون کا اثر بھی اَب تک یورپ کی تقریباً تمام قوموں میں پایا جاتا ہے۔

مصر کے تمام طبی مخطوطوں میں ''ایبرز پیپائرس'' سب سے اہم مخطوطہ ہے جو پروفیسر جارج ایبرز نے 1872ء میں مصر کے ایک مقبرے کی کھدائی میں حاصل کیا تھا۔اور 1875ء میں پروفیسر موصوف نے اس کا ترجمہ معہ اصل کے شائع کیا تھا۔یہ مخطوطہ اَب لیپزک کی یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے۔اس مخطوطے کے متعلق ماہرینِ فن کا بیان ہے کہ وہ 1500 سال قبل مسیح میں لکھا گیا۔لیکن علم اللسان اور دوسرے اہم ذرائع سے یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ 1500 سال قبل مسیح سے بھی کئی صدی پہلے لکھا گیا تھا۔بہر حال یہ تحریر مختلف امراض و آلام کے نسخوں کا ایک طویل سلسلہ ہے،جس میں امراض کے الگ الگ نام،دواؤں کی تجویز،ہر دوا کی مقدار اور اکثر مقامات پر ترکیبِ استعمال بھی درج ہے۔اس تحریر کے بعض حصوں مین علاج کے علاوہ مختلف مرضوں کی تشخیص بھی موجود ہے اور اس کے متعلق بحث وتشریح بھی۔اس

CS CamScanner

مخطوطے میں دواؤں کے ساتھ ساتھ دُعاؤں اور منتروں کا ذخیرہ بھی موجود ہے۔

مصریات کا مطالعہ ہمیں یہ بھی بتا تا ہے کہ قدیم مصر کے مندروں کے پجاری اپنے اوپر وجد کی سی حالت طاری کر لیتے تھے۔مورخ کیپوٹیر نے لکھا ہے کہ یہ لوگ اپنے اوپر بے خودی کی حالت قیمتی پتھروں پر نظر جما کر طاری کرتے تھے،اور ایسی حالت میں پیشین گوئیاں کرتے تھے۔

اشوریہ اور بابل

بابل اور اشوریہ کی تہذیبیں آپس میں کچھ اس طرح ملی ہوئی ہیں کہ ان کو الگ کرنا کسی کے بس کا روگ نہیں ہے۔مورخ اور اثریات کے ماہران کا بیان ساتھ ساتھ کرتے ہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ دونوں تہذیبیں ایک ہی حصہ زمین کے دو قطعوں کی ارتقائی مدوجزر کی نمائندہ ہیں۔ان دونوں کے رسم ورواج،عادات وخصائل،مذہبی،معاشی اور معاشرتی حالات بہت حد تک ملتے جلتے ہیں۔آپس کے اس گہرے رشتے کے بعد اس حصہ زمین کے تمدن کا خاص تعلق ابتدا میں تو مصری تمدن سے اور اس کے بعد عبرانی تمدن سے قائم ہوجاتا ہے۔اس تعلق سے ہمیں بابل اور اشوریہ کی تہذیب اور ان کے تمدن میں بہت سی ایسی مشترک باتیں ملتی ہیں جو مصر وغیرہ کے تمدنوں سے ملتی جلتی ہے۔

اشوری اور بابلی تمام حوادث خصوصاً امراض کو مختلف شیطانوں کی طرف منسوب کرتے تھے۔طاعون،بخار،درد اور زخموں وغیرہ کے الگ الگ شیاطین تھے۔جب کوئی شخص بیمار پڑتا تھا تو یہ سمجھ لیا جاتا تھا کہ اس کے جسم میں شیطان گھس گیا ہے۔جنون مرگی اور تشنج وغیرہ کے دورے تو اُن شیطان کا پکا یقین دلاتے تھے۔جب مندر کا کاہن اور پجاری مریض کا علاج کرتے تھے تو اس کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ گھسے ہوئے شیطان کو جسم سے باہر نکالا جائے۔اس مقصد کے لیے اشوریہ اور بابل کے کاہنوں نے پرانے زمانے سے کچھ منتر یادر کھے تھے جو ہزاروں برس تک اُن میں رائج رہے۔

جادو ٹونوں کے ساتھ بابل اور اشوریہ کی تہذیبوں میں حقیقی طب بھی برابر ظاہر ہوتی جارہی تھی۔ابتداء میں علاج معالجے کا سارا دارومدار جھاڑ پھونک پر تھا۔اس کے بعد بعض دوائیں بھی وقتاً فوقتاً استعمال کی جانے لگیں۔لیکن دواؤں کے استعمال کی طرف رجحان بڑھتا رہا۔آخر جب بابل کی تہذیب اپنے معراج کمال کو پہنچی تو وہ اپنے پاس ایک شاندار نظامِ علاج رکھتی تھی۔لوگ ایسی طب کو جو عقل کی بنیاد پر قائم کی گئی تھی۔انہاک سے پڑھتے تھے اور اس سے کام لیتے تھے۔اثریات کے ماہرین نے بابل اور اشوریہ کی یہ طب کی تحقیق کے سلسلے میں جو کتب شائع کی ہیں،اِن سے پتہ چلتا ہے کہ یہ لوگ جڑی بوٹیوں کے خواص اور کان سے نکلی ہوئی چیزوں کے طبی استعمال سے خوب اچھی طرح واقف تھے۔بابل اور اشوریہ کے لوگوں کی وہ طبی تحریریں جو ماہرین کے ہاتھ لگی ہیں،ہمیں اطلاع دیتی ہیں کہ وہ 2100 سال قبل مسیح میں سانپ اور بچھو کے کاٹے کا تریاق جانتے تھے۔

CS CamScanner

بنی اسرائیل

اسرائیلیوں کی پرانی تاریخ میں ہمیں کسی باقاعدہ اور مدون علم طب کا سراغ نہیں ملتا۔البتہ اُن کی مذہبی کتب میں اس قسم کی چیزیں ضرور ملتی ہیں جو واضح طور پر طب اور حفظِ صحت کا مقصد پورا کرتی ہیں۔اس چیز میں مورخ ضرور مختلف رائے رکھتے ہیں کہ یہ طبی نوعیت کے احکام خود عبرانیوں ہی کے علمی اور عملی تجربات کا نتیجہ ہیں یا اِن کے ماخذ کچھ اور ہیں۔یہودی مورخ اکثر یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ عہد نامہ عتیق کے ''پنج سورے'' Pentatench Code اور ''تالمود'' وغیرہ کے احکام اسرائیلیوں کے ذہن رسا کا نتیجہ ہیں۔اور اس سلسلے میں کسی پرانی یا معاصر قوم یا تہذیب کی خوشہ چینی نہیں کی گئی ہے،لیکن محققین کا فیصلہ یہی ہے کہ عبرانیوں کے مذہبی احکام تو معاصر تمدنوں سے متاثر ہوئی ہی ہیں،لیکن ان کے طبی احکام تو صریحی طور پر مصر اور بابل کی تہذیبوں کے آئینہ دار ہیں۔

عہد نامہ عتیق میں ہم کو بہت سی ایسی چیزیں ملیں گی جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس میں اپنے زمانے کے عام رجحان کے خلاف کوئی آواز نہیں اُٹھائی گئی۔اس کے برخلاف عہد نامہ جدید میں سحر جادو کے متعلق صرف ایک جگہ ذکر آیا ہے، جہاں یہ بتایا گیا ہے کہ ایک دوشیزہ میں ایک ایسی رُوح تھی جو پیشین گوئیاں کرتی تھی اور اس نے اپنے آقا کو پیشین گوئیوں سے بڑا فائدہ پہنچایا۔بہرحال اس بیان سے یہ واضح ہو گیا کہ عبرانیوں میں سحر جادو کا بڑا اعتقاد پایا جاتا تھا اور عیسائیت نے آکر ان اثرات کو کم کرنے کی کوشش کی۔

عبرانیوں کے متعلق اس تھوڑے سے تعارف کے بعد اَب ہم اُن کے خاص مشغلوں کی طرف رجوع کرتے ہیں جن کا تعلق اعتقاد اور نفسیاتی علاج سے قائم ہوتا ہے۔عبرانیوں اور ابتدائی زمانے کے عیسائیوں میں تعویذ کا رواج عام طور سے موجود تھا۔تعویذ جس شکل میں آج بھی یہودیوں،عیسائیوں اور مسلمانوں میں پایا جاتا ہے وہ تقریباً وہی شکل ہے جو آج سے ڈھائی ہزار برس پہلے تھی۔موجودہ تعویذ کا سراغ ہمیں اسرائیلیوں ہی میں ملتا ہے۔اُن ہی کی مذہبی کتابوں میں اس قسم کے احکام موجود ہیں جن سے تعویذ کا پہننا ایک مذہبی رسم بن گیا تھا۔تعویذ کی ابتدائی شکل یہ تھی کہ چمڑے کا ایک چوکور ڈبہ سا بنا لیا جاتا تھا۔اس کے بعد اس میں جھلی کا کاغذ رکھ دیا جاتا تھا۔کاغذ میں موسوی قانون کی چار فصلیں لکھ دی جاتی تھیں۔پھر اس ڈبے کو سر یا بائیں بازو پر باندھ دیا جاتا تھا۔عیسائیت کی ابتدا میں عموماً انجیل کے بعض حصوں کو چرمی کاغذ پر لکھ کر گردن میں لٹکا لینے کا رواج پایا جاتا تھا۔

چمڑے کے چھوٹے ڈبوں اور اس قسم کے صندوقوں کی ابتدا کا سراغ ہمیں تورات کی پانچویں کتاب میں ملتا ہے۔تورات میں لکھا ہے۔

''یہ الفاظ جو میں آج تجھ کو دے رہا ہوں، تیرے دِل میں جگہ پائیں گے۔اور تو انہیں اپنے بچوں کو محنت اور عرق ریزی سے سکھائے گا۔اور جب تو اپنے گھر میں جا کر بیٹھا کرے گا تو تیری زبان پر ان الفاظ کا ورد ہوگا اور راستہ چلنے میں، لیٹنے اور اُٹھنے میں غرض ہر موقع پر یہ الفاظ تیرے سامنے ہوں گے۔تو نشانی کے لیے انہیں اپنے ہاتھ پر باندھے گا۔تیری دونوں آنکھوں کے درمیان یہ ایک پیشانی بند کا کام دیں گے۔اور تو اِن کو اپنے گھر کے تھموں پر اور دروازوں پر لکھے گا۔''

تورات کے آرامی زبان کے ترجمے اور تفسیر میں ایک اور عبارات اسی قسم کی ملتی ہے۔اس عبارت کے الفاظ یہ ہیں۔

CamScanner

''اسرائیلیوں کے اجتماع نے کہا ہے کہ میں تمام انسانوں میں چن لیا گیا ہوں، کیوں کہ میں نے بائیں ہاتھ اور سر پر تعویذ باندھ رکھا ہے۔اور میرے مکان کے دروازے پر مقدس آیتیں لکھی ہوئی ہیں۔مکان کا دروازہ اس طرح واقع ہے کہ میرے سونے کا کمرا اس کے مقابل آجاتا ہے۔یہ میں نے اس لیے کیا ہے کہ خراب رُوحیں آکر مجھے نقصان نہ پہنچا سکیں۔''

تعویذ کو سروں اور بازوؤں پر باندھنا یہودیوں کے مذہب کے اہم اصولوں میں سے ہے۔تعویذوں کو بہت احتیاط سے باندھا اور رکھا جاتا ہے۔یہودیوں کے فقیہوں کا دعویٰ ہے کہ تعویذ باندھنے کا حکم اتنا ہی اہم ہے کہ تمام احکام ربانی بھی مل ملا کر اِس کی اہمیت کی برابری نہیں کر سکتے۔تالمود میں لکھا ہے۔

''جو شخص اپنے سر پر یا بازو پر تعویذ باندھتا ہے یا اُسے اپنے کرتے کے دامن میں لگاتا ہے یا مقدس آیتوں کو پارچے پر لکھ کر اپنے دروازے پر لٹکاتا ہے،تو وہ شخص تمام گناہوں سے محفوظ و مامون ہے۔کیوں کہ یہ چیزیں بہترین یادداشتیں ہیں۔اس شخص کو فرشتے گناہ سے بچاتے ہیں۔جیسا کہ کتاب مقدس میں لکھا ہے کہ خدا کا فرشتہ تعویذ پاس رکھنے والوں کے چاروں طرف ڈیرے ڈالے رہتا ہے اور اِن کو مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔''

قدیم یونان اور رُوم

قدیم یونان کی طب کی تاریخ کو اگر ہم نفسیاتی یا تنویمی علاج کے نقطہ نظر سے مطالعہ کرنے بیٹھیں تو ابتدا ہی میں ایسی ڈھارس بندھتی ہے کہ پھر بہت زیادہ تلاش کی ضرورت ہی باقی نہیں رہتی۔یونان کے طبی دیوتا اسقلی بیوس کے سوانح زندگی اور اس کے مرنے کے بعد کے حالات اکثر اطباء نے پڑھے ہوں گے،لیکن اِن میں رُوحانی اور تنویمی علاج کی نوعیّتوں کو پالینا صرف اِن ہی اصحاب کا کام ہوسکتا ہے جو اپنی اِس دھن میں لگے ہوئے ہوں۔

نیم تاریخی اور بعد کی تاریخی روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ اسقلی بیوس اپنے ملک کے دوسرے بہادر اور سورما لوگوں کی طرح دیوتا قرار دیا گیا۔اور علاج معالجے کی مناسبت سے وہ طبی دیوتا ہوا۔اس کے مرنے کے بعد اس کی قبر مرجع خلائق بنی اور مریضوں نے اس پر ایسی یورش کی جو اسے اپنی زندگی میں بھی میسر نہیں ہوئی تھی۔اپی ڈارس میں جہاں اسقلی بیوس کی آخری آرام گاہ تھی،ایک عظیم الشان مندر تعمیر کیا گیا،جس کی آرائش و زیبائش کی اور داستانوں کو اگر نظر انداز بھی کر دیا جائے تو اس کی وسعت کا اندازہ صرف اس بات سے ہوسکتا ہے کہ رات کے وقت اس مندر کے احاطے کو روشن کرنے کے لیے ایک ہزار شمعیں جلائی جاتی تھیں۔یہ مندر کیا تھا بس ایک ہسپتال تھا جس میں بیک وقت ہزاروں مریض اسقلی بیوس دیوتا کے حضور نذریں چڑھانے اور اپنی صحتِ رفتہ کو واپس لانے کی التجائیں کرتے تھے۔اس مرکزی مندر کے علاوہ بعد میں اسقلی بیوس کے نام پر تمام یونان میں دوسو سے زیادہ مندر بنائے گئے،جن کی نوعیت وہی تھی جو مرکزی مندر کی تھی۔غرض دوسو ڈھائی سو سال تک یونان اور رُوم کے مریضوں کی پیشانیاں اِن مندروں میں دیوتاؤں کے سامنے جھکتی رہیں اور پجاریوں اور کاہنوں نے بھی اپنے ہاتھ جتنے وہ رنگ سکتے تھے،رنگے۔

CS CamScanner

اس موقع پر جے، بی تھیرس کا مقولہ بڑا با معنی ہے کہ ''دنیا میں مندر ہی سب سے پہلے شفا خانے تھے اور سب سے پہلے معالج اِن مندروں کے کاہن تھے۔'' یہ مقولہ شاید اسقلی بیوس اور اس کی متعلقہ روایات پر جس قدر صحیح اُترتا ہے اتنا شاید ہی کسی اور جگہ اترے۔ جو شخص بھی اسقلی بیوس کے مذکورہ مندروں کے حالات پڑھے گا اِسے ایک بات فوراً محسوس ہوگی کہ اِن مندروں میں مریضوں کے دِل و دماغ پر اسرار انداز سے کچھ ایسے نقوش بٹھا دیے جاتے تھے کہ مریض کے تمام افعال و حرکات اس کے ماتحت سرزد ہونے پر مجبور تھے۔ ان پر اسرار چیزوں کے علاوہ مندروں میں صحت کے متعلق بعض ایسی چیزیں بھی شامل تھیں جنہیں ہم موجودہ علم حفظِ صحت کی روشنی میں بھی صحیح مان سکتے ہیں۔ مثلاً غسل کرنا، بدن کی جلد کی مالش یا خاص قسم کی خوراک وغیرہ مرکزی مندر کے علاوہ اور جو مندر تعمیر کیے گئے اِن کے لیے ایسی جگہ تلاش کی جاتی تھی جو آب و ہوا، اور ماحول کے لحاظ سے موزوں ہو۔ اس سازگار ماحول کی موجودگی میں اگر ہم بہت سے ایسے مریضوں کو بھی جو اعصاب وغیرہ کی بیماریوں میں مبتلا ہوں، شفایاب ہوتا ہوا دیکھتے ہیں تو کچھ زیادہ تعجب نہیں ہوتا۔

دورانِ علاج میں سب سے اہم شخصیت کاہن کی ہوتی تھی وہی اول سے آخر تک مریض کے ساتھ رہتا تھا۔ تمام مراسم اس سے پورے کراتا تھا۔ مندر اور دیوتا کی شفا بخشی کی حکایتیں سناتا تھا اور پھر مندر کا تمام ماحول اس قسم کا ہوتا تھا کہ غیر معتقد شخص بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا تھا۔ مندروں کی دیواروں پر مریضوں کی کامیابیوں کی داستانیں اس کو چاروں طرف دکھائی دیتی تھیں۔ ان سب باتوں پر مستزاد یہ کہ مندر میں ایک خاص طریقہ بندھا ہوا تھا کہ مریض مراسم سے فارغ ہو کر کاہن کے بتائے ہوئے وقت پر سوتا ہے اور خواب میں وہ دیوتا سے ہمکلام ہوتا ہے۔ اور اس سے عرض مدعا کر کے اپنے مرض کا مداوہ طلب کرتا ہے۔ خواب سے بیدار ہونے کے بعد کاہن کی تعبیر دینا اور پھر مریض کا بتائی ہوئی باتوں پر عمل کرنا، یہ سب باتیں ایسی ہیں جو ایک خاص انداز سے شروع ہوتی ہیں اور ایک خاص نتیجے پر ختم ہو جاتی ہیں۔

اسقلی بیوس پر دیوتا کا جامہ کچھ ایسا راس آیا کہ تقریباً ڈھائی سو سال تک پھر کسی سورما کا چراغ نہیں جل سکا۔ آخر اُسی کے خاندان کے ایک چشم و چراغ بقراط کے دَم سے یہ سحر ٹوٹا اور پھر سقراط، افلاطون، ارسطو اور جالینوس کے زمانوں میں یونان اور رُوم کے اندر اسقلی بیوس کے مندروں کی رونق ختم ہی ہوگئی۔ وہ مندر، جو اپنے زمانے میں شفا خانے تھے اور جن کی دیواروں کے کتبے بقول مقالہ نگار انسائی کلوپیڈیا برٹانیکا مرض اور مریض کی رُوئداد مرتب کرنے کے سب سے پہلے مظہر ہیں، اُجڑ گئے۔

قدیم ایران

قدیم ایران کے معاشی اور معاشرتی کوائف اور مذہبی طور طریقوں کی تفصیلات گمنامی کے پردے میں کچھ اس طرح چھپی ہوئی ہیں کہ صحیح معلومات کا شائق اس ملک کے متعلق ہمیشہ تھک تھکا کر رہ جاتا ہے۔ آپ خواہ انسائی کلوپیڈیا برٹانیکا پڑھ جائیے یا پرسی سائکس کی ''ہسٹری آف پرشیا'' کا مطالعہ کیجیے۔ شاہ نامہ فردوسی دیکھ لیجیے۔ شہرستانی اور ابن خلدون کی ورق گردانی کر لیجیے۔ کسی میں بھی آپ کو بادشاہوں کے جنگی کارناموں اور سطحی سیاسی حالات کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔

حقیقت یہ ہے کہ قدیم ایران ڈھائی ہزار سالہ قومی زندگی میں کبھی بھی مذہب اور طب کا اپنا کوئی ایسا نظام نہیں رکھتا تھا جس نے دنیا کے تمدن پر بحثیت مجموعی اثر ڈالا ہو۔ مذہب کے متعلق تو خیر زردشت کی شخصیت نے قدیم ایران کا کچھ بھرم رکھ لیا ہے لیکن کسی مؤثر نظامِ طب کے سلسلے میں قدیم ایران کا نام کسی ذکر وفکر کی دعوت ہی نہیں دیتا۔

زردشت سے پہلے قدیم ایران میں مذہب کا جو نظام جاری تھا وہ سراسر اشوریہ اور بابل کے تمدنوں اور اس کے بعد یونان کی تہذیب کی خوشہ چینی پر مبنی تھا۔ جو دیوی یا دیوتا بابل میں لوگوں کی مذہبی عقیدت کا خراج وصول کرتے تھے، تقریباً وہی قدیم ایران کے لوگوں کی رُوحانی تسلی وتشفی کیا کرتے تھے۔ بعل بابل کا ایک مشہور دیوتا تھا جو ایران میں بھی پوجا جاتا تھا اور مکے میں کعبے کے اندر بھی لوگوں کے سر اِسی کے سامنے جھکتے تھے۔ زردشت نے مذہب کا جو نظام جاری کیا وہ اگرچہ بعض خصوصیتوں کی وجہ سے ممتاز ہے لیکن اس میں نوعِ انسان کی عام رُوحانی تشفی کا کوئی سامان موجود نہیں تھا۔ اس مذہب کو عارضی طور پر شاہ گستاسپ کی مادی امداد کی بدولت کچھ عروج حاصل ہوا، لیکن قدیم ایران کا یہ کبھی بھی واحد مذہب نہیں رہا، اور اَب تو اس کے نام لیوا گنے چنے ہی دکھائی دیتے ہیں اور ان میں سے بھی اکثر پردیسوں میں محض شکم پری کر رہے ہیں۔

اگر ہمیں قدیم ایران کے مذہبی طور طریقوں اور علاج معالجے کی تفصیلات معلوم ہوتیں تو یقیناً نفسیاتی علاج اور تنویم وغیرہ کی نوعیتیں بھی ان میں سے ہم اُسی طرح نکال لیتے ہیں جس طرح اس کے پیش رو یا ہم روتمدنوں میں سے نکالی گئی ہیں۔ یہ باور کرنے کے عقلی اسباب موجود ہیں کہ قدیم ایران کے معبدوں اور مندروں میں کاہن اور پجاری اُسی طرح مصروف کار رہوں گے، جس طرح بابل اور اشوریہ اور مصر وغیرہ میں تھے۔ اُسی طرح وہ بیمار لوگوں کا علاج کرتے ہوں گے۔ جھاڑ پھونک کے طریقے بھی رائج ہوں گے۔ دیوتاؤں سے صحت اور زندگی کی منتیں اور دُعائیں بھی مانگی جاتی ہوں گی اور روگ کے شیطانوں کو دُور کرنے کے لیے منتر جپے جاتے ہوں گے۔

رابرٹ مینز لارنس نے اپنی کتاب ''پریمٹو سائیکوتھراپی اینڈ کویکری'' میں ایک جگہ لکھا ہے کہ قدیم ایران کی کیلٹی قوم کے پجاری اوز مجوسی بھی عجیب شفاء بخش قوتیں رکھتے تھے۔ وہ اپنے مریضوں کو ڈنڈا گھما کر بے ہوش کر دیتے تھے۔ اور جب مریض اس طرح بے ہوش ہو جاتا تھا تو وہ دور دور کی باتیں بتا دیتا تھا۔ اور اس میں غیب دانی پیدا ہو جاتی تھی۔ اس کے علاوہ یہ لوگ مریض کو انگلیوں سے چھو کر بھی تن درست کرتے تھے اور اس چھونے کا اثر خاص طور سے گٹھیا کے مریضوں میں ظاہر ہوتا تھا۔

قدیم چین

چینی طب کے متعلق ہمیں بعض کتابوں میں ایسے اقوال بھی ملتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ طب مصری اور بابلی طب سے بھی پرانی ہے اور شہنشاہ ہوانگ ٹی نے دواؤں کے استعمال کو رواج دیا۔

چینی طب کے متعلق مبصرین کا قول ہے کہ باوجود اس کے کہ چین قدیم کے مذہبی رسم ورواج آزادانہ غور وفکر میں مانع تھے لیکن چینیوں نے طب میں اس حد تک ترقی کی جس حد تک کہ خاصی ذہین قومیں کر سکتی تھیں۔ چینی اپنے عقیدے کے لحاظ سے اس بات کے قائل

CS CamScanner

تھے کہ دنیا کی ہر چیز میں ایک روح موجود ہے۔ان کا عقیدہ تھا کہ حیوانی مظاہر ایک غیر مادی روح کے پیدا کیے ہوئے ہیں اور تمام چیزیں دیوتاؤں اور مردوں کی روحوں کی پیدا کی ہوئی ہیں اور شیطان یا خراب روحیں چپے چپے پر ان گنت تعداد میں پھیلی ہوئی ہیں تمام کائنات اپنے تاؤ کے عمل سے خود بخود پیدا ہوئی ہے۔" تاؤ دو روحوں ین اور یانگ سے مرکب ہے۔یانگ تو روشنی،حرارت،تخلیق زندگی اور آسمانی کرہ کا خالق ہے اور تمام اچھی باتیں اس سے سرزد ہوتی ہیں۔اس کے برخلاف ین تاریکی،سردی اور موت سے عبارت ہے۔اور اگر زمین ینگ نے نہ پیدا کی ہوتی تو یہاں سوائے تاریکی،موت اور سردی کے کچھ نہ ہوتا۔ینگ اور ین غیر محدود اور لاتعداد روحوں میں تقسیم ہیں۔یہ روحیں علیحدہ علیحدہ طور پر اچھی اور بری دونوں قسم کی ہوتی ہیں جن کو چینی علی الترتیب شیس اور کووی کہتے ہیں۔ہر شخص میں پیدائش کے وقت یہ دونوں روحیں پھونک دی جاتی ہیں اور مرنے کے وقت اس سے علیحدہ ہو کر ینگ اور ین کے پاس چلی جاتی ہیں۔اس طرح گویا انسان دو قسم کی روحوں کا مرکب ہے۔اور رتبے میں کائنات اصغر ہے جو کائنات اعلیٰ سے خود بخود پیدا ہوا ہے۔''

چینیوں کا یہ اعتقاد بھی ہے کہ دو انسانوں کو دو جنسوں میں تقسیم کرتا ہے۔اور خاص خاص انسان روحانی دنیا کے علاقے کی نسبت سے ایسی قوتیں اور قابلیتیں رکھتے ہیں جو اور آدمی نہیں رکھتے۔دو کی نظر عنایت جن مخصوص لوگوں پر ہوتی ہے ان میں معالج اور طبیب بھی شامل ہیں۔یہ طبیب سحر اور جادو کے علاوہ ایسی جڑی بوٹیاں بھی استعمال کرتے ہیں جو موت کو دور رکھنے والی ہوتی ہے۔قدیم زمانے سے اب تک دو کے متعلق اس قسم کے اعتقادات میں بہت سی تبدیلیاں چینیوں میں ہوئی ہیں لیکن بنیادی خصوصیات ان کی وہی ہیں۔یہ اعتقادات ہمیں کنفیوشس اور اس کے بعد علم و ادب میں بھی ملتے ہیں۔بہت سے منتروں اور جھاڑ پھونک کے طریقوں کے علاوہ چین کے یہ طبیب بعض نظمیں بھی یاد رکھتے تھے۔وہ انھیں مریضوں کے سامنے خاص انداز سے پڑھتے تھے۔ڈی گروٹ نے لکھا ہے کہ "ان نظموں میں ہان یو ایک نظم غیر معمولی طور پر مشہور اور رائج تھی اور اس نظم کا جادو کا اثر ہوتا تھا اور بخار کا شیطان جو خاص طور سے موسمِ خزاں میں سر ابھارتا تھا اس نظم کے روحانی اثر سے صاف شفاف اور گہرے سمندر میں بھاگ جانے پر مجبور کر دیا جاتا تھا۔''

قدیم ہندوستان

وسطِ ایشیا سے آریہ قبائل شمال مغربی راستوں سے جب ہندوستان میں داخل ہوئے تو وہ اپنے ساتھ کس قسم کے مذہبی خیالات اور معتقدات لائے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے کہ جس کے متعلق قیاس آرائی کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے۔قیاس یہ کہتا ہے کہ وہ اپنے مرز بوم میں مذہبی معتقدات کی بالکل ابتدائی منزلوں سے گزر چکے تھے۔خدا کے متعلق اگرچہ ان کا عقیدہ واضح نہیں تھا لیکن چاند،سورج،ستاروں اور قوی وایذا رساں جانداروں کی پرستش عام تھی اور غالباً یہ آریہ قبائل مصرِ قدیم کے مذہبی معتقدات سے بہت کچھ متاثر ہوئے تھے کیوں کہ جب وہ نقل مکان کر رہے تھے تو اس وقت مصر کی تہذیب اور اس کا تمدن بہت سی منزلیں طے کر چکا تھا،اور اس کا مذہبی یا رُوحانی اثر شاید اس کے مادی اثر سے کہیں زیادہ قرب و جوار کی مختلف اقوام کو،جن میں وسطِ ایشیاء کے آریہ قبائل بھی شامل ہیں،متاثر کر رہا تھا۔یہی وجہ ہے کہ ہمیں مصری اور ہندوستانی قصص و روایات میں ایک قسم کا اشتراک ملتا ہے۔

CS CamScanner

ہندوستان میں آرایوں کا داخلہ ایک فاتح اور تازہ دم گروہ کی صورت میں ہوا۔انھوں نے یہاں کی برسرِ حکومت تورانی قوام کو برسرِ کار دراوڑی اقوام کوزیرزبر کیااور آخر کاران سب کومغلوب کر کے وسطِ ہند یا جنوبی ہند کی طرف دھکیل دیایاانھیں بالترتیب دیش وشودر کا درجہ دے دیا۔

ہندی آرایوں کومذہبی جولائیوں اور مافوق الفطری چیزوں پرخیال آرائی کرنے کے لیئے وہی زمانہ راس آیا جب کہ وہ شمالی ہند میں اپنی حکومتیں قائم کررہے تھے اوران کومعیشت کی طرف سے ہندوستان کی زرخیز زمین نے بےفکراور مطمئن کردیا تھا۔

اس زمانے میں جس کا سرسری خاکہ ہم نے اوپر کھینچا ہے،روگوں کودور کرنے اورعلاج معالجے کا بندوبست اور کیا طوروانداز تھا؟ عوام کی روحانی ضرورتوں کے ساتھ کیاان کی جسمانی حاجتوں کا بھی خاطرخواہ خیال رکھا گیا تھا؟ ان سوالوں کے جواب میں "مقدس اور الہامی" آیورویدہی کوپیش کیا جاسکتا ہے۔

آیورویدکواس کے ماننے والے کوئی استقرائی اور تجربی عمل نہیں مانتے۔ان کے خیال میں یہ عمل الہامی ہے۔وہ اس کی ابتدا کو برہماجی سے منسوب کرتے ہیں اوراسکی تعلیم واشاعت کا سلسلہ اس طرح بیان کرتے ہیں کہ برہماجی سے دکھش پرجاپتی نے اس عمل کی تحصیل کی اور دکھش پرجاپتی سے اشونی کُماروں نے یہ عمل سیکھا۔اوراشونی کُماروں سے مہاراج اندر نے آیورویدکوسیکھا۔مہاراج اندر سے یہ علم کس کو پہنچا۔اس کے متعلق دورائیں ہوگئی ہیں۔ایک گروہ کا خیال ہے کہ مہاراج اندر کے زمانے میں پہلے تواس علم بڑاعروج ہؤا۔پھر جب کچھ مدت بعداس کوزوال آگیا تو بہت سے رشی ہمالیہ پراکٹھے ہوئے اورانھوں نے آپس میں مشورہ کر کے بھاردواج رشی سے یہ خواہش کی کہ وہ مہاراج اندر سے اس علم کوسیکھ کراس کا پرچار کریں۔چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا اور مہاراج اندر سے یہ علم سیکھ کر دوسرے رشیوں کو سکھایا۔اس رشیوں میں سے ایک رشی آتری نے اپنے چھ شاگردوں کو یہ علم سکھایا اوراس طرح آیوریدنے اشاعت پائی۔دوسری روایت یہ ہے کہ مہاراج اندر نے سورگ میں بیٹھے بیٹھے ایک دفعہ جواس دنیا پرنظرڈالی تو معلوم ہوا کہ اس دنیا میں بہت لوگ دکھی اور روگی ہورہے ہیں۔ان سے نہ رہا گیا اور انھوں نے دیوتاؤں کے ربانی دید مہاراج دھن ونتری سے فرمایا کہ وہ دنیا میں جاکرلوگوں کے دکھ ورد کودور کریں۔چنانچہ انھوں نے مہاراج اندر کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اس دنیا کی راہ لی اور راجہ بنارس کے ہاں جنم لے کر دیوداس کا روپ دھارن کیااوراس نیک کوانجام دیا۔

برہماجی سے لے کر بھاردواج تک اور پھر دھن ونتری تک یہ علم زبانی ہی رہا۔لیکن بھاردواج کے شاگرداتری نے اوردھن ونتری کے شاگرد سشرت نے اس کوکتابی علم بنایا۔سب سے پہلے آتری نے علمِ طب میں "آتری سنھتا"اور سشرت نے علم جراحی میں "سشرت سنھتا" لکھی۔

آیورویدیعنی علم الشفاء کی پیدائش اوراس کے عام ہونے کی جوکیفیت اوپر درج وہ کسی تبصرے کی محتاج نہیں۔

اب ہم آیوروید کی سب سے پہلی مستندطبی تصنیف سشرت سنھتا کی طرف رجوع کرتے ہیں اوردیکھتے ہیں کہ طب،مرض اورعلاج

CamScanner

معالجے کے سلسلے میں اس کتاب کی نوعیت کیا ہے اور ہمارے خاص مقصد نفسیاتی علاج اور تنویم کے بارے میں بھی یہ کچھ کہتی ہے یا نہیں۔

نفسیاتی علاج سے منتر، بھجن، بھوت پریت اور ٹوٹکے ٹونوں کا جس قدر گہرا تعلق ہے اسے ہم اپنے عنوانوں میں بتا چکے ہیں۔ سشرت سنہتا ہمارے وید بھائیوں کے نزدیک بڑی اہم طبی تالیف ہے۔ بلکہ وہ آیورویدکا ایک ستون ہے جس پر ہندی طب کی عمارت قائم ہے۔

سشرت میں امراض کے نفسیاتی اسباب پر بھی مباحث ہیں اور علاج معالجے میں دواؤں کے ساتھ ساتھ نفسیاتی علاج اور مخصوص گیت اور منتر وغیرہ بھی تجویز کیے گئے ہیں۔ سشرت میں امراض کے اسباب میں بھوت پریت وغیرہ کے اثر کو بھی داخل کیا گیا ہے۔ چنانچہ سشرت کے اتباع میں اطبائے ہند کی رائے میں بچوں کی بہت سی بیماریاں آسیب کے اثر سے پیدا ہوتی ہیں۔ ان آسیبوں میں بعض مذکر اور بعض مونث اور ہر آسیب کا نام بھی الگ الگ رکھا گیا ہے۔ ویدک کی کتابوں میں بچوں کے آسیب کو "بال گرہ" کے نام سے یاد کیا گیا ہے اور آسیب زدہ بچوں کی علامتیں اور ان کے عجیب وغریب علاج ان میں تفصیل سے ملتے ہیں ٹونوں، ٹوٹکوں، منتروں اور صدقوں وغیرہ سے کام کیا جاتا ہے۔ گینڈے، بھیڑئے، سانپ، شیر اور ریچھ وغیرہ جانوروں کے چمڑوں، بالوں اور گدھ الو اور ہند روغیرہ لی مینگنیوں کی دھونیاں بھی علاج معالجے میں شامل ہیں۔

اسلام کی نظر میں رُوحانی علاج

مذہبی نقطہ نگاہ: اسلام سے پہلے عرب کے باشندے رفعِ امراض کے لئے جھاڑ پھونک اور سحر وغیرہ سے کام لیتے تھے۔ وہ اپنی عبادت گاہوں میں جا کر بتوں سے بھی صحت کی التجائیں کرتے تھے۔ گنڈی تعویذ بھی کرتے تھے۔ واقعہ کتبِ تاریخ میں موجود ہے کہ اس نے اپنی بیٹی امّ غیلان کی شادی ابلق نامی ساحر کے ساتھ اس وجہ سے کر دی تھی کہ اس کو اپنے ساحرانہ طریقوں سے پتی کے مرض سے نجات دلائی تھی۔

سلبِ مرض یعنی کسی مادی تدبیر کے بغیر روحانی طاقت سے مرض کو دور کر دینا کم وبیش ہر مذہب میں پایا جاتا ہے۔ مسلمانوں میں سلبِ مرض کا رواج عام ہے۔ ۷۵ فی صدی مسلمان یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ مادی دوائیں اور تدبیریں جس طرح امراض کو دور کرتی ہیں اسی طرح روحانی طاقتیں اس سلسلے میں کارفرما ہیں۔ مسلمانوں کا یہ عقیدہ جہاں تک ہمارا خیال ہے، قرآن وحدیث کی تعلیمات پر مبنی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے صدہا مواقع پر اپنی روحانی قوت سے سلب مرض فرمایا ہے۔ صحاح ستّہ میں اپنی اپنی جگہ پر ایسی حدیثیں موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت محمد ﷺ نے سلبِ مرض فرمایا اور مریض فوراً تن درست ہو گیا۔ حضرت محمد ﷺ سلبِ مرض کے لئے لعاب دہن استعمال فرماتے تھے یا اپنے ہاتھ سے درد کی جگہ چھوتے یا کچھ دعا اور آیاتِ قرآنی پڑھ کر دم فرماتے تھے۔ چناں چہ مسلمانوں میں سلبِ مرض کے جو طریقے رائج ہیں۔ ان میں محض قوتِ ارادی کے ساتھ ہاتھوں کو جنبش دینا نہیں ہے بلکہ قوتِ ارادی کے ساتھ زبان سے بھی کچھ پڑھا جا سکتا ہے اور عقل کا تقاضا ہے کہ سلبِ مرض کا یہ طریقہ دوسرے طریقوں سے زیادہ مؤثر ہو، کیوں کہ سلبِ مرض اسی صورت میں ممکن

CS CamScanner

اور آسان ہے کہ مریض عامل پر پورا بھروسہ رکھتا ہو۔وہ چوں کہ آیاتِ قرآنی کو خدا کا کلام سمجھتا ہے۔اس لیے عامل کے متعلق اس کا یہ عقیدہ راسخ ہو جاتا ہے کہ اس عمل میں اس کی روحانی طاقت کے ساتھ خدا کے کلام کی قوت بھی شامل ہے۔کلامِ الٰہی کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ وہ "شفا" ہے۔کیوں کہ قرآن میں یہی بتایا گیا ہے۔بہر حال روحانی طاقتوں سے سلبِ مرض کا انکار جس طرح موجودہ تنویمی اور حیواناتی مقناطیسیت کی تجربات کی روشنی میں نہیں کیا جا سکتا،اسی طرح مسلمانوں کے عقیدوں پر بھی انگلی اٹھانے کا موقعہ نہیں ہے۔

ذیل میں چند واقعات معتبر کتابوں سے نقل کیے جاتے ہیں جو امید ہے کہ ناظرین کی دل چسپی کا باعث ہوں گے۔

جنگِ خیبر میں جب محاصرے نے طول کھینچا تو حضرت رسول خدا نے فرمایا کہ کل میں ایسے شخص کو حملہ آور فوج کا سردار بناؤں گا جو قلعے کو فتح کر کے رہوں گا اور جو اللہ تعالیٰ اور اس نے رسول ﷺ کو بہت محبوب ہے۔دوسرے دن لوگ حضرت کی خدمت حاضر تھے اور دل ہی دل میں کہہ رہے تھے کہ دیکھیے یہ سعادت کس کے نصیب میں آتی ہے۔حضرت رسول ﷺ خدا نے حضرت علی کو یاد فرمایا۔عرض کیا گیا کہ انھیں آشوب چشم کی ایسی تکلیف تھی کہ سر نہیں اٹھا سکتے تھے۔حضرت محمد ﷺ نے اپنا لعاب دھن حضرت علی کی آنکھوں میں لگا کر دعا فرمائی۔حضرت علی کی آنکھیں آن کی آن میں اچھی ہو گئیں کہ گویا کبھی انھیں شکایت ہی نہ تھی۔چناں چہ آپ کو جھنڈا دیا گیا اور خیبر کا قلعہ آپ کے ہاتھ پر فتح ہوا۔امام بخاری نے جنگِ خیبر کا ایک واقعہ صحیح بخاری میں نقل کیا ہے کہ یزید ابن عبید نے حضرت سلمہ کی پنڈلی میں تلوار کا نشان دیکھ کر پوچھا کہ یہ کیا ہے انھوں نے فرمایا کہ جنگِ خیبر میں یہ زخم آیا تھا اور مشہور ہو گیا تھا کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔میں آں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے تین دفعہ اس زخم پر دم کیا جس سے میں بالکل اچھا ہو گیا اور آج تک کوئی شکایت پیدا نہیں ہوئی۔

جریر بن عبداللہ ایک صحابی فرماتے ہیں کہ میری جسمانی حالت ایسی تھی کہ میں گھوڑے پر اچھی طرح نہیں بیٹھ سکتا تھا۔میں نے اپنی یہ معذوری آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عرض کی۔آپ نے میرے سینے پر دستِ مبارک سے تھپکی دی اور زبان اقدس سے فرمایا اللھم ثبته واجعله هادیامهدیا اس کے بعد میں اچھی طرح گھوڑے پر سوار ہونے لگا اور مجھے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوئی۔

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ ازواج مطہرات کو اگر درد کی شکایت ہوتی تو سرور عالم درد کی جگہ دستِ مبارک رکھ کر یہ دعا پڑھتے اذهب الباس رب الناس واشف انت الشافی فی الاشفاء الاشفاء ك لایغاد رسقماً۔

آنحضرت ﷺ کے زمانے میں آنحضرت ﷺ کے بعد صحابہ کرام بھی سلبِ مرض کرتے تھے اور بعض اوقات ان کے عمل اور دعا کی برکت سے مہلک امراض دور ہو جاتے تھے۔ایک واقعہ صحاح ستہ میں منقول ہے کہ چند صحابی سفر کر رہے تھے ایک بستی میں ان کا گزر ہوا۔انہوں نے چاہا کہ بستی والے ان کو اپنا مہمان بنائیں لیکن بستی والوں نے ان کے ٹھیرانے سے انکار کر دیا۔اتفاق کی بات کہ اس بستی کے سردار کو سانپ نے کاٹا۔اُنہوں نے ہر ممکن تدبیر کی لیکن سردار شفایاب نہ ہوا۔وہ لوگ سراسیمہ اِن اصحاب کے پاس آئے اور سب حال سنا کر کہا کہ تم لوگ کوئی تدبیر جانتے ہو،تو بتاؤ۔ایک صحابی نے کہا میں سانپ کے کاٹے کا منتر جانتا ہوں لیکن تم لوگوں نے ہمارے ٹھہرانے سے انکار کیا اس لیے میں اُجرت لیے بغیر منتر نہیں پڑھوں گا۔آخر کار گفت وشنید کے بعد تیس بکریوں پر معاملہ طے ہوا۔وہ صحابی مار گزیدہ کے

پاس گئے اور سورہ فاتحہ پڑھ کر کاٹی ہوئی جگہ پر دَم کرنے لگے۔تھوڑی دیر میں وہ شخص بالکل تندرست ہوگیا۔یا بے ہوش پڑا تھا، یا چلنے پھرنے لگا۔قرارداد کے مطابق بستی والوں نے تیس بکریاں پیش کیں۔

طبِ اسلامی کا طرزِ عمل

ظہورِ اسلام سے پہلے عرب میں علاج معالجے کے جو طریقے رائج تھے، اُن کی تفصیلات ہم اوپر کے عنوان میں دے چکے ہیں۔ تعویذ، سحر اور ٹوٹکوں کا عام رواج تھا۔ بتوں سے منتیں مانی جاتی تھیں اور اس کے علاوہ جو باتیں جاہلیت کی ہو سکتی تھیں، وہ سب اہل عرب میں موجود تھیں۔حارث ابن کلدہ شاید عرب کا پہلا با قاعدہ طبیب تھا جو جندی شاپور کے مشہور مدرسہ طب کا تعلیم یافتہ اور جو حضرت محمد ﷺ کا ہم عصر تھا۔ظہورِ اسلام کے بعد جہاں اہل عرب کی زندگی کے تمام شعبوں میں انقلاب آیا، وہاں طب اور طریقہ علاج نے بھی اپنا رُخ بدلا۔سحر جادو، ٹونے ٹوٹکے اور گنڈوں کا خاتمہ ہوا اور اس کی جگہ ایک ایسے نقطہِ اعتدال نے لے لی جو ہر طرح قابلِ ستائش تھا، اور جو دُعا اور دوا کے یکساں مؤثر ہونے کا علم بردار تھا۔پیغمبر اسلام ﷺ اگر چہ کسی نئے نظامِ طب کی داغ بیل ڈالنے نہیں آئے تھے، لیکن ان کے متوازن تفکر نے نہ صرف طب اور حفظ صحت کے متعلق معاشرتی اعتبار سے صحیح قسم کا زاویہ نگاہ پیش کیا بلکہ حقیقتاً اِن علوم کا صحیح ذوق بھی (العلم علمان، علم الابدان و علمُ الادیان) کہہ کر پیدا کر دیا۔یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے (علم الابدان) کو کبھی بھی پس پشت نہیں ڈالا، اور اس میں آہستہ آہستہ ایسی ترقیاں کیں جو اَب تک دنیا سے خراجِ تحسین وصول کر رہی ہیں اور جن کی خوشہ چینی یورپ بھی ایک ہزار سال تک کرتا رہا ہے۔

پیغمبر اسلام نبی کریم ﷺ طب اور حفظِ صحت کے متعلق جو خیالات رکھتے تھے، ان کا اندازہ احادیث کی کتب سے کیا جاسکتا ہے۔اِن کتب احادیث میں ہر موضوع بحث کو کتاب اور ہر روایت کو ایک باب قرار دیا گیا ہے۔حدیث کی مقبول ترین کتاب صحیح بخاری کی چوتھی جلد کے شروع میں دواؤں اور مریضوں کے متعلق دو کتابیں وقف کی گئی ہیں، جو اَسی ابواب پر مشتمل ہیں۔ان ابواب میں مریض کی عیادت، اس کی حوصلہ افزائی، بیمار کی رُوحانی تسکین، نظر بد کو دُور کرنے کے طریقے، سحر جادو سے بچنے کے متعلق ارشادات اور حفاظی دُعاؤں وغیرہ عنوانات پر ہدایات دی گئی ہیں۔

پیغمبر اسلام ﷺ نے اگر چہ (داءٍ دواءٌ) فرما کر طب کی ترقی کی بنیادوں کو مضبوط کر دیا تھا، لیکن خود آپ نے تین طریق علاج ارشاد فرمائے۔

1۔شہد کا استعمال

2۔حجامت بالنار

3۔کی یا دغنا

داغنے کے متعلق آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اس کو یا تو ترک کر دیا جائے یا اس سے بہت کم کام لیا جائے۔

احادیث شریف میں اونٹنی کا دودھ، ایلوا، شیر خشت وغیرہ کا بھی ذکر پایا جاتا ہے۔اور آنکھ کی بیماریوں کے لیے سرمے اور زخموں

CamScanner

سے خون روکنے کے لیے جلی ہوئی چٹائی کی رکھ بتائی۔ دردِ سر،شقیقہ،آشوب چشم،جذام،ذات الجنب،وباء اور بخار وغیرہ کا تذکرہ بھی احادیث میں ملتا ہے۔حضورﷺ نے صحابیوں کو مشورہ دیا کہ وہ کسی ایسے ملک میں نہ جائیں جہاں وباء پھیلی ہوئی ہو،لیکن اگر ان کے شہر یا بستی میں وباء پھیل جائے تو اس کو بھی نہ چھوڑیں۔اِن مفید اور صحیح ہدایات کے علاوہ اسلام میں بے شمار ایسے مذہبی احکام پائے جاتے ہیں ،جن کو اگر صحت اور حفظِ صحت کی کسوٹی پر پرکھا جائے تو وہ حیرت انگیز طور پر صحیح اُترتے ہیں۔

نویں اور دسویں صدی ہجری کی مسلم شخصیات کی تصنیفات میں ہمیں ''رُوحانیت'' کی جھلک ملتی ہے۔اور یہ جھلک پوری روشنی میں اس وقت تبدیل ہوتی ہے جب داؤد بن عمر الالظا کی نے اپنے "تذکرہ اولی الالباب والجامع للعجب العجاب" کو طب،سحر ،افسون،نجوم،جفر،رمل اور کیمیا وغیرہ کا مجموعہ بنایا۔اس کے بعد امام جلال الدین سیوطیؒ نے حکمت اور رُوحانی علوم پر "فی الطب والحکمت" لکھی۔

باب نمبر 1

باب تشخیص الامراض

تشخیص اور علاج

1۔جب آپ کسی مریض کے حال کو پہچاننا چاہیں۔کیا اُس پر کسی انسان یا جن وغیرہ کی نظر بد ہے۔تو اُس کے پہنے ہوئے کپڑے کو لیں۔پھر اُس پر سورہ فاتحہ اور سورہ ہمزہ پڑھیں۔سورہ فاتحہ اور سورہ ہمزہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔إِيَّاكَ نَعْبُدُ وإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔اهدِنَــــا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنعَمتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْن۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ۔الَّذِىْ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهٗ۔يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهٗ أَخْلَدَه۔كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِيْ الْحُطَمَة۔وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۔نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ۔الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۔إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَة۔فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔

پڑھنے کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھیں۔

"اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَامَيْمُوْنُ يَااَبَانُوْخٍ اَنْ تَنْزِلَ عَلَى الْاَثْرِ وَتُبَيِّنَ مَابِصَاحِبِهٖ اِنْ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَقَصِّرُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ الْاِنْسِ فَطَوِّلُوْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ اللّٰهِ فَاَبْقِهٖ عَلى حَالِهٖ وَبِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَة

پھر کپڑے کی دوبارہ پیمائش کریں۔

اگر وہ چھوٹا ہو جائے تو مریض پر آسیبی اثرات ہیں۔

علاج کے لیے درج ذیل لکھیں۔

"وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ حِجَاباً مَّسْتُوراً۔وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِيْ آذَانِهِمْ وَقْراً وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِيْ الْقُرْآنِ وَحْدَهُ وَلَّوْا عَلَى أَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا۔" (سورہ بنی اسرائیل:۴۵تا۴۶)"أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثاً وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۔" (سورہ المومنون:۱۱۵)"يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَان۔فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَان۔يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَان۔"(سورہ الرحمٰن:۳۳تا۳۵)

اوراس کے ساتھ معوذتین اور سورہ فاتحہ لکھیں اور مریض پہن لے۔

معوذتین اور سورہ فاتحہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِيْ الْعُقَدِ۔ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔مَلِكِ النَّاسِ۔إِلَهِ النَّاسِ۔مِن شَرِّ

CamScanner

الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔اهدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ۔

اور اگر کپڑے کی پیمائش بڑھ جائے۔تو مریض پر سحر جادو کا اثر ہے۔

تو اس کے لیے سورہ تکویر پوری لکھیں۔سورہ تکویر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ۔وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۔وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۔وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۔وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ۔وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ۔ وَإِذَا الْمَوْؤُودَةُ سُئِلَتْ۔بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ۔وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ۔وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۔وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ۔وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۔عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ۔ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ۔الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۔وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۔وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۔إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ۔ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۔مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۔وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ۔وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۔ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ۔وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ۔فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ۔إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۔لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ۔وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۔

اور اگر کپڑے کی پیمائش بدستور رہے۔تو مرض جسمانی ہے۔

علاج کے لیے آیات شفا اور سورہ حشر کی آخری آیات لکھیں۔آیات شفا اور سورہ حشر کی آخری آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔"وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ۔"(سورہ توبہ:۱۴)''وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ۔"(سورہ یونس:۵۷) "يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ ۔"(سورہ النحل:۶۹)"وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۔"(سورہ بنی اسرائیل:۸۲) "وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ۔"(سورہ الشعراء:۸۰)"قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۔"(سورہ حم سجدہ:۴۴)"لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ۔لَوْ أَنزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ۔ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ ۔هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ۔هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۔"(سورہ الحشر آخری آیات)

2۔مرض کا سبب کیا ہے؟

جب مریض کی حالت جاننا چاہیں کہ مرض کا سبب کیا ہے تو مریض کے کپڑے کی پیمائش کریں۔پھر پڑھیں۔

"اَنُوخٍ اَنُوخٍ، اَرُوخٍ اَرُوخٍ، طَلْمَخٍ طَلْمَخٍ،هَيُشٍ هَيُشٍ،قَيُشٍ قَيُشٍ، اَعْلَمْ مَعْلُومٍ اِنْزِلْ يَاشَيْطَعُوْنِ وَاكْشِفْ لَنَا

هٰذَاالْاَثَرَ اِنْ کَانَ نَظْرَةً مِّنَ الْاِنْسِ فَطَوِّلُوْهُ وَاِنْ کَانَ نَظْرُهٗ مِنَ الْاَرْضِ قَصِّرُوْهُ وَاِنْ کَانَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَخَلَوْهُ عَلٰی حَالِهٖ بِحَق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۔الَّذِىْ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهٗ ۔يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ ۔ كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِىْ الْحُطَمَة۔وَمَا اَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۔ نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ ۔الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْئِدَةِ ۔اِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۔فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔ (سورہ ہمزہ)

پھر دوبارہ پیمائش کریں۔

اگر کپڑا بڑھ جائے تو پھر وہ انسان کی نظر بد کا اثر ہے۔

اگر کپڑا چھوٹا ہو جائے تو جنات وشیاطین کا اثر ہے۔

اور اگر برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

3۔مرض کی تشخیص کا طریقہ

مریض کی قمیص یا رومال لے کر اُس کے ایک طرف گرہ لگائیں اور پیمائش کریں۔اور یہ پڑھیں۔

”اَقُشٍ، مَقُشٍ، شَقُمُوْشٍ ،عَجْلِيْخِ عَجْلِيْخِ، اِنْزِلْ يَا اَبَانُوْخٍ وَاَنْتَ يَامَيْمُوْنُ وَاَنْتُمْ يَاخُدَّامَ هٰذَاالْاَسْمَاءِ عَلٰی هٰذَاالْاَثَرِ وَبَيِّنُوْا لِیْ مَابِصَاحِبِهٖ فَاِنْ کَانَ مِنَ الْاِنْسِ فَطَوِّلُوْهُ وَاِنْ کَانَ مِنَ الْجِنِّ فَقَصِّرُوْهُ وَاِنْ کَانَ مِنَ اللّٰهِ فَـابْقُوْهُ عَلٰی حَالِهٖ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الشَّرِيْفَةِ عَلَيْكُمْ وَطَاعِتِهَا لَدَيْكُمْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ۔“

پھر دوبارہ پیمائش کریں۔

اگر بڑھ جائے تو انسان کی طرف سے مرض ہے۔

اگر کم ہو جائے تو جنات کی طرف سے ہے۔

اگر برابر رہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

اگر ظاہر ہو جائے کہ وہ انسانی مرض ہے تو عمل کو دوبارہ دہرائیں۔اور اُس کے حال کے کشف کو معلوم کریں۔کیا وہ حسد سے ہے۔یا جادو سے ہے۔

اور اگر ظاہر ہو کہ وہ جنات کی طرف سے ہے۔تو پھر دوبارہ عمل کریں۔تاکہ ظاہر ہو جائے۔کیا وہ عاضہ ہے یا کسی کے مسلط کرنے کی وجہ سے ہے یا جنات کی وجہ سے ہے۔

اور اگر آپ کو کوئی چیز ظاہر نہ ہو تو اُس کا مناسب علاج کریں۔

CamScanner

4۔تشخیص مرض کا طریقہ

مریض کا کپڑا لے کر پیمائش کریں اور پھر اُس پر پڑھیں۔

"اَشْمُوْشٍ اَشْمُوْشٍ، رَکُلِیْخٍ رَکُلِیْخٍ، اَنُوْخٍ اَنُوْخٍ، اِنْزِلُ یَااَبَانُوْخٍ وَالْبَسْ هٰذَاالْاَثَرَ وَبَیِّنْ لِّیْ اِنْ کَانَ مِنَ الْاِنْسِ فَطَوِّلُوْهُ وَاِنْ کَانَ مِنَ اللّٰهِ فَلَاتَقْرِبُوْهُ بِحَقِّ سُوْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔وَیْلٌ لِّکُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۔الَّذِیْ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهُ ۔یَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ۔کَلَّا لَیُنبَذَنَّ فِیْ الْحُطَمَةِ ۔وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۔نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ ۔الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۔إِنَّهَا عَلَیْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۔فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔(سورہ ہمزہ)

اور پوری سورہ تین مرتبہ پڑھیں۔

پس اگر کپڑا کم ہو جائے۔

تو اُس کے لیے سورہ ہمزہ پوری اور معوذتین لکھیں۔جو یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔وَیْلٌ لِّکُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۔الَّذِیْ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهُ ۔یَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ۔کَلَّا لَیُنبَذَنَّ فِیْ الْحُطَمَةِ۔وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ۔ نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ ۔الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ۔إِنَّهَا عَلَیْهِم مُّؤْصَدَةٌ ۔فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِیْ الْعُقَدِ۔ وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔مَلِكِ النَّاسِ۔إِلَٰهِ النَّاسِ۔مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُورِ النَّاسِ۔مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ۔

اور اگر بڑھ جائے۔

تو اُس کے لیے سورہ ملک کہ پہلی چار آیات لکھیں۔جو یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلَى کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاةَ لِیَبْلُوَکُمْ أَیُّکُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُورُ۔ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً مَّا تَرَى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمَنِ مِن تَفَاوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِن فُطُورٍ ۔ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنقَلِبْ إِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِأً وَهُوَ حَسِیْرٌ۔وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّیَاطِیْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ۔

اور اگر برابر رہے تو اُس کے لیے یہ لکھیں۔

"اللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهِ یَرْزُقُ مَن یَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔(سورہ شوریٰ:19)

CS CamScanner

5.تشخیص مرض اور کشف

1۔جس کسی مریض کی تشخیص کرنا ہو یا کسی کام کے لیے کشف مطلوب ہو تو اپنے دائیں ہاتھ پر یہ لکھیں۔

انزل ایھاالسید شھفیائیل سلام علیکم

پھر اس پر یہ عزیمت پڑھیں اور تکرار کریں۔عزیمت یہ ہے۔

"شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللّٰهِ الإِسْلَامُ۔"(سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۸تا۱۹)اَجِبْ اَيُّهَا السَّيِّدُ وَاَنْزِلْ وَاَلْبِسِ الْكُفَّ وَفَرِّقِ الْاَصَابِعَ وَاَجِبْنَا عَمَّا نُرِيْدُ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ وَعَلَيْكَ۔

بخور عود کا روشن کریں۔یہاں تک کہ ہتھیلی پر ظاہر ہو جائے،پوشیدہ چیز۔تو پھر یہ کہیں۔

اَكْرَمَكُمُ اللّٰهُ كَمَا اَكْرَمْتُمُوْنَا جَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا۔

اور جب مکمل پوشیدہ چیز کو ظاہر کرنے کا ارادہ ہو تو اُسے حکم دیں کہ سر کے اوپر اپنے ہاتھ کو بلند کرے۔جب ہاتھ سر تک پہنچ جائے تو کہیں۔

اَلْقِ عَلَيْهِ النُّعَاسَ بِدُوْنِ اَذىً اَوْ اِنْزِعَاجٍ وَحَلِّ فِيْ لِسَانِهٖ لِيُكَلِّمُنَا بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنَ۔

پھر ہاتھ کو سر پر نرمی کے ساتھ پکڑ لیں۔اور اُسے گھٹنے پر رکھ دیں۔اور بہتر ہے کہ سر کو سفید پردے کے ساتھ ڈھانپ لیں۔پھر اُس سے اپنی مطلوبہ چیز طلب کریں۔تو وہ اپنی زبان سے بولے گا۔اگر وہ آپ سے بات کرے تو کہیں۔

اَنْطِقْ بِحَقِّ مَنْ اَنْطَقَ عِيْسٰى فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا وَبِحَقِّ مَنْ قَالَ لِلسَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ'

"اِئْتِيَا طَوْعاً أَوْ كَرْهاً قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِيْنَ"(سورہ فصلت:۱۱)

جب وہ بات کرے اور آپ اُس سے مطلوبہ چیز لے لیں۔تو اُسے کہیں

جَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْراً وَجَعَلَ سَعْيُكُمْ مَشْكُوْرًا اِنْصَرِفُوْا صَرَّفَ اللّٰهُ قُلُوْبَكُمْ بِالتَّقْوٰى اِنْصَرِفُوْا بِحَقِّ' "إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا۔وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا۔ وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا۔يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا۔بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا ۔يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتاً ۔"(سورہ الزلزال:۱تا۶)

6.مریض کی تشخیص کرنا

مندرجہ ذیل آیات کو مرغی کے انڈے پر تحریر کریں اور پھر اس کو مریض کی لاعلمی میں اُس کے تکیہ کے نیچے رکھ دیں۔اور پھر صبح اس انڈے کو مریض کے سر پر پھوڑ دیں۔اگر انڈے میں سے خون برآمد ہو تو مریض کا مرض طویل ہوگا۔اگر انڈے میں سے سیاہ مواد نکلے تو مریض صحت یاب نہ ہو سکے گا اور بہت جلد وفات پا جائے گا۔اگر انڈہ متغیر نہ ہو تو مریض تندرست ہو جائے گا۔آیات یہ ہیں۔

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِىْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلَكِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِىْ بِهٖ مَنْ

نَّشَاءِ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِيْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔(سورہ شوریٰ:52)

7.مریض کی تشخیص کا عمل

مریض کی ہتھیلی یا پانچوں انگلیوں پر مفردات تحریر کریں۔ پھر اُس پر مندرجہ ذیل 25 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّامَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَاهُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۔وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۔قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْاِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرَانِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرَانِيْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا ۔وَخَرَّمُوْسٰى صَعِقًا فَلَمَّا۔اَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَااَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

اگر مریض بے ہوش ہو جائے تو وہ تندرست ہو جائے گا۔

اگر رونے لگے تو اس کو مرض سودا ہے۔

اگر ہنس پڑے تو سحر جادو ہے۔

8.تشخیص وعلاج کا خاص عمل

اگر کسی آسیب زدہ، سحر زدہ، نظر بد انس و جاں کی تشخیص کرنا چاہیں تو مریض کا مستعمل کپڑا لیں۔ اور اُس کی پیمائش کریں۔ پھر اس پر سورہ ہمزہ تین مرتبہ پڑھیں ہر مرتبہ سورہ کے آخر میں مندرجہ ذیل عزیمت ایک مرتبہ پڑھیں۔ عزیمت یہ ہے۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَامَيْمُوْنُ يَااَبَانُوْخٍ اَنْ تُنَزِّلَ عَلٰى هٰذَاالْاَثْرِ وَتَبَيَّنْ مَابِصَاحِبِهٖ مِنَ الْمَرْضِ اِنْ كَانَ مِنَ الْجِنِّ اَوْ مِنَ الْاِنْسِ اَوْمِنَ اللّٰهِ فَاِنْ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَقَصِّرْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ الْاِنْسِ فَطَوِّلْهُ وَاِنْ كَانَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَبْقِهٖ عَلٰى حَالِهٖ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ اَلْوَحَااَلْوَحَااَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ ۔

پھر دوبارہ اُس کپڑے کو ماپا جائے۔

اگر کپڑا برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

اگر دوبارہ ماپ سے کم ہو جائے۔

تو مریض پر آسیبی اثرات ہیں۔ علاج کے لیے مندرجہ ذیل عمل لکھ کر پاس رکھنے کو دیا جائے۔ انشاءاللہ مریض تندرست ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔وَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرآنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ حِجَاباً مَّسْتُوراً۔وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِيْ آذَانِهِمْ وَقْراً وَإِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِيْ الْقُرْآنِ وَحْدَهُ وَلَّوْاْ عَلَى أَدْبَارِهِمْ نُفُوراً۔(سورہ بنی اسرائیل:45 تا46)أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثاً وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ۔فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ۔وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ

CamScanner

خَیۡرُ الرَّاحِمِیۡنَ۔(سورہ مومنون:115تا118)یَا مَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡإِنسِ إِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ أَن تَنفُذُوا مِنۡ أَقۡطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلۡطَانٍ۔فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ۔يُرۡسَلُ عَلَيۡكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ۔ (سورہ الرحمٰن:33تا35)

پھران آیات کے بعد معوذتین اور سورہ فاتحہ لکھی جائے۔

اگر کپڑا دوبارہ ماپنے سے پہلے ماپ سے بڑھ جائے تو مریض پر سحر جادو اور نظر بد کے اثرات ہیں۔

علاج کے لیے سورہ تکویر پوری لکھ کر پینے اور پاس رکھنے کو دیں۔انشاءاللہ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔سورہ تکویر یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔إِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ۔وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتۡ۔وَإِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ۔وَإِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ۔وَإِذَا الۡوُحُوشُ حُشِرَتۡ۔وَإِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ۔وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتۡ۔وَإِذَا الۡمَوۡؤُودَةُ سُئِلَتۡ۔بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتۡ۔وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتۡ۔وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتۡ۔وَإِذَا الۡجَحِيمُ سُعِّرَتۡ۔وَإِذَا الۡجَنَّةُ أُزۡلِفَتۡ۔عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا أَحۡضَرَتۡ۔فَلَا أُقۡسِمُ بِالۡخُنَّسِ۔الۡجَوَارِ الۡكُنَّسِ۔وَاللَّيۡلِ إِذَا عَسۡعَسَ۔وَالصُّبۡحِ إِذَا تَنَفَّسَ۔إِنَّهُ لَقَوۡلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ۔ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الۡعَرۡشِ مَكِينٍ۔مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ۔وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجۡنُونٍ۔وَلَقَدۡ رَآهُ بِالۡأُفُقِ الۡمُبِينِ۔وَمَا هُوَ عَلَى الۡغَيۡبِ بِضَنِينٍ۔وَمَا هُوَ بِقَوۡلِ شَيۡطَانٍ رَجِيمٍ۔فَأَيۡنَ تَذۡهَبُونَ۔إِنۡ هُوَ إِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعَالَمِينَ۔لِمَن شَاءَ مِنكُمۡ أَن يَسۡتَقِيمَ۔وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الۡعَالَمِينَ۔(سورہ تکویر)

اگر دوبارہ ماپ سے کپڑا برابر رہے تو جسمانی مرض ہے۔

اس کے علاج کے لیے مریض کو آیات لکھ کر پینے کو دیں۔آیات شفاء یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔وَيَشۡفِ صُدُورَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِينَ۔(سورہ توبہ:14)وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ۔(سورہ یونس:57)يَخۡرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ أَلۡوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ(سورہ نحل:69)وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ۔(سورہ بنی اسرائیل:82)وَإِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِينِ۔(سورہ شعراء:80)قُلۡ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ۔(سورہ فصلت:44)لَوۡ أَنزَلۡنَا هَذَا الۡقُرۡآنَ عَلَى جَبَلٍ لَّرَأَيۡتَهُ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنۡ خَشۡيَةِ اللَّهِ وَتِلۡكَ الۡأَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُونَ۔هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحۡمَنُ الرَّحِيمُ۔هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الۡمَلِكُ الۡقُدُّوسُ السَّلَامُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ سُبۡحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشۡرِكُونَ۔هُوَ اللَّهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡأَسۡمَاءُ الۡحُسۡنَى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيزُ الۡحَكِيمُ۔(سورہ حشر:21تا24)

CS CamScanner

9۔مرض کی تشخیص کرنا

مریض کے قد کے مطابق نیلے رنگ کا دھاگہ لیں اور اسی پر مغرب سے پہلے۔

وَاصْبِرْ وَمَاصَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَاتَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَاتَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّايَمْكُرُوْا۔

سات مرتبہ پڑھ کر دَم کریں، اور دَم کرتے وقت مریض کی شکل وصورت کو سامنے رکھیں۔پھر اس دھاگہ کو مریض کے جسم پر پھیر کر اس کے سرہانے کے نیچے رکھ دیں۔صبح کو اُٹھ کر اس دھاگے کی پیمائش کر لی جائے۔

اگر پیمائش میں دھاگہ اصلی پیمائش سے ایک انچ بڑھ جائے تو آسیب کا اثر ہے۔

اگر پیمائش میں دھاگہ اصلی پیمائش سے دو انچ تک بڑھ جائے تو آسیب سیاہ ظالم عفریت بھوت ہے۔

اگر پیمائش میں دھاگہ اصلی پیمائش ایک انچ کم ہو جائے تو سحر جادو ٹونہ ہے۔

اگر پیمائش میں دھاگہ اصلی پیمائش سے دو انچ کم ہو جائے تو سخت کالے جادو کے بد اثرات ہیں۔

10۔مرض کی شناخت کرنا

جب مریض کی بیماری کی شناخت کرنا ہو تو اس کا پہنا ہوا کپڑا ناپ کر اسی اُس کے منہ اور سینہ سے چھو کر اس عزیمت کو تین مرتبہ اس کپڑا پر دَم کریں۔

اگر ایک انگل کم ہو جائے تو دیو کا سایہ ہے۔

اگر دو انگل کم ہو جائے تو آسیب پری کا ہے۔

اگر تین انگل کم ہو جائے تو جسمانی مرض ہے۔

عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاجَمع احضرو واهزاما التورات انجبرنى والانجيل والذبور والقرآن لعظيم وصفاء وَرب المشارق والمغارب۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِيْ الْعُقَدِ۔وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔مَلِكِ النَّاسِ۔إِلٰهِ النَّاسِ۔مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ۔مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ۔صلى اللّٰه عليه خير خلقه محمد وآله واصحابه اجمعين۔

11۔تشخیص کا عظیم طریقہ

نیلے رنگ کے سوتی دھاگے کے سات تار لے کر اِن کو آپس میں یکساں طور پر ملا لیں اور پھر اس دھاگہ کو مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر یعنی ماتھے کے بالوں تک پیمائش کریں۔پھر دعائے ذیل سات مرتبہ پڑھ کر اس دھاگہ پر دَم کریں۔

CS CamScanner

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔اَللّٰھُمَّ یَاذِی الْعَرْشِ الْکَرِیْمُ الْمُلْکُ الْقَدِیْمُ وَالْعَطَاءِ الْعَظِیْمُ یَاھَادِیَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمُ یَامُرْسَلَ الرِّیَاحِ وَیَافَالِقَ الْاَصْبَاحِ وَیَاذِی الْعَرْشِ الْجُوْدِ وَالسَّیَاحِ یَااللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ وَیَااَرْحَمُ اِلَی الْفُوَادِ وَاَخَذَھُمُ اللّٰہُ وَالشَّجَرُ کُلَّ نَاقَۃٍ وَانَۃٍ وَشِدَّۃٍ وَشِدَّۃٍ وَبَلَاءٍ وَیَلَیْہِ وَکُلَّ ذِلَّۃٍ وَعَلَّۃٍ وَکُلَّ تِلَّۃٍ وَمَرَضٍ وَحَرَصٍ وَقَرَضٍ وَفَقْرِیُ وَبَاءٍ کُلَّ سَحْرٍ وَسَاحِرَۃٍ وَعَدَوٌ وَصَغِیْرٍ وَکَبِیْرٍ یَاسَبُوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَارَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوْحِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اگر دھاگہ تین انگل زائد ہو جائے تو سحر علوی ہے۔

اگر دھاگہ چار انگل زائد ہو تو اُم الصبیان ہے۔

اگر دھاگہ پانچ انگل زائد ہو تو نظرِ بد کے اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ ایک انگل کم ہو تو ہوائی اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ دو انگل کم ہو تو عفریت کے اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ تین انگل کم ہو تو سحر سفلی کے بد اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ برابر ہو تو مرض جسمانی ہے۔

12۔تشخیص کے لیے دِل پر القاء ہو جائے

بعد از نماز فجر نہایت یک سوئی سے مندرجہ ذیل عمل ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنی آنکھیں بند کر لیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ سے استمد اد مانگیں پھر جو بات بھی دِل پر القاء ہوگی وہی مرض ہوگا۔اس طریقہ سے کبھی بھی تشخیص غلط ثابت نہ ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔اِفْتَعْ ،اِفْتَعْ ،اِفْتَعْ ،اِفْتَعْ

13۔انڈے کے ذریعے تشخیص کرنا

مرغی کا ایک عدد انڈا لیں اور اس پر مندرجہ ذیل تحریر کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔صَلَ اللّٰہُ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا،اَھْلَکَعُ فَوْءِ۔

پھر اس انڈے کو مریض کے دائیں ہاتھ پر رکھ دیں اور مریض کا ہاتھ کھلا رہے۔اَب اس پر سورہ اخلاص بار بار پڑھتے رہیں اور ساتھ ہی مریض کو کشنیز کی دھونی دیتے رہیں۔پانچ سے دس منٹ کے اندر اندر انڈا خود بخود کھڑا ہو جائے گا اس وقت انڈے کو توڑ کر دیکھیں۔

اگر انڈے کی زردی میں کالا بال ہو تو سفلی سحر جادو کے اثرات ہیں۔

اگر انڈے کی زردی ساری کی ساری کالی ہو تو نظرِ بد کے اثرات ہیں۔

CS CamScanner

اگر انڈے کی سفیدی میں سرخ بال ہوتو آسیب و جنات کا اثر ہے۔

اگر انڈے کی سفیدی وزردی اپنی اصلی حالت میں ہوتو جسمانی مرض ہے۔

14۔تشخیص کا قرآنی طریقہ

مریض کا پہنا ہوا کپڑا لیں جس سے مریض کے پسینے کی بو آ رہی ہو،اس کی پیائش کر کے اس پر باوضو حالت میں بسم اللہ شریف ،سورہ فاتحہ،آیت الکرسی تین،تین مرتبہ پڑھیں اور پھر مندرجہ ذیل آیات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔وَالصَّافَّاتِ صَفّاً۔فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرا۔فَالتَّالِيَاتِ ذِكْراً۔إِنَّ إِلَهَكُمْ لَوَاحِد۔رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِق۔إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاء الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِب۔وَحِفْظاً مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ۔لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَى وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِب۔دُحُوراً وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِب۔إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِب۔فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقاً أَم مَّنْ خَلَقْنَا إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ۔(سورہ صافات:1 تا11)ایک مرتبہ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآناً عَجَباً ۔يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدا۔وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَداً۔وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطاً ۔(سورہ جن:1 تا4) ایک مرتبہ۔

پھر معوذتین یعنی (سورہ اخلاص،سورہ فلق اور سورہ والناس)ایک ایک مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دَم کریں۔بعد ازاں کپڑے کی دوبارہ پیائش کریں اور ملاحظہ کریں کہ

اگر کپڑا پہلی پیائش سے کم ہوگیا ہوتو جادو سحر کے بداثرات ہیں۔

اگر کپڑا پہلی پیائش سے زیادہ ہوتو جنات،آسیب پری،دیو وغیرہ ہے۔

اگر کپڑا پہلی پیائش کے مطابق رہے تو جسمانی مرض ہے۔

15۔تشخیص کا ایک لاجواب عمل

مریض کا پہنا ہوا کپڑا لیں،جس میں سے اس کے پسینہ کی یا بدن کی بدبو آ رہی ہو،اس کی پیائش کر کے اس پر باوضو حالت میں ذیل کی عزیمت تین مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاجَمِيعُ اُحْضِرُوْ هٰذَا مَا اَلسُّوْرَةِ اَخبِرُنِىْ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِيْمِ صَفًّا وَرَبُّ الْمَشَارِق وَالْمَغَارِبِ ،بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

بعد ازاں معوذتین،تین مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔اور اس کے بعد مندرجہ ذیل درود پاک پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔صَلَى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِخَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

پڑھ کر دَم کریں۔اَب کپڑے کی دوبارہ پیائش کریں اور ملاحظہ کریں۔

CS CamScanner

اگر کپڑا ایک انگل کم ہوجائے تو اثرات جنات وغیرہ کے ہیں۔

اگر کپڑا دو انگل کم ہوجائے تو اثرات آسیب وغیرہ کے ہیں۔

اگر کپڑا تین انگل کم ہوجائے تو اثرات سحر جادو کے ہیں۔

اگر کپڑا برابر رہے تو مرض جسمانی ہے۔

16۔تشخیص کا لاثانی عمل

نیلے رنگ کے دھاگہ کے سات تار لے کر ملا کر مریض کے پاؤں کے انگوٹھے سے موئے پیشانی تک پیمائش لیں،اور پھر اس دھاگہ پر اول وآخر مندرجہ ذیل درود شریف سات مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ اَلۡفِ اَلۡفِ مَرَّۃٍ،اَلۡفِ اَلۡفِ مَرَّۃٍ۔

پھر سورہ فاتحہ سات مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھیں۔پھر مندرجہ ذیل دُعا سات مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔قُیُوۡشٍ مَقۡشٍ زَجۡمَاشٍ مَیۡعَاشٍ شَاقِیۡشٍ مَاشٍ اَبُوۡشٍ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔

پھر تین پھونک دھاگہ پر ماریں۔اور پھر مریض کا ہاتھ لگوائیں اور پھر دھاگہ کی دوبارہ پیمائش کریں۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے ایک انگل کم ہو تو سایہ جن،دیو کا ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے دو انگل کم ہو تو آسیبی اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے تین انگل کم ہو تو سحر جادو ٹونہ ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے چار انگل کم ہو تو اُم الصبیان یعنی مسان ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے ایک انگل زیادہ ہو تو نظر انسانی ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے دو انگل زیادہ ہو تو نظر بد خبیث ارواح کی ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے تین انگل زیادہ ہو تو ہوائی اثرات ہیں۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش سے چار انگل زیادہ ہو تو تپ دق یا وبائی مرض ہے۔

اگر دھاگہ اصل پیمائش کے مطابق رہے تو پھر جسمانی مرض لاحق ہے۔

17۔تشخیص بذریعہ کوری پیالی

مٹی کی ایک کوری پیالی لے کر اس پر مندرجہ ذیل سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔اور اس کو مریض کے اوپر سے سات مرتبہ اتار کر آگ میں ڈال دیں۔اور آگ خوب تیز ہو۔کوری پیالی پر لکھنے والا نقش یہ ہے۔

۱۱ ۵۸۳ ع ۹ ح ع ۱۲ ۱۱ ۲۴

پھر کوری پیالی پر لکھے ہوئے کا مشاہدہ کریں۔

اگر حروف سفید ہوجائیں تو سحر جادو کے اثرات ہیں۔

اگر حروف سرخ ہوجائیں آسیب چڑیل کے اثرات ہیں۔

اگر حروف غائب ہوجائیں تو جن و پری کا سایہ ہے۔

اگر حروف بدستور سیاہ رہیں تو مرض جسمانی ہے۔

18۔مرض روحانی ہے یا جسمانی

مندرجہ ذیل نقش کو مٹی کے کورے برتن پر سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔اور پھر مریض کے سر سے پاؤں تک سات مرتبہ پھیر کر دیتے ہوئے کوئلوں میں ڈال دیں۔اور ہوا دیں تا کہ آگ سے مٹی کا برتن خوب گرم ہوجائے۔نقش یہ ہے۔

للوطه	عوطه
عوطه	للوطه

اگر حروف سرخ ہوجائیں تو آسیبی اثرات ہیں۔

اگر حروف سفید ہوجائیں تو سحر جادو کے اثرات ہیں۔

اگر حروف غائب ہوجائیں تو جناتی اثرات ہیں۔

اگر حروف سیاہ ہی رہیں تو مرض جسمانی ہے۔

19۔علم الاعداد کے ذریعے تشخیص کرنا

سحری، سفلی، کالے جادو کے ذریعے آنے والی تکالیف اور بیماریوں کو معلوم کرنے کے لیے عام فہم اور بالکل سادہ طریقہ ہے۔جس سے فوری طور پر تشخیص کی جاسکتی ہے۔آپ سب سے پہلے مریض کا نام معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔اور پھر اس مجموعہ کو بارہ پر تقسیم کریں۔جو باقی بچے اس کے مطابق بیماری کی تشخیص کی جائے۔مثلاً

اگر باقی (1) بچے، تو یہ ایک ایسا سحر جادو ہے جس سے سر میں شدید درد، کندھوں پر بوجھ اور انسان بڑا بیمار نظر آتا ہے۔جسم میں جان نہیں ہوتی۔کمزوری ظاہر ہوتی ہے کوئی دوا کا اثر نہیں ہوتا۔

اگر باقی (2) بچے، تو اس سے محبت کا جادو کیا ہوا ظاہر ہوتا ہے، اس سے بھی جسم میں کمزوری اور درد ہوتا ہے۔کوئی عزیز دوست کسی قسم کا اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔

اگر باقی (3) بچے، تو جادو سحر کا عمل کاروبار کو تباہ و برباد کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔جسم میں سستی اور کاہلی رہتی ہے۔کام کرنے کو دِل نہیں چاہتا۔

CamScanner

اگر باقی (4) بچے،تو سفلی علم کے اثرات ہیں۔مریض نئی نئی پریشانیوں اور بیماریوں کا شکار رہتا ہے۔

اگر باقی (5) بچے،تو جسم کے بائیں طرف کسی غیر مرئی چیز کا سایہ ہے۔اور مریض کے اندر نفسانی خواہشات کی زیادتی ہوتی ہے۔

اگر باقی (6) بچے،تو سحر تفریق کا عمل کیا گیا ہے۔میاں بیوی اور گھر کے افراد میں نیز خاندان میں نا اتفاقی کے اثرات ہیں۔

اگر باقی (7) بچے،تو سحر جادو کے ایسے اثرات پیدا کئے گئے ہیں۔جس سے مریض مختلف قسم کی بیماریوں کا شکار رہتا ہے۔جسم میں دردیں بھی ہوتی ہیں اور مرض کی تشخیص نہیں ہو پاتی۔

اگر باقی (8) بچے،تو مریض ہروقت ذہنی خوف اور پریشانی میں مبتلا رہتا ہے۔گھر میں خون کے چھینٹوں کا آنا،اور ہر وقت حادثات کا خطرہ رہنا جیسی علامات پائی جاتی ہیں۔دیو کے سایہ کے اثرات اور معیادی جادو کے بداثرات ہیں جو اپنی مدت پوری کر چکا ہے۔

اگر باقی (9) بچے،تو کالے علم کے اثرات ہیں۔گھر میں ایسی بیماریاں آتی ہیں جن کی تشخیص نہیں ہو پاتی۔اور اچھے کاموں میں رکاوٹ۔گھر میں بے اتفاقی یہاں تک کہ میاں بیوی میں طلاق کی نوبت آجاتی ہے۔

اگر باقی (10) بچے،تو مرض جسمانی ہے مگر ساتھ ہی روحانی تکلیف بھی ہے۔جسم اور ہڈیوں میں درد ہوتا ہے۔طبی اور روحانی دونوں علاج کئے جائیں۔

اگر باقی (11) بچے،تو سحر الخوف کا عمل کیا گیا ہے۔مریض کا اپنے گھر میں دِل نہیں لگتا اور گھر سے بھاگ جانے کو دِل چاہتا ہے۔گھر سے باہر تندرستی اور گھر میں آتے ہی بیماری شروع ہو جاتی ہے۔

اگر باقی (12) بچے یعنی پورا پورا تقسیم ہو جائے تو سحر المحبت کا عمل کیا گیا ہے۔کہ جادو کرنے والے کا مریض تابعدار رہے۔آج کل میاں بیوی میں بھی سحر المحبت عام کیا جاتا ہے۔مسحور حد سے زیادہ سحر کرنے والے سے محبت کرنے لگ جاتا ہے۔

تشخیص کے کئی اعمال ہم نے اپنی دیگر کتب مثلاً ''ردِ سحر حصہ اول،دوم،سوم اور آسیبی قوتوں سے نجات'' اور ''فیضان الحروف'' میں بھی دیے ہیں۔وہاں بھی آپ دیکھ سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

CamScanner

باب نمبر2

حروف سے علاج کا طریقہ

عزیزان من !!قدرتِ کاملہ نے جس طرح جڑی بوٹیوں اورادویات میں اثرات وخواص پیدا کر کے امراض کوسلب کرنے کی قوت دی ہے عین اسی طرح حروف بھی چاروں قسم کا مزاج رکھتے ہیں یعنی گرم، سرد، تر اور خشک یہی چاروں طبائع خون، صفرا، بلغم، اور سوداانسانی جسم رکھتے ہیں۔صفرا کا مزاج آتش ہے خون ہوا کا، بلغم آب کا، سودا خاک کا مزاج رکھتا ہے۔اس سے کسی کوانکارنہیں یہی نکتہ ہے کہ جس طرح ایک حکیم مریض کی طبعیت دیکھ کراس کے موافق گرم یا سرد، خشک یا تر ادویات لے کرایک موافق دوا تیار کرتا ہے اسی طرح ایک عامل (روحانی معالج)مرض کی نوعیت کو جان کرایسے حروف جو اس بیماری کے لئے قابل ہوں لے کرایک نقش تیار کردیتا ہے۔اس دوااور نقش میں ذرا بھر بھی فرق نہیں ہوتا۔حالانکہ دوا مریض کو اثر اتارنے کیلئے دی جاتی ہے۔واضح رہے کہ دنیا کا نظام چار عناصر کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔یا یوں کہیئے کہ نظام عالم میں آتش، باد، آب اور خاک کا مجموعہ موجودات کے خیر وشر، ہدایت وگمراہی اور حق وباطل پر مشتمل ہے۔یہاں تک کہ جہاں ہمارے وہم وگمان کا گزر نہیں وہاں ان کی ہی کارفرمائی ہوتی ہے۔

ان عناصروحروف سے ہرطرح کے کام لئے جاسکتے ہیں۔کسی کو بلانا، بھگانا کسی کو بیمار کرنا اورتندرست کرنا، انسان وحیوان کے علاوہ تمام کائنات پرتصرف حاصل کیا جاسکتا ہے یہ درست ہے کہ ایسے علوم اورایسی کرامات اولیاء اللہ سے سرزدہوتی ہیں مگر علمائے فلاسفہ نے بھی اس علم کی بدولت حیرت انگیز کمالات قبضہ میں کئے ہیں۔

شیخ محمد ساجرونی فرماتے ہیں کہ ایسی باتوں کے لئے انسان کا کامل دیندار ہونا ضروری ہے خداوند تعالیٰ نے ہرحرف میں ایک خاصیت اوراثر عطا کیا ہے ایک خاص حکمت پوشیدہ کی ہے ایسی مخفی حکمت کہ عقل انسانی اس کا احاطہ نہیں کرسکتی۔تمام دنیا کی زبانیں اور کروڑ ہا حروف الٰہی اٹھائیس (کم وبیش)ابجدی حروف سے مل کرظہور پذیر ہوئے ہیں اور یہ کرشمے اورعلم الٰہی حروف کے اثرات وملاپ کا ہی نتیجہ ہیں۔ علم الحروف ایک بہت بڑاعلم ہے۔اس کے اسرار کو جاننا بھی عظیم یہ سائنس اپنے اندرایک خاص مقام اور درجہ رکھتی ہے کہ اسرارِ حروف قیاس عقلی سے سمجھ میں نہیں آسکتے۔اس کی حقیقت کا سمجھنا مشاہدہ توفیق الٰہی پرمنحصر ہے۔رہا ان حروف واسمائے مرکبہ سے عالم طبعیت میں تصرف کرنا اورعالم طبعیت وتکونات کا اس سے متاثر ہونا تو اس سے انکارنہیں کیا جاسکتا۔

ابن خلدون لکھتے ہیں کہ ہمارے زمانے میں اس علم کو سیمیا کہتے ہیں جس کودرحقیقت طلسمات کہنا چاہیئے۔عالم میں تصرف کرنے والے متصرفین نے اپنے علم تصرف کے لئے یہ نام رکھ لیا ہے گویا عالم لفظ خاص معنی میں استعمال ہوا ہے امام احمد بن بونی اورحضرت ابن العربی کی اس فن میں بہت سی تالیقات ہیں جن کا ماحصل ان کے نزدیک اسمائے حسنیٰ اورکلمات الٰہیہ کے ذریعے سے جن میں اسرارِحروف شامل ہیں عالم طبعیت میں تصرف کرنا ہے۔

مسلمة المجريطي اندلسی نے اپنی کتاب غائیت الحکیم میں اورامام بونیؒ نے اپنی کتاب الانماط سرمکنون اورشمس المعارف

CS CamScanner

میں اس علم کے بارے میں بالتصریح تحریر فرمایا ہے۔

علم الحروف بڑا وسیع علم ہے اور اس سے بہت سے کام لئے جا سکتے ہیں۔یعنی تمام کائنات پر تصرف حاصل کیا جا سکتا ہے انسان اور حیوان کا مسخر کرنا، بارش یا ہوا کا مسخر کرنا اسی طرح اڑتے ہوئے پرندوں کو بلانا، سمندر سے مچھلیوں کو بلانا وغیرہ۔پس جس شخص نے علم الحروف کو سمجھ لیا اس نے علم کے کل مخفی خزائن کو پالیا۔حضرت علامہ اقبالؒ نے سچ فرمایا ہے۔

زندگی کیا ہے عناصر کا ظہورِ ترتیب　　　　موت کیا ہے انہی اجزا کا پریشاں ہونا

حکماء نے ان حروف سے کام لینے کے لئے خاص قواعد مرتب کئے ہیں اور ان خاصیتوں کو نوٹ کیا ہے۔راقم السطور اس وسیع علم سے صحت و مرض کے بارے میں اپنے تجربات نذر قارئین کرتا رہے گا۔یعنی حروف سے بدن انسانی میں پیدا ہونے والی بیماریوں کا علاج معالجہ کرنا۔اساتذہ عظام نے ہر حرف کا ایک خاص مزاج اور ہر حرف کی ایک خاص طبیعت ثابت کی ہے۔بعض کو گرم، بعض کو سرد، بعض کو خشک اور بعض کو تر بنایا ہے۔ان حروف کے طبائع نے علمائے غیر فلاسفہ کے نزدیک مندرجہ ذیل تقسیم ہے۔

۱۔آتش　　۲۔باد　　۳۔آب　　۴۔خاک

اور بعض کتب اور بعض قواعد جفر میں حکیم افلاطون کے نزدیک عناصر کی ترتیب یوں ہے۔

۱۔آتش　۲۔خاک　　۳۔باد　　۴۔آب

افلاطون بہت بڑا محقق تھا۔اس کا استاد حکیم طمطم بن دامر ہندی تھا۔حضرت عیسیٰؑ سے قبل یہ دمشق کے سفر کو گئے اور وہاں سے تحقیق کی، البتہ یہ تو پختہ بات ہے کہ وہ عیسیٰؑ سے قبل تھا اور اس کا استاد حکیم طمطم ہندی تھا۔کیونکہ ایک روایت ہدایۃ والنہایۃ میں ابن کثیر نے لکھی ہے۔باقی عناصر کے متعلق بہرحال اختلاف موجود ہے۔مگر افلاطونی اعمال کو ان کی عنصری ترکیب سے ہی کیا جائے تو ان کے اثرات بھی روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔

شیخ محمد ساجروتی العربی، عالم علامہ فاضل یگانہ ولی صالح امام ابی عبداللہ محمد بن یوسف التوسی، حضرت ابوالعباس امام احمد بن بونیؒ، علامہ عبدالرحمٰن ابن خلدون، شیخ علامہ احمد دیربی، حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور موجودہ صدی کے محقق علم الحروف حضرت کاش البرنیؒ کا مسلک اوّل الذکر عنصری تقسیم ہے۔چنانچہ عناصر کی ترتیب طبعی نقطہ نگاہ سے یوں ہے۔آتش، باد، آب، خاک۔

جواہر خمسہ میں استاد حضرت غوث گوالیاریؒ ارشاد فرماتے ہیں یہ ۲۸ حروف اصل میں ۲۸ نام اللہ سبحانہ تعالیٰ کے ہیں۔ہر حرف کا مؤکل روحانی ہے جو اس اسم کے ذکر میں مشغول ہے۔اصل حروف بسیط ہیں۔جس وقت حروف مذکورہ کی دعوت ادا کی، حروف کے مؤکلات دریافت ہو گئے اور روحانیت ان کی مکاشفہ و مشاہدہ میں آئی۔ان سے اٹھائیس اسما الٰہی دریافت ہوئے اور ان اٹھائیس اسما الٰہی سے ۲۸ منازلِ قمر دریافت ہوئیں۔

لہٰذا اول الذکر عنصری تقسیم کو ہی تحریر کر رہا ہوں۔کیوں کہ میرے اور اکثر علماء حکماء اور اساتذہ عظام کے ہاں یہی ترتیب مستعمل

CamScanner

ہے۔سات سات حروف ایک عنصر کے حصّے میں آتے ہیں جواس طرح ہیں۔

آتشی حروف	ا ،ھ ، ط ۔ م ۔ ف ۔ ش ، ذ	طبع گرم خشک
بادی حروف	ب ، د ، ی ، ص ، ن ، ت ، ض	طبع گرم تر
آبی حروف	ج، ز ،ک، س ، ق ، ث ، ظ	طبع سرد تر
حروف خاکی	د ،ح ، ل ، ع، ر ، خ ، غ	طبع سرد خشک

ا۔آتشی حروف اوران سے مرکب اسماءحرارت پیدا کرتے ہیں۔

۲۔بادی حروف اوران سے مرکب اسماءاخفائے حرارت اورایجاد برودت کرتے ہیں

۳۔آبی حروف اوران سے مرکب اسماءبرودت اورتراوت پیدا کرتے ہیں

۴۔خاکی حروف اوران سے مرکب اسماءسردی اورخشکی پیدا کرتے ہیں۔

جواسماءچاروں طبعیتوں سے مرکب ہوتے ہیں ان میں جس عنصر کے حروف غالب ہوں اس کا اثر غالب ہوگا اور جس اسم میں کسی عنصر کے حروف غالب نہ ہوں ان میں اعتدال کا اثر ظاہر ہوگا۔آتشی حروف سے آبی امراض دفع ہوتے ہیں۔بادی حروف سے مادہ رطوبت کوتسکین ملتی ہیں۔

حکمائے ہند نے بعض ایسے ہی حروف کوملا کرایسے اسم بنادیئے ہیں جن کے معنی سمجھ میں نہیں آتے۔انہوں نے ان کا نام حروف طلسم رکھا ہے وہ سانپ بچھو کے کاٹے اوردردوں،زہراورتپ دور کرنے کے لئے بےحد مؤثر ہیں۔قانون اس میں یہ ہے کہ آتشی حروف امراض باردہ کودفع کرتے ہیں اورقوت حرارت کو بڑھاتے ہیں۔مثلاً مریخ کی آتشی قوت جنگ وجدل میں دوچند کرنا ہوتو آتشی حروف میں مددلیں گے۔تپ اورگرمی سے پیدا ہونے والے امراض کودور کرنے کے لئے حروف آبی سے مدد لی جاتی ہے۔کیونکہ حروف آبی امراض حارہ وغیرہ کودفع کرنے اورقوتِ باردہ کرحساباًاورحکماً مضاعف کرتے ہیں۔اس کواس طرح بھی لیں کہ اگرکسی شخص کا قمر کمزور ہواوراس کی قوت کو بڑھانا مقصود ہوتو قمر کی آبی قوت کوآبی حروف سے یا خاکی حروف سے پوری قوت کا بنادیں گے۔اسی طرح جس شخص کا جوستارہ کمزور ہواس ستارے کے منسوبی حروف سے متعلقہ ستارے کوقوی بنادیا جاسکتا ہے۔غرضیکہ ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کئی کے طریقے ہیں ۔یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔جسم انسانی چارعناصر سے مرکب ہے آب وخاک،بادوآتش،اور یہ اٹھائیس حروف ان چاروں عناصر پرحکمران ہیں۔گویا تمام جسم ان ۲۸ حروف کے طابع ہیں۔جس طرح آگ اور پانی کی دشمنی ہےاورایک دوسرے کی ضد ہیں عین اس طرح حروف کی آپس میں دوستی اور دشمنی ہے۔مثلاً حروفِ آتشی حروفِ بادی کے دوست ہیں۔حروفِ آبی حروفِ خاکی کے دوست ہیں۔حروفِ آتشی وآبی ایک دوسرے کی ضد ہیں اوران کی آپس میں دشمنی ہےحروف بادی اور خاکی آپس میں دشمن ہیں۔حروف آتشی حروف خاکی کے نہ موافق ہیں نہ مخالف۔دونوں کے ملنے سے نفع ہوتا ہے۔حروف بادی حروف آبی کے نہ موافق ہیں نہ

CS CamScanner

مخالف۔دونوں کے ملنے سے نفع ہوتا ہے۔پس جو شخص ان خاصیتوں کو جان لے گا۔وہ اس امر تک پہنچ جائے گا کہ تمام موجودات میں قوت موانست وموافقت اور مخالفت کی وجہ کیا ہے؟ حیوانات اور انسانوں کی دوستی اور دشمنی کی کیا وجوہات ہیں؟ دو شخصوں کی طبع میں فرق کیوں ہوتا ہے؟ اعمال میں دوستی اور دشمنی کو لانے کے لئے کن حروف سے مدد لی جاسکتی ہے؟ اعمال حیوانات خاکی کے سب حروف خاکی سے ترتیب پائے ہیں۔اسی قانون سے علمائے فلاسفہ نے حیوانات ارضی کی تسخیر کے لئے حروف خاکی سے مختلف اعمال ترتیب دیئے ہیں۔حیوانات ہوائی یعنی ہوا میں اڑنے والے پرندوں کے جلب وطرد کے اعمال حروف بادی سے تیار کئے جاتے ہیں۔اجنہ اور ملائکہ میں عنصر آتش غالب ہے اس وجہ سے حروف آتش سے ان سے متعلقہ اعمال ترتیب دیئے ہیں۔

آبی جانور آبی حروف سے ترتیب پاتے ہیں اسی وجہ سے آبی حروف کی قوت سے سمندری اور دریائی جانوروں کی تسخیر کے اعمال ترتیب دیئے گئے ہیں۔حکیم افلاطون کے مجربات میں ایسے کافی اعمال ملتے ہیں۔جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ جسم انسانی چار عناصر سے مرکب ہے اور وہ عناصر یہ ہے۔

اوّل : آگ یعنی نار، آتش اور یہ گرم خشک یعنی حار یابس ہے۔

دوم : ہوا یعنی باد، ریح اور یہ گرم تر یعنی حار رطب ہے۔

سوم : پانی یعنی ماء، آب اور یہ سرد تر یعنی بارد رطب ہے۔

چھارم : مٹی یعنی ارض، خاک اور یہ سرد خشک یعنی بارد یابس ہے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ انسان کے بدن میں یہ چاروں عناصر بظاہر تو نظر نہیں آئیں غور کریں اور چاروں عناصر (اجزاء) کا پتہ چلائیں۔دراصل یہ چند ایسے مفرد یا بسیط اجسام (اجزاء) ہیں جن سے حیوانات ونباتات اور جمادات کی ابتدائی ترکیب ہوتی ہے اور حیوانات وغیرہ کا جب تجزیہ کیا جائے تو سب سے آخر میں یہ اجسام نکلیں گے۔یعنی ان کی تقسیم ایسے اجزاء کی طرف نہیں ہوسکتی۔جن کی صورتیں مختلف ہوں۔

یہ چاروں عناصر بدن انسانی میں چار اخلاط کی صورت میں مخفی ہیں۔اخلاط جمع ہے خلط کی۔جس کے لغوی معنی ہیں آمیزش یا ملی ہوئی شے۔چونکہ بدنی رطوبت میں بلغم، صفرا یا پھر سودا ملے ہوئے ہوتے ہیں اس لئے انہیں اخلاط کہتے ہیں۔اخلاط چار ہوتے ہیں اور وہ درج ذیل ہیں۔

۱۔صفراء ۲۔خون ۳۔بلغم ۴۔سوداء

خلط

اصلاحِ تب میں اس تر سیال جسم کو کہتے ہیں جس کی طرف غذا کی پہلے پہل طرف استحالہ ہوتا ہے۔یعنی غذا اپنی صورت چھوڑ کر نئی شکل اختیار کر لیتی ہے۔جو غذا ہم کھاتے ہیں وہ معدہ اور آنتوں میں پہنچ کر ہضم ہوتی ہے اور آتش جو کہ مانند سفید اور گاڑھی ہو جاتی ہے اس کو

CS CamScanner

کیلوس کہتے ہیں۔یہ کیلوس باریک رگوں (عروق ماساریقا) کے ذریعہ سے جذب ہوکر جگر میں جاتا ہےاور وہاں جگر کے عمل سے پھر ہضم ہو کر مختلف حصوں میں منقسم ہو جاتا ہےاس وقت اس کو کیموس یا خلط کہتے ہیں۔یہ بھی یادرکھنا چاہیئے کہ کچھ غذا بالائی آنتوں میں بھی ہضم ہوتی ہےاور وہاں سے (ماساریقا) کے ذریعے جگر میں جذب ہوتی ہے۔جگر میں غذا ہضم ہوکر چار حصوں میں منقسم ہوتی ہے زیادہ حصہ سرخ ہوتا ہے اسے خون کہتے ہیں۔کچھ حصہ سفید ہوتا ہے اسے بلغم کہتے ہیں کچھ حصّہ ذرد ہوتا ہے اس صفراء کہتے ہیں اور کچھ ملیچھٹ کی طرح ہوتا ہے اسے سوداء کہتے ہیں۔

ماساریکا

ان باریک رگوں کو کہتے ہیں جو معدہ اور آنتوں سے جگر تک گئی ہوتی ہیں۔

خون

اس کا مزاج گرم تر یعنی حار رطب ہے جملہ اخلاط میں افضل و برتر خون ہے اس خلط کا تعلق حروف بادی سے ہے اس کا مفاد یہ ہے کہ یہ بدن کی غذا بنتا اور اس کی پرورش کرتا ہے۔

بلغم

اس مزاج سرد تر یعنی بارد رطب ہے اور اس خلط کا تعلق حروف مائیہ سے ہے یعنی آبی حروف سے۔اس کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ جب بدن کو غذا میسر نہیں آتی تو بلغم خون کی شکل اختیار کر کے اس کی غذا بنتا ہے۔نیز یہ اعضاء کو تر رکھتا ہے اور ان کو حرکت سے خشک نہیں ہونے دیتا ۔اس کا ایک اور فائدہ یہ ہے کہ یہ دماغ وغیرہ سرد تر اعضاء کی غذا بنتا ہے۔پہلے فائدہ کی تفصیل یوں ہے کہ خون کے غذا بننے کی وجہ یہ ہے کہ بلغم نے اس کا کچھ حصہ طے کیا ہوتا ہے جو خون بننے کے لئے ضروری ہے۔یہی وجہ ہے کہ وہ خون بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اسی لئے حکمت الٰہیہ نے بلغم کو خون کی طرح تمام بدن میں تقسیم کیا ہے تاکہ بدن میں جب غذا کی کمی ہو یا جگر اور اعضاء کے درمیان سدّہ ہونے کی وجہ سے غذا نہ جا سکے تو حرارت عزیزی بلغم کی طرف متوجہ ہو کر اسے پختہ کرے اور خون بنا کر بدن کو غذا پہنچائے۔

دوسرے فائدہ کی تفصیل یہ ہے کہ حرکت حرارت کی وجہ سے اعضاء اور جوڑوں کو خشک کرتی رہتی ہے۔اس لئے حکمت ایزدی نے اعضاء اور جوڑوں کو بلغم سے مرطوب رکھنے کا طریق تجویز فرمایا ہے تاکہ انہیں خشکی عارض نہ ہو۔

تیسرے فائدہ کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ دماغ وغیرہ اعضاء کے بلغمی مزاج ہونے کی وجہ سے اس امر کی ضرورت تھی کہ ان کی غذا کے میں خون کے ساتھ بلغم کی مقدار معلومہ شامل ہو۔اس لئے حکمت الٰہی اس امر کی متقاضی ہوئی ۔بلغم ان اعضاء کی غذا میں شریک کیا جائے۔

صفراء

اخلاط میں خون اور بلغم کے بعد صفراء کا درجہ ہے۔صفراء کے لغوی معنی ہیں زرد چونکہ اس خلط کا رنگ زرد ہے اس لئے اسے اس نام

CS CamScanner

سے موسوم کیا گیا ہے۔اس کا مزاج گرم خشک یعنی حار یابس ہے اور اس کا تعلق حروف آتشی سے ہے۔صفراء کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ خون کو لطیف بنا کر باریک رگوں میں پہنچاتا ہے۔دوسرا فائدہ یہ ہے کہ یہ پھیپھڑے وغیرہ گرم وخشک اعضاء کی خوراک میں شامل ہوتا ہے۔تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اس میں سے کچھ حصوں آنتوں پر گرتا ہے اور اس کے ثفل اور لیس دار بلغم کو (اپنی تیزی سے) دھوڈالتا ہے۔

پہلے فائدہ کی تفصیل یہ ہے کہ خون، بلغم وسوداء سے لطیف ہونے کے باوجود غلیظ ہے اور جب اس میں بلغم وسودا کی کچھ مقدار مل جاتی ہے تو وہ اور بھی غلیظ ہو جاتا ہے اور اس کے تنگ راستوں میں نفوذ مشکل ہو جاتا ہے۔اس کے مقابلہ میں صفراء بہت رقیق ہے۔اس لئے حکمت الٰہیہ نے جگر سے رگوں میں خون کے ساتھ صفراء کا بھی اجزا فرمایا تا کہ وہ خون کو تنگ رستوں میں پہنچائے۔

دوسرے فائدہ کی تفصیل یہ ہے کہ پھیپھڑے جیسے بعض اعضاء نسبتاً زیادہ لطیف غذا کے ضرورت مند ہوتے ہیں اس لئے حکمت الٰہیہ کا یہ اقتضاء ہوا کہ وہ اس قسم کے اعضاء کی غذا میں کسی قدر صفراء ملا دے تا کہ یہ خون ان کے مشابہ ہو سکے۔

تیسرے فائدہ کی توضیح یہ ہے کہ کیلوس کا ثفل آنتوں میں کچھ عرصہ تک پڑا رہتا ہے تا کہ جگر اس میں سے لطیف غذائی اجزاء باریک رگوں (ماساریقا) کے ذریعے جذب کرے مگر اس ثفل کے ردی اور بدبودار ہونے کی وجہ سے اس کا خطرہ تھا کہ وہ آنتوں کے شریف جرم کو خراب نہ کردے۔

اس لئے قدرت کاملہ نے ایک رطوبت (صہروج الامعاء) آنتوں کی اندرونی سطح پر لگائی اور اس طرح ان کو اس ثفل کی مضرت سے محفوظ کیا۔مگر جہاں اس نظام میں یہ خوبی تھی وہاں یہ وقت بھی پیدا ہوگئی کہ آنتیں اس رطوبت کی وجہ سے ثفل کی روایت وسوزش کو محسوس نہیں کرتیں اس لئے طبعیت اس کا دفع کرنے مین غفلت کرتی ہے۔اس دقت کے رفع کرنے کے لئے ایک ایسی چیز کی ضرورت محسوس ہوئی جو تیز سوزش ناک اور اچھی طرح پاک وصاف کرنے والی ہو اور بوقت ضرورت آنتوں پر گر کر طبعیت کو دفع فضلات کیلئے تنبیہ کرے۔یہ جملہ اوصاف صفراء میں پائے جاتے ہیں۔اس لئے حکمت ایزدی نے اس کا نظام فرمایا کہ صفراء کا کچھ حصہ آنتوں پر گرتا ہے۔اور اس کے ثفل وبلغم کو دھولے۔نیز سوزش پیدا کر کے انسان کو دفع حاجت کے لئے آمادہ کرے۔

سیارگان	کلمات	اعداد	حروف	تفصیل	بخورات
زحل	ابجد	۱۰	ی	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے	تخم اپسند، فلفل سیاہ قند سیاہ
مشتری	ھوزح	۲۶	وک	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے	عود، گوند خواہ کسی درخت کا بھی ہو
مریخ	طیکل	۲۹	طس	ان چاروح حروف کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے	مصطگی رومی، افیون، دارچینی
شمس	منسع	۲۲۰	کر	ان چاروں حروف کی حکمرانی پشت پر ہے	زعفران، گل انار، بلدی، صندل سرخ
زہرہ	فصقر	۴۷۰	عت	ان چاروح حروف کی حکمرانی شکم پر ہے	لوبان، مشک، شنگرف

عطارد	شتشخ	۱۸۰۰	ضغ	ان چاروح حروف کی حکمرانی داہنی ران پر ہے	گوگل، بادام کشنیز خشک
قمر	ذضظغ	۳۴۰۰	شجغ	ان چاروح حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے	صندل سفید
تفصیل		میزان		حروف ابجد قمری	

سوداء

سوداء کے معنی ہیں سیاہ۔ یہ خلط سیاہ رنگ کی ہوتی ہے۔اس لئے اسے اس نام سے موسوم کیا گیا ہے۔اس کا مزاج سرد خشک یعنی باردیابس ہے اور اس کا تعلق حروف خاکی سے ہے۔سوداء کا ایک فائدہ تو یہ ہے کہ وہ خون کو گاڑھا کرتا ہے اور دوسرا فائدہ یہ ہے کہ وہ ہڈی وغیرہ سرد خشک اعضاء کی غذا میں شامل ہوتا ہے۔اس کا تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اس میں سے کچھ حصہ فم معدہ (معدہ کے منہ) پر گر کر بھوگ لگا تا ہے۔

یہ بتایا جا چکا ہے کہ جسم انسانی چار عناصر سے مرکب ہے اور ابجد کے اٹھائیس حروف میں چاروں عناصر موجود ہیں ۔ گویا یہ اٹھائیس حروف بدنِ انسانی پر حکمرانی کرتے ہیں۔وضاحت کے لئے سابقہ جدول پر غور کریں۔ یہ مخفی راز آپ پر عیاں ہو جائے گا

امراضِ سر

کلمہ ابجد کی حکمرانی سر پر ہے۔اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش باموکل کل امراض سر کے لئے مفید ہے۔خصوصاً پاگل پن، سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لئے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ ،نسیان دردسر، درد کان و دانت امراض چشم، آواز کا بند، حلق میں درد ہونا اور لکنت وغیرہ کل امراض کے لئے یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر سر میں باندھیں۔

دماغی امراض خصوصاً پاگل پن ،نسیان، مالیخولیا کے لئے ہر روز یہی نقش چینی یا شیشے کی طشتری میں عرق وگلاب وزعفران سے تحریر کر کے دھو کر مریض کو نہار منہ پلائیں۔مدت کم از کم اکتالیس یوم ہے۔دماغی کمزوری، بال گرنا اور بال خورا کے لئے روغن کنجد یا روغن بیضہ مرغ میں نقش ڈال کر اس روغن کی مالش کریں اس طرح تمام امراض کو سمجھیں۔نقش یہ ہے۔

امراض دست راست

کلمہ ہوزح کی حکمرانی سیدھے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف شانے تک ہے اس کلمہ کے الفاظ مفردہ کا نقش با مؤکل منسوبہ حصے میں کسی قسم کے درد تکلیف، اس حصّہ کی طرف کے فالج وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔نقش یہ ہے۔

امراض دست چپ

نصف سینے سے لے کر الٹے ہاتھ لئے کلمہ طیکل کے حروفِ مفردہ کا نقش با مؤکل مفید ہے اس حصّہ کے ہر مرض ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج ،شانے کا درد، جوڑوں کے درد، امراض دل، گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام امراض کے لئے ساعت مریخ میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔کم از کم اکتالیس یوم تک۔نقش یہ ہے۔

CamScanner

امراضِ پشت

کلمہ منسع کی حکمرانی پشت پر ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کے نقش باموکل کو ان امراض کے لئے استعمال میں لائیں ۔مثلاً کمر درد، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، سل، دق، رقّت منی، احتلام جریان وغیرہ کے امراض میں ساعتِ شمس میں لکھ کر کمر پر باندھیں اور یہی نقش کسی شیشے کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔نقش یہ ہے۔

امراضِ شکم

کلمہ فصقر کی حکمرانی شکم پر ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش باموکل امراض شکم کے لئے استعمال میں لائیں ۔مثلاً درد شکم، ناف کا درد، قولنج، گیس، تبخیر معدہ، آنتوں کے جملہ امراض، گردہ اور مثانہ کی تمام امراض میں یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر متاثرہ جگہ باندھیں اور یہی نقش طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

CS CamScanner

امراض پائے راست

کلمہ شثخ کی حکمرانی داہنی ران سے پاؤں کی انگلیوں تک ہے۔اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش باموکل اس حصّہ میں ہر قسم کی درد، ہر قسم کی تکلیف، مثلاً عرق النساء، ریگن کے درد، وجع المفاصل وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران پر باندھیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں ۔نقش یہ ہے۔

امراض پائے چپ

کلمہ ذضظغ کی حکمرانی بائیں ران سے پاؤں کی انگلیوں تک ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش باموکل اس حصّہ میں ہر قسم کی تکالیف مثلاً بائیں پاؤں میں ریگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

اربعہ عناصر

بخوبی یاد رہے کہ پروردگار دو عالم نے موالید ثلاثہ شش جہات خمسہ شجرہ (ہفت) افلاک غرض عرش تا فرش ہر چیز کی بنا اربعہ عناصر پر قائم کی ہے جن میں اوّل آتش، دوم باد، سوم آب اور چہارم خاک ہے اور یہ چاروں عناصر ہر چہار اطراف عالم سے تعلق خاص رکھتے ہیں۔ چنانچہ عنصر آتشی مشرق سے، بادی مغرب سے، آبی شمال سے اور خاکی جنوب سے منسوب ہے اور پھر یہ چہار عناصر باہم ایک دوسرے کے دوست اور دشمن بھی ہیں اور انہی کی دوستی اور دشمنی کے پردے میں عملیات ونقوش کی ناکامی وکامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔

آتش و باد میں موافقت ہے ۔ خاک و باد میں موافقت ہے ۔

آتش و آب میں موافقت ہے ۔باد خاک میں موافقت ہے

ان کے علاوہ جو صورت ہو گی اسے میمَن قرار دیں گے ۔

شفاء الامراض

آگے آنے والی جدول سے یہ بخوبی ظاہر ہوتا ہے کہ اقسام حروف چہار طرح پر ہیں۔یعنی حروف ابجد کے حصے، چار عناصر اور سات سات حروف پر تقسیم ہوتے ہیں اس طرح کے آتشی (گرم) بادی (سرد) آبی (تر) اور خاکی (خشک)۔ان سے امراض جسمانی کے دفیعہ کی صورت یہ ہے کہ جہاں سرد امراض مثلاً نزلہ، زکام، کھانسی، نمونیہ اور دیگر سردی سے پیدا ہونے والے امراض ہوں تو وہاں گرم حروف کو ان کی تعداد کے مطابق مقرر کریں۔اور اھطمفشذ کو جس کے اعداد ۱۱۳۵ ہیں۔اتنی بار پڑھیں تو سردی اور اس کے عائد کردہ امراض دور ہو جائیں گے۔حروف تہجی کے عنصری نقوش درج کئے جاتے ہیں۔مرض کے مزاج کے مطابق حسبِ ضرورت پانی میں دھو کر مریض کو پلائیں اور ایک نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔بفضلِ خدا صحت ہو گی۔ہر بار دور طب مرض کے لئے اھطمفشذ یعنی حروف الناریہ کا نقش یہ ہے۔

طبائع حروف تہجی

طبائع	حروف متعلقہ	اختصار	جہت	مجموعہ	تاثیر	مزاج
آتشی	ا ہ ط م ف ش ذ	اھطمفشذ	مشرق	۱۱۳۵	گرم	صفرا
بادی	ب و ی ن ص ت ض	بوین صتض	مغرب	۱۳۵۸	سرد	خون
آبی	ج ز ک س ق ث ظ	جزکس قثظ	شمال	۱۵۹۰	تر	بلغم
خاکی	د ح ل ع ر خ غ	دحلع رخغ	جنوت	۱۹۱۲	خشک	سودا

نقطہ خاص

یہ ایک خاص قاعدہ ہے۔نقوش پُر کرنے کے لئے اس قاعدہ سے نقوش بلاکسر پُر کئے جاتے ہیں۔راقم السطور نے چاروں عنصری نقوش سے پُر کیا ہے۔یہ بلاکسر نقوش چالیس امراض اور دردوں کو دور کرنے کے لئے خاص طور پر مؤثر ہیں۔یہ انسانی جسم کے چار حصّوں پر انتہائی مؤثر ہیں۔دردسر، گوش اور کل امراضِ سر کے لئے۔نقش پُر کرنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ کل اعداد سے ۳۳ عدد طرح کریں اور باقی کو خانہ ایک سے چار تک پُر کریں۔باقی خانے حسب معمول اعداد طبعی سے یعنی ۵ سے ۱۶ تک لکھیں۔مثلاً حروف آتشی کے اعداد = ۱۱۳۵ سے ۳۳ طرح کئے باقی ۱۱۰۲ بچے۔پس ۱۱۰۲ کو خانہ اوّل میں رکھا اور ایک ایک کے اضافہ سے خانہ چار تک پُر کیا۔پھر طبعی اعداد سے نقش مکمل کیا۔اس طرح یہ بلاکسر نقش پُر ہوا اور میزان حروف آتشی کے مجموعہ کے برابر آیا۔بعض عاملین اس طرح بھی نقش پُر کرتے ہیں کہ خانہ ایک سے آٹھ تک طبعی اعداد لکھتے ہیں۔پھر کل اعداد جن کا نقش پُر کرنا ہو سے ۱۶ سے تفریق کر کے باقی کا نصف کر کے خانہ نہم میں رکھتے ہیں اور ایک ایک کا اضافہ کر کے خانہ ۱۶ تک پُر کرتے ہیں۔ایک کسر ایک آئے تو اسے خانہ ۱۳ میں ڈالتے ہیں۔

مثلاً حروف آتشی کے اعداد ۱۱۳۵ کا نقش: ۱۱۳۵-۱۶=۱۱۱۹÷۲=۵۵۹ باقی ایک بچا۔کسر خانہ ۱۳ میں آئی اور نقش اس طرح ہوا۔سر نقش حروف سے منسوبی جہت کا مؤکل اعظم تحریر کریں۔اور دیگر اطراف میں مددگار مؤکلات تحریر کریں۔

۷۸۶

۱	۵۶۵	۵۶۱	۸
۵۶۲	۷	۲	۵۶۴
۶	۵۵۹	۵۶۷	۳
۵۶۶	۴	۵	۵۶۰

یاد رہے کہ جس عنصر کا نقش استخراج کریں اس عنصر کے تمام حروف مفردہ کو نقش کے چاروں اطراف میں لکھیں۔آسانی کے لئے

CS CamScanner

حروف کی منسوبی جہت مؤکل اعظم اور مددگار مؤکلات کی جدول یہ ہے۔

عنصر	آتش
حروف متعلقہ	اہ طم ف ش ذ
جہت	مشرق
مؤکل اعظم	دنیائیل
مددگار مؤکلات	صمائیلُ ، حرقیائیلُ ، سمحیائیل
عنصر	باد
حروف متعلقہ	ب وی ن ص ت ض
جہت	مغرب
مؤکل اعظم	دردیائیلُ
مددگار مؤکلات	جبریقیلُ،قصمائیل،دشویائیل
عنصر	آب
حروف متعلقہ	ج زک س ق ث ظ
جہت	شمال
مؤکل اعظم	اینائیل
مددگار مؤکلات	فرعوئیلُ،طائیلُ، واللوئیلُ
عنصر	خاک
حروف متعلقہ	دح ل ع رخ غ
جہت	جنوب
مؤکل اعظم	صرفیائیل
مددگار مؤکلات	قمبائیلُ،مرجائیلُ،حرمکائیل

(۲): یہ مخصوص قاعدہ درددل ،جگروسینہ کے لئے مؤثر ترین ہے۔کل اعداد سے ۲۹ عدد طرح کریں اور باقی کو خانہ ۵ سے ۸ تک پُر

کریں۔باقی خانے حسبِ معمول طبعی ہوں گے۔

مثلاً بادی حروف بـویـن صسّض کے اعداد ۱۳۵۸ کا نقش پُر کرنا ہے تو ۲۹ تفریق کرنے سے ۱۳۲۹ بچے اور نقش یہ تیار ہوا۔جوکہ تمام امراض کے دفعیہ کے لئے سریع الاثر ہے گرم امراض ختم ہوکر جسم میں ٹھنڈک پیدا ہوگی۔طلوع آفتاب کے وقت بروز جمعہ کو لکھیں۔بوین صتض کا نقش یہ ہے۔

بعض علماء ہر بار دو یا بس مرض کے لئے حروف الھوائیہ کا یہ نقش استعمال کرتے ہیں۔یعنی کل اعداد سے ۱۶ عدد طرح کر کے باقی کے نصف کو خانہ نہم میں ۱۶ تک پُر کرتے ہیں اور خانہ اوّل سے ۸ تک اعداد طبعی پُر کئے جاتے ہیں۔

۷۸۶

۸	۶۷۳	۶۷۶	۱
۶۷۵	۲	۷	۶۷۴
۳	۶۷۸	۶۷۱	۶
۶۷۲	۵	۴	۶۷۷

(۳):انسانی بدن کے تیسرے حصّے امراض شکم مثلاً ناف کا ٹلنا،آنتوں کی دق،تبخیر معدہ،پیٹ درد،قولنج اور درد کمر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔خشکی کے تمام امراض کے لئے تر حروف (آبی) جن کے اعداد ۱۵۹۰ ہیں۔ان کے مطابق پڑھیں تو خشکی دور ہو اور بدن میں تری پیدا ہوکر طبعیت کو سکون حاصل ہو۔خشک خارش،سیاہ داغ برص وغیرہ اگر بدن میں رطوبات خشک ہوچکی ہوں تو بھی مؤثر ہے۔رطوبات کی خشکی سے پیدا ہونے والے امراض بندش حیض اور خشک کھانسی وغیرہ۔

بوقت طلوع شمس چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر عرق گلاب اور بید مشک سے دھو کر شہد ملا کر مریض کو پلائیں واضح رہے کہ

CamScanner

شدت مرض میں صبح دوپہر اور شام ایک ایک نقش پلایا جا سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

حروف سے امراض کے ازالہ کے لئے کم از کم علاج کی مدت چالیس یوم ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۲۵ عدد طرح کریں اوران کو خانہ ۹ سے ۱۲ تک پُر کریں۔ باقی تمام خانے حسبِ معمول طبعی ہوں گے۔ ۱۵۹۰ - ۲۵ = ۱۵۶۵۔ بعض علماء ہر حار یابس مرض کے لئے حروف المائیبہ کے اعداد ۱۵۹۰ کا یہ نقش استعمال میں لاتے ہیں۔ آبی عددی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۷۸۹	۷۹۲	۱
۷۹۱	۲	۷	۷۹۰
۳	۷۹۴	۷۸۷	۶
۷۸۸	۵	۴	۷۹۳

(۴): انسانی جسم کے چوتھے حصّہ آزاد پاء یعنی پاؤں کی ہر تکلیف کے لئے حروف خاکی کا یہ مخصوص بلاکسر نقش انتہائی مؤثر ہے۔ ناف سے پاؤں تک کے تمام امراض کے نجات کے لئے اس نقش سے کام لیں۔ علاوہ ازیں تمام گرم تر اور بادی امراض کا قلع قمع کرتا ہے۔ بدھ کے روز طلوع آفتاب کے وقت لکھ کر تپ محرقہ ورم، پھوڑا، پھنسی، طاعون، دمہ یا بدن میں خون کم ہو گیا ہو تو دیں۔ تمام رطوبتی امراض جن میں رطوبت خارج ہوتی ہے یعنی سیلان الرحم۔ کثرت حیض، سیلان خون، جریان، سلسل بول وغیرہ، پاؤں، پنڈلیوں کے درد، وجع المفاصل کے درد وغیرہ کے لئے استعمال میں لائیں۔ نقش یہ ہے۔

نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کل اعداد سے ۲۱ طرح کریں اور باقی کو خانہ ۱۳ سے ۱۶ تک پُر کریں۔ پہلے خانے طبعی ایک سے ۱۲ تک پہلے پُر کرلیں۔ حروف خاکی کا بلا کسر نقش پُر ہو جائے گا۔ بعض اساتذہ مذکورہ بالا امراض کے لئے **دحلعر خغ** کوان کے اعداد ۱۹۱۲ کے مطابق پڑھ کر دم کرتے ہیں ہیں اور ان اعداد کا یہ نقش ہر حار رطب مزاج کے لئے دیتے ہیں جو درج ہے۔

۷۸۶

۸	۹۵۰	۹۵۳	۱
۹۵۲	۲	۷	۹۵۱
۳	۹۵۵	۹۴۸	۶
۹۴۹	۵	۴	۹۵۴

تشخیص کے سولہ طریقہ اسی کتاب کے باب اول میں ہم نے درج کر دیے ہیں۔ اور تشخیص کے چند طریق ہماری کتاب ''رد سحر حصہ اول، دوم، سوم اور آسیبی قوتوں سے نجات'' اور ''فیضان الحروف'' میں درج ہیں۔ آپ تفصیل کے لئے کتب مذکورہ کا مطالعہ فرمائیں ۔ چند طریق ہم یہاں تحریر کرتے ہیں جو کہ نہایت مستند ہیں اور جب آپ آزمائیں گے تو بفضل تعالیٰ درست پائیں گے۔

طریقہ تشخیص اوّل

تشخیص وعلاج کا یہ نہایت آسان ترین اور بے خطا طریقہ ہے۔ یہ تو آپ پڑھ چکے ہیں کہ انسان میں چار اخلاط ہیں۔اور بدن انسانی میں انہی کی کمی بیشی سے مرض پیدا ہوتا ہے۔پس اس طریقہ سے معلوم کیا جاتا ہے کہ بدن انسانی میں کس خلط کی کمی وبیشی سے مرض پیدا ہوا ہے۔ابجد کے ۲۸ حروف چاروں اخلاط پر حکمران ہیں جن کی تفصیل کے لئے یہ جدول درج ذیل ہے۔

جدول

اخلاط	مزاج	حروف متعلقہ	عناصر	عنصری رنگ
صفرا	گرم	ا ھ ط م ف ش ذ	آتش	سرخ
خون	سرد	ب و ی ن ص ت ض	باد	زرد
بلغم	تر	ج ز ک س ق ث ظ	آب	سفید، نیلا
سودا	خشک	د ح ل ع ر خ غ	خاک	سیاہ

جب مریض اپنا حال کہنا شروع کرے تو جو کلمہ اس کے منہ سے پہلے نکلے اسے لکھ لیں۔پھر مریض کا نام لکھیں اور اس وقت جس ستارے کی ساعت ہو اس کا نام لکھیں۔جس ستارے کا دن ہو اس ستارے کا نام لکھیں۔اب ان سب کو بسط حرفی کر کے ان تمام حروف کو اربعہ عناصر پر تقسیم کریں پس جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں گے اسی سبب سے مرض پیدا ہوا ہوگا۔مثلاً بیمار کہتا ہے کہ ''معلوم نہیں ہوتا مجھے کیا مرض ہے کافی علاج کروائے مگر وقتی فائدہ ہوا صحت کاملہ نہیں ہوئی۔'' مریض کے منہ سے پہلا کلمہ ''معلوم'' نکلا۔اس وقت ساعت شمس تھی۔دن ہفتہ کا تھا۔ہفتہ سے زحل منسوب ہے اور مریض کا نام ناصر علی ہے۔ان سب کو ایک سطر میں لکھا۔معلوم ناصر علی شمس زحل بسط حرفی کیا۔م ع ل و م ن ا ص ر ع ل ی ش م س ز ح ل اربعہ عناصر پر ان حروف کو تقسیم کیا۔

آتش: م م ا ش م = اعداد = ۴۲۱ = کل حروف = ۵

باد: و ن ص ی = اعداد = ۱۵۶ = کل حروف = ۴

آب: س ز = اعداد = ۶۷ = کل حروف = ۲

خاک: ل ع ر ع ل ح ل = اعداد = ۴۳۸ = کل حروف ۷

عنصر خاک غالب ہے۔غالب حروف کی خلط سوداوی ہے۔معلوم ہوا کہ مریض سوداوی ہے۔بدن میں خشکی ہے۔صودا پیٹ سے متعلق ہے۔مریض کا نظام ہضم درست نہیں رہتا درد شکم، ناف کا درد، گیس، تبخیر معدہ اور آنتوں کے جملہ امراض ورم، سوزش اور دست اسہال وغیرہ کی تکالیف ہوسکتی ہیں مریض کا گلہ خشک رہتا ہے۔

بہتر ہوگا کہ گرم تر حروف سے علاج کریں یعنی حروف بادی کے علاج سے سردی خشکی اعتدال پر آجائے گی اور مریض تندرست ہو

CS CamScanner

جائے گا۔ہم نے ہر بات وضاحت سے تحریر کردی ہے جسے ہر مبتدی اور نو آموز بآسانی سمجھ سکتا ہے۔

طریقہ تشخیص دوم

مبتدی حضرات کے لئے پہلے طریقے سے بھی آسان قاعدہ تحریر کررہا ہوں اور وہ یہ ہے کہ آپ مریض سے کہیں کہ وہ کوئی حرف حروف تہجی سے اپنی زبان سے کہے۔پس جو حرف زبان سے کہے اس کا ثمرہ حسبِ ذیل ہے۔واضح ہو کہ بعض خانوں میں دو حروف ہیں اور بعض میں ایک۔یہ ایک خاص تقسیم ہے۔

حالاتِ مریض

ا ، ف : بخار ہے صفرا ہے۔سرسام کے آثار ہیں یا کہیں درد ہے خصوصاً قولنج۔

ب ، ص : بخار ہے معدہ میں خرابی ہے بواسیر ہے سل ہے خارش ہے دنبل ہے

ج ، ق : کسی جگہ ورم ہے کھانسی ہے ریاح ہے سردی نے ستایا ہے۔لقوہ ہے۔

د ، ر : بدن کے کسی حصّہ میں درد ہے۔بلغم اور سودا ہے تپ ہے۔

ہ ، ش : صفرا ہے۔پیاس لگتی ہے خشکی ہے یرقان ہے بخار ہے۔

و ، ت : درد سینہ،بلغم، بخار،قولنج یا مثانہ کی کوئی تکلیف،جریان وغیرہ ہے۔

ز ، ث : خرابی معدہ، درد شکم،گیس تبخیر معدہ ہے یرقان ہے۔

ح ، خ : بخار ہے سوداویت ہے خون میں خرابی ہے، پیٹ کی خرابی ہے۔

ط ، ذ : زکام،پیچس وغیرہ،سردی لگتی ہے کان میں درد ہے۔

ی ، ض : کثرتِ غم سے علالت ہے بخار ہے بدن کے نچلے حصّہ میں درد ہے۔

ک ، ظ : معدہ میں خرابی ہے، بے ہوشی، بواسیر وغیرہ۔

ل ، غ : قبض، دردمعدہ اور کوئی روحانی تکلیف ہے۔

م ، × : درد شکم، درد سینہ،نزلہ زکام اور پشت یا کسی جانور نے کاٹا ہے۔

ن ، × : کھانسی ہے بخار اور علامت دق درد پشت وگردہ وغیرہ۔

س ، ع : آلات تناسلہ میں کمزوری، پوشیدہ امراض، بخار لرزہ وغیرہ

جدول ابجد عنصری یہ ہے۔

درجات	آتش	خاک	باد	آب	الکعب	حرف	کواکب
مرتبہ	ا	ب	ج	د	۱۰	ی	زحل
درجہ	ہ	و	ز	ح	۲۶	وک	مشتری
دقیقہ	ط	ی	ک	ل	۶۹	طس	مریخ
ثانیہ	م	ن	س	ع	۲۲۰	کر	شمس
ثالثہ	ف	ص	ق	ر	۳۷۰	عت	زھرہ
رابعہ	ش	ت	ث	خ	۱۸۰۰	ضغ	عطارد
خامسہ	ذ	ض	ظ	غ	۳۴۰۰	تغغغ	قمر

حکمائے فلاسفہ کے اعمال میں یہ جدول حروف سے طلسم بنانے کے کام آتی ہے۔طلسم کے لئے حرف جس عنصر کا ہو اُس کے موافق عنصر سے اُس کے مقابل کا حرف ملا کر طلسم بنایا جاتا ہے۔مثلاً (ا) سے (اج) اور (ب) سے (بد) اور (ح) سے (حو) اور (م) سے (مس) اور (ر) سے (رص) وغیرہ طلسم تیار ہوتے ہیں اسی طرح تمام حروف کو ذہن میں رکھیں۔

افسون اور طلسم بنانے کے خاص قانون

علم الحروف کے متعلق بہت کم لوگ واقفیت رکھتے ہیں اور زیادہ تر مشکل اعمال کو پسند کرتے ہیں پیچیدہ قوانین ہوں تو ان کی طرف زیادہ توجہ کرتے ہیں اور اپنے خیال میں سمجھتے ہیں کہ یہ اعمال قوی الاثر ہیں۔حالانکہ علم الحروف بڑا وسیع علم ہے۔ہمارا تجربہ اور مشاہدہ ہے کہ علم الحروف میں جس قدر تاثیر ہے، بڑے بڑے عملیات میں وہ بات نہ پائی جائے گی۔جس کی توقع کی جا سکتی تھی ہم یقین سے کہتے ہیں علم الحروف سے کام لیتے ہیں اور ہمارے نتائج نوے فی صد درست ہوتے ہیں اگر آپ بھی چاہیں تو اس علم کو سیکھ کر جائیں۔ان شاء اللہ نتائج بہتر اور حوصلہ افزاء ہوں گے۔حروف صوامت اعمال بندش کے لئے قوی الاثر ہیں اور شعبہ ہائے زندگی کے چوتھائی حصے پر حروفِ صوامت قابض ہیں۔اگر آپ حروفِ صوامت کے ہی عامل بن جائیں تو واقعی چوتھائی ضروریات کو باآسانی پورا کر سکیں گے۔حروف کی تقسیم کی کئی اقسام ہیں۔حروفِ صوامت، حروف نورانی، حروف ظلمانی، حروف ناطق اور حروف شفا وغیرہ عنصری تقسیم اس کے علاوہ ہے۔حروف نورانی صوامت کا رد کرتے ہیں۔سحر جادو، آسیب اور حادثات سے تحفظ بخشتے ہیں اور مفتاح الامور ہیں۔حروف نورانی تعداد میں چودہ ہیں اسی طرح حروف ظلمانی بھی تعداد میں چودہ ہیں اور یہ حروف اعمال شر میں کام کرتے ہیں۔کسی کو کسی کو بیمار کرنا، پریشان کرنا وغیرہ کے اعمال ان سے ترتیب پاتے ہیں۔حروف صوامت، نورانی، ظلمانی کے بعد چوتھی قوت حروف شفا کی ہے۔حروف شفا کو حروف دفع علت بھی کہا جاتا ہے۔کیونکہ یہ بیماریوں کو دفع کرتے ہیں اور صحت و شفا بخشتے ہیں۔یہ تعداد میں دس ہیں۔یہاں ہم میں حروف شفا سے طلسم اور افسون تیار کرنے کے کے چند قانون تحریر کررہے ہیں۔اگر آپ نے ان کو سمجھ لیا تو شفا کی قوت پر تصرف پالیں گے۔حروف ابجد کے اٹھائیس حروف کو بارہ بروج میں اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ آتشی بروج، خاکی بروج کو خاکی، بادی بروج کو بادی اور آبی بروج کو آبی حروف میں دیئے گئے ہیں۔جس کی جدول مع کواکب درج ذیل ہے۔اسی جدول سے شفا کے طلسم استخراج کئے جائیں گے۔جس کی مکمل تفصیل ہم ذیل میں تحریر کر رہے ہیں۔ابجد کے اٹھائیس حروف میں سے یہ دس حروف دفع علت یا حروف شفا کہلاتے ہیں۔جو یہ ہیں۔(اب ت ث ط ظ ف ک ل ی۔) ان حروف کے طلاسم سے ہر مرض کا علاج کیا جا سکتا ہے اور ہم نے اس سے ایسے امراض کا علاج کیا ہے جن کے علاج سے جدید میڈیکل سائنس بے بس تھی۔شافیِ مطلق نے شفا عطا فرمائی جدول یہ ہے۔

عناصر	آتش	خاک	باد	آب
بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان
کواکب	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر
حروف	ا م ذ	د ح ل	ب ن ض	ز ج س
کلمات	امذ	دحل	بنض	زجس
اعداد	۷۴۱	۴۲	۸۵۲	۷۰

مؤکل	انذئیل	دحلائیل	بنھائیل	زجسائیل
عناصر	آتش	خاک	باد	آب
بروج	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
کواکب	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ
حروف	ف ھ	ع ر	و ص	ق ث
کلمات	فہ	عر	وص	قث
اعداد	۸۵	۲۷۰	۹۶	۶۰۰
مؤکل	فھائیل	عرائیل	وصائیل	قثائیل
عناصر	آتش	خاک	باد	آب
بروج	قوس	جدی	دلو	حوت
کواکب	مشتری	زحل	زحل	مشتری
حروف	ط ش	خ غ	ی ت	ظ ک
کلمات	طش	خغ	یت	ظک
اعداد	۳۰۹	۱۶۰۰	۴۱۰	۹۲۰
مؤکل	طشائیل	خغائیل	یتائیل	ظکائیل

قانون یہ ہے کہ کسی مریض کے لئے عمل تیار کرنا ہوتو اسے جو مرض ہو۔اس کا نام تحریر کر کے بسط حرفی کریں اس کے بعد دیکھیں کہ سائل جس وقت آیا ہے اس وقت کا طالع دیکھیں جو برج طالع ہو۔جدول سے برج کے منسوبی حروف کا کلمہ لیں۔پھر پہلا حرف مرض کا لیں۔پھر پہلا حرف دفع علت سے لیں۔پھر دوسرا حرف علت کا اور دوسرا حرف شفا لیں۔اسی طرح یکے بعد دیگرے سارے حروف لیتے جائیں۔اگر بیماری کے حروف زیادہ ہوں تو حروف شفا دوبارہ شروع سے جتنے حروف کی ضرورت ہولیں۔اگر حروف دفع علت زیادہ ہوں تو باقی ماندہ کو آخر میں ترتیب سے لکھ لیں اس طرح حرفوں کی ایک سطر حاصل ہوگی۔یہی سطر افسون یا طلسم بنانے کے کام آئے گی۔طالع وقت کا جو کلمہ لیا تھا۔اس کے شروع میں مرض کا پہلا حرف شامل کر کے ایک کلمہ بنالیں۔اس طرح جو کلمے حاصل ہوں۔یہی افسون اور طلسم ہوگا۔اب یہ طلسم اور افسون مریض کے گلے میں لٹکایا جائے گا۔مثال سے سمجھا دیتا ہوں تا کہ ہر قاری استفادہ کر سکے۔مثلاً کسی کو بڑے جوڑوں کا درد یعنی وجع المفاصل ہے اور مریض طالع برج ثور میں آیا ہے۔اب بیماری کے حروف کا بسط حرفی کیا۔

واج ع ال م ف اص ل۔

پہلا حرف مرض کا واؤ اور دفع علت کا الف لیا۔اس طرح متواتر عمل کرتے ہوئے۔یہ سطر حاصل ہوئی۔

وااب ج ت ع ث اطل ظ م ف ف ک ال ص ی ل ا

چونکہ طالع برج ثور تھا اور جدول کے ثور کے حروف کا کلمہ دحل ہے۔اس کے شروع میں مرض کا پہلا حرف واؤ لگایا تو کلمہ ودحل بن گیا۔اب سطر مندرجہ بالا کے حروف کے کلمے بنائے۔

وااب،جتعث ،اطلظ ،مففک ،الصی ،لا۔ان کے شروع میں کلمہ ودحل لگا کر معرب کیا تو یہ افسون بنا۔

وَدُحِلُ ، وَاُاُبَ ، جِبّعُثِ ، اُطلُلظِ ، مُقُفُكِ ، اُلصَیَ ، لِاُ۔

افسون کے کل چھبیس حروف ہیں۔اس لئے ۲۶ یوم تک یہی افسون کے شیشے یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر مریض کو پلایا جائے گا۔ ایک افسون لکھ کر یعنی تانبے یا چاندی کی ٹکڑے پر کندہ کر کے مریض کے گلے میں لٹکا یا جائے گا۔یہی افسون آٹھ روز تک پڑھ کر مریض کے درد وں والے حصّہ پر دم بھی کیا جا سکتا ہے اس پورے عمل کے بعد ان شاءاللہ زندگی بھر واجع المفاصل کا مرض نہ ہوگا۔

حکماء نے حروف آتشی کو پیش دی ہے۔کیونکہ آتش علو فاتی ہے اور حروف بادی کو زبر دی ہے کہ ہوا کو علو سفلی حاصل ہے اور حروف آبی کو زیر دی ہے کیونکہ طبعیت آب میں پستی ہے اور حروف خا کی کو سکون (جزم) دیا ہے کہ خاک ساکن ہے اگر حروف خا کی مجزوم ابتداء کے لفظ میں آجائے۔تو اس کو بقاعدہ الساکن اذاحرکتہ بالکسر کسرہ دیتے ہیں۔یعنی زیر دیتے ہیں۔اعراب لگانے کی جدول یہ ہے۔

مرکبات	حروف متعلقہ	علامت
اویـــــــلـــــــمـــــــنـــــــع	اَو یَ لَ مَ نَ عَ	زبر والے حروف
جــــــزکــــــــس فتـــــح	جُ زُ كُ سُ فُ تُ خُ	پیش والے حروف
هــــــــرشـــــــذ صـــــط	هِ رِ شِ ثِ زِ صِ طِ	زیر والے حروف
بــــــدخـــــظـــــغـــــفــــق	بُ دُ خُ ظُ غُ ضُ قُ	جزم والے حروف

قانون دوم

اس قاعدہ سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے کہ علّت کے حروف میں دیکھیں۔کسی عنصر کے حروف زیادہ ہیں۔پس جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں۔ان کو ملاحظہ کریں کہ وہ کس برج اور کس کوکب سے تعلق رکھتے ہیں۔اس کو اس ستارہ کے برج کے حروف کے ساتھ مرکب کر کے کلماتِ طلسم بنالئے جائیں گے۔حروفِ علّت میں اگر کوئی حرف دوبارہ آئے تو وہ دوسرے حروف کے ساتھ مرکب کیا جائے گا۔جیسا کہ مثال سے واضح ہے۔

مثال: عرق النساء کے مریض کے علاج کے لئے طلسم تیار کرنے کی مثال تحریر کر رہا ہوں۔عرق النساء لنگڑی کے درد کو کہتے ہیں

CamScanner

بڑی نامراد تکلیف ہوتی ہے۔ نقرس چھوٹے جوڑوں کے درد کو کہتے ہیں۔

حروف علت	ع	ر	ق	ا	ل	ن	س	ا
کواکب متعلقہ	شمس	زہرہ	زہرہ	زحل	مریخ	شمس	شمس	زحل
بروج	اسد	ثور	میزان	جدی	حمل	اسد	اسد	دلو
حروفِ بروج	ھف	دح ل	وص	خ غ	ام ذ	ھف	ھف	ی ت
طلسم	ھف	دحل	وص	خغ	امذ	ھف	ھف	ایت

اب ان کلمات کو حسبِ ذیل کے کلیہ کے مطابق معرب کیا تو متاثرہ جگہ باندھنے کا طلسم اور پڑھنے کا افسون یہ بنا۔ عَھِفَ ، رِدُحُلَ ، قِوَصِ ، اَخُغِ ، لَاَمَذُ ، نَھِفُ ، سُھِفُ ، اَیَتُ ۔ اس قاعدے میں صرف اسی جدول کے مطابق کلمات افسون پر اعراب لگائے جائیں گے۔ اگر کلمہ کے شروع میں جزم والا حروف آئے تو اسے زیر سے بدل دیئے ہیں۔

جدول حروف سیارگان

نام کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	عناصر
متعلقہ حروف	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ز	آتش
متعلقہ حروف	ب	و	ء	ن	ص	ت	ص	باد
متعلقہ حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	آب
متعلقہ حروف	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	خاک

جدول حروف بروج

بروج	حروف	کواکب	بروج	حروف	کواکب
حمل	ام ذ	مریخ	میزان	وص	زہرہ
ثور	دل ح	زہرہ	عقرب	ق ث	مریخ
جوزا	ب ن ض	عطارد	قوس	طش	مشتری
سرطان	ج زس	قمر	جدّی	خ غ	زحل
اسد	ھف	شمس	دلو	ی ت	زحل
سنبلہ	ع ر	عطارد	حوت	ک ظ	مشتری

جب بھی کسی فرد کو کوئی مرض مثلاً دردشکم، دردگردہ، دردسر، دردکمر، فالج، لقوہ، دردچشم، دمہ اور کھانسی یعنی ضیق النفس شوگر یعنی ذیابطیس، تپ دق، تپ محرقہ، یرقان، نسیان یعنی بھول جانے کا مرض، وجع المفاصل، عرق النساء، ذات الجنب یعنی نمونیہ اور پسلی کا درد، سیلان الرحم یعنی لیکوریا، بواسیر صرع، یعنی مرگی، آتشک یعنی بادفرنگ، کثرتِ حیض یا قلت حیض، سوزاک، جریان منی، سلسل بول یا حبس بول، خارش، ہچکی، آشوبِ چشم سنگ گردہ مثانہ، ہول دل، دردِ دل، تبخیر معدہ، گیس ٹربل قبض وغیرہ یعنی کسی بھی مرض سے شفا مقصود ہو۔ جو کسی بھی طریقہ علاج یونانی، ایلوپیتھی ہومیوپیتھی وغیرہ سے دور نہ ہوتی ہو۔ تو حکمائے سلف اس کے لئے طلسم یا افسون تیار کرتے ہیں اور ہم بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ ایسے طریقہ سے تیار کردہ افسون دم کرنے، پلانے یا پڑھنے کے لئے تیار کئے جاسکتے ہیں۔ یہی طلسم پاس رکھنے کے لئے بھی دیئے جاتے ہیں۔ اگر مرض ایسا ہے کہ دم کرنا ہو۔ تو افسون کو اس حروف کی تعداد کے مطابق پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر دیں مریض کے گلے یا متاثرہ جگہ افسون کو باندھ سکے۔ اگر مرض ایسا ہے کہ طلسم پلانا مقصود ہے تو چینی کی طشتری یا بلور کی طشتری پر طلسم کو اس کے حُروف کی تعداد کے مطابق لکھ کر عرق گلاب دھو کر مریض کو پلائیں۔ طلسم یا افسون کو زعفران کی روشنائی سے تحریر کرنا چاہیئے۔

قانون سوم

اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک حرف علت اور ایک دفع علت میں سے لے کر سطر مکمل کرتے ہیں۔ یعنی دو سطریں نام بیماری اور حروف شفا کے نیچے اوپر مفرد لکھ کر ان کو امتزاج دیتے ہیں۔ جب ایک سطر بن جاتی ہے تو اس کے کل حروف شمار کر کے طاق ہوں تو تین تین حروف ملا کر کلمے بنائے جاتے ہیں۔ جفت ہوں تو چار چار حروف ملا کر کلمے بنائے جاتے ہیں۔ پھر ان پر اعراب لگائے جاتے ہیں۔ یہی کلمے طلسم یا افسون کہلاتے ہیں۔ واضح رہے کہ افسون اور طلسم تعویذات ونقوش سے کہیں زیادہ طاقتور اور سریع الاثر ہوتے ہیں۔ مثلاً: علاج ''سیلان الرحم'' یعنی لیکوریا کے لئے افسون تیار کرنا ہے۔

حروف شفا: اب ت ث ط ظ ف ک ل ی۔

حروف علّت : س ی ل ا ن ا ل ر ح م

امتزاج: ا س ب ی ت ل ث ا ط ن ظ ا ف ل ک ر ل ح ی م

امتزاجی سطر کے حروف بیس ہیں۔ جو جفت ہیں۔

اس لئے چار چار حروف کے کلمے بنائے۔ جو یہ ہیں۔ اسبی ثلثا طنظا فلکر لحیم ،

معرب کیا تو یہ افسون تیار ہوا۔ اُسبِیَ ثچچَلِثاُ طُنَظِاُ فُلُکِرُ لِحُیَمُ

اس قاعدہ میں اگر حروف علّت تعداد میں زیادہ ہوں تو حروفِ شفا کو دوبارہ شروع سے لیا جاسکتا ہے۔ اگر حروف علت تعداد میں کم ہوں تو حروف شفا باقی ماندہ کو ترتیب وار امتزاجی سطر کے آخر میں تحریر کردیں۔

CamScanner

قانون چھارم

یہ قاعدہ کچھ اس طرح ہے کہ حروف شفا کو ایک سطر میں ترتیب وار تحریر کریں اب دوسری سطر میں بیماری کا عام فہم یا طبّی نام تحریر کریں اب حروف شفا کا پہلا حروف پہلے لکھ کر بعد میں بیماری کا پہلا حرف تحریر کریں۔ پھر حروفِ شفا کا دوسرا حرف اور بیماری کا پہلا حرف اس طرح حروف شفا کے دس حروف تحریر کریں مگر بیماری کا پہلا حرف ہی ہر حرف کے ساتھ تحریر کرنا ہوگا۔ یہ دوحرفی کلمے بن جائیں گے۔ اگلے مرحلے میں پھر حروف شفا کا حرف اور بیماری کا دوسرا حرف اس طرح دفع علت کے تمام حروف سے ملائیں مگر بیماری کا دوسرا حرف تحریر کریں۔ اسی طریقہ پر علت کے تمام حروف لئے جائیں۔ دو(۲)، دو(۲) حرفی کلمے بن جائیں گے۔ یہی طلاسم شفاء ہیں۔ مثلاً ''جریان منی'' کے طلاسم یہ بنے۔

حروف شفا: اب ت ث ط ظ ف ک ل ی

حروف علت: ج ر ی ا ن م ن ی

طلاسم:

: اُجِ بَجِ تَجِ ثِجِ کلج فُجِ کِجِ لِجِ تَجِ

: اُر بَر تَر ثِرُ طُرُ ظِر کِر یر یَر

: اُ یَ لَیَ تَیَ ثَیَ طُیَ ظِیَ فُیَ کِیَ لِیَ یَیَ

: اُمُ بَمُ تَمُ ثِمُ طُمُ ظَمُ فُمُ کِمُ لِمُ یَمُ

: اُنَ بَنَ تَنَ ثِنَ طُنَ ظِنَ فُنَ کِنَ لِنَ یَنَ

: اُیَ لَیَ تَیَ ثَیَ طُیَ ظِیَ فُیَ کِیَ لِیَ یَیَ

دوسری مثال مرض دمہ کی یہ ہے۔

حروف شفا: اب ت ث ط ظ ف ک ل ی

حروف علت: د م ہ

طلاسم:

اُوُ بَدُ تَدُ ثِدُ طُدُ ظِدُ فُدُ کِدُ لِدُ یَدُ

اُمُ بَمُ تَمُ ثِمُ طُمُ ظَمُ فُمُ کِمُ لِمُ یَمُ

اَہ بَہُ بَہُ ثَہُ طُہُ ظَہُ فَدُ کِدُ لِہُ یَہُ

CamScanner

مثال: نام مرض لیکوریا

حروف شفا: اب ت ث ط ظ ف ک ل ی

ال بل تل ثل طل ظل فل کل مل یل

ای بی تی ثی طی ظی فی کی لی یی

اك بك تك ثك طك ظك فك كك لك يك

او بو تو ثو طو ظو فو کو لو یو

ار بر تر ثر طر طر فر کر لر یر

ای بی تی ثی طی ظی فی کی لی یی

آ با تا ثا طا ظا فا کا لا یا

مثال: نام مرض زکام

حروف شفا: اب ت ث ط ظ ف ل ی

از بز تز ثز طز ظز فز لز یز

اك بك تك ثك طك ظك فك لك يك

آ با تا ثا طا ظا فا لا با

ام بم تم ثم طم ظم فم لم یم

متفرق اعمالِ حروف

واضح رہے کہ حروف کہ یہ نقوش طلسم وغیرہ عنصری ترتیب سے ہٹ کر ہیں۔حروف کے یہ مختصر اعمال جو بمنزلہ تاثیر طلسم ہیں۔یہ مت بھولیں کہ ہر حرف خداوند تعالیٰ کا اسم بھی ہے۔

ہر قسم کا خون روکنے کے لئے

ہفتہ کے روز سیسہ کی لوح پر یہ حروف کندہ کر کے کسی رنگین ریشمی ڈروے میں باندھ کر گلے میں ڈالیں۔خون خواہ کسی قسم کا ہو، بند ہو جائے گا۔خون حیض،خون بواسیر،نکیر وغیرہ کے لئے ایسے چند تعویذ کاغذ پر تحریر کر کے چند یوم مریض کو دھو کر پلائیں۔حروف یہ ہیں۔

ح م ا ح ل ی ق ی ح ا ل م ح ی ح م ا

ح ل ی ق ی ح ا ل ح م ی ی ح م ا ل ح ل ی ق

ی ح ا ل ق م ح ی ق ی و ب ح م س

برتھ کنٹرول

مرد انگوٹھی کے نگینہ پر رجب کی پہلی تاریخ کو یہ نقش کندہ کرا کے انگلی میں پہن لے اور کاغذ پر لکھ کر عورت کے بازو پر باندھ دیا جائے تو کبھی حمل قائم نہ ہوگا۔نقش یہ ہے۔

ای ۱۱۹۱ ک دمـــــــلا ہ ۱۹۹ مـــــــلا

دافع ہیضہ، پیٹ درد و جملہ امراض شکم

اگر کسی کو ہیضہ یا درد شکم ہو جائے تو یہ نقش لکھ کر پرانے پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھیں اور ایسے چند نقوش پانی سے دھو کر پلائیں۔نقش یہ ہے۔

گلھڑ گھیگھا یعنی گلے کا پھولنا

یہ مرض اگر چہ اتنا مہلک تو نہیں مگر اس سے گلا بدنما ہو جاتا ہے۔خصوصاً نوعمر لڑکیوں کو یہ مرض اکثر لاحق ہو جاتا ہے۔اس کا نقش لکھ کر گلے میں باندھیں یا الٹے بازو پر باندھیں۔نقش پر بسم اللہ یا اس کے اعداد نہ لکھیں۔نقش یہ ہے۔

دردِ دندان

اگر کسی مرد و زن کی داڑھ، دانت یا منہ کے اندر کسی جگہ درد ہو تو اسی طرف کے رخسار پر شہادت کی انگلی سے یہ حروف لکھیں۔ تین بار لکھنے سے ان شاءاللہ درد ختم ہوگا۔ حروف یہ ہیں۔

ف ر ع و ن غ ر ق ش د

دردوں کو سلب کرنے کا لاثانی عمل

دردوں کو سلب کرنے کا یہ مشہور عمل ہے۔ اکثر عملیات کی کتب میں ملتا ہے اور اکثر عاملین کے تجربہ میں ہے۔ بعض عاملین بوقت عمل (الحمد شریف) اور بعض درود پاک پڑھتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے۔

یَا سمعلونی و المطانی کسی کاغذ پر خوشخط جلی حروف میں لکھ کر کسی دیوار یا درخت پر کاغذ کو رکھ کر ایک لوہے کا کیل ان حروف پر ٹھونکیں اور ایک بار مع بسم اللہ الحمد شریف پڑھیں۔ بسم کی میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر اور درد والا شخص مقام درد پر اپنا سیدھا ہاتھ یا شہادت کی انگلی رکھے۔ عامل دم کرے اور کیل کو حرف پر گاڑ دے پھر مریض سے دریافت کرے۔ مریض مقام درد سے انگلی اٹھا کر بتائے۔ جب آرام آجائے تو اس حرف پر لوہے کے کیل کو ٹھونک دیں۔ درد ہمیشہ کے لئے سلب ہو جائے گا۔

بعض عاملین درد کی مدت مقّرر کر دیتے ہیں۔ مقرر کردہ مدت کے بعد درد پھر شروع ہو جاتا ہے۔ مدت مقرر نہیں کرنا چاہیئے۔

سر درد کے لئے ی پر کیل ٹھونکیں۔

درد دندان کے لئے س پر کیل ٹھونکیں۔

درد حلق کے لئے م پر کیل ٹھونکیں۔

کان درد کے لئے و پر کیل ٹھونکیں۔

بخار درد کے لئے ط پر کیل ٹھونکیں۔

سلبِ اوجاع

یہ عمل بھی پہلے عمل کی طرح مشہور و معروف ہے بے شمار لوگوں کے تجربہ میں آچکا ہے۔ عملیات کی ہر کتاب میں درج ملتا ہے۔ یہ

CamScanner

دونوں اعمال قوی الاثری اور سریع الاثری میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔طریقہ یہ ہے کہ ابجد ھوز حطی کلمن سعفص قرشت پہلے دو یا تین کلمات کو بسط کر کے لکھیں۔یعنی (اب ج د ھ و ز ح ط ی)

کسی کاغذ پر حروف لکھ کر ایک ایک حرف پر لوہے کا کیل لے کر اس کی نوک ٹیک کر الحمد شریف معہ بسم اللہ پڑھیں مگر اس طرح ملحمد للہ یعنی م اور حمد کو ملا کر پڑھیں اور دم کریں۔جبکہ درد والا شخص مقام درد پر اپنی شہادت کی انگلی رکھے۔ایک بار دم کرنے کے بعد مریض سے پوچھیں درد ختم ہوا یا نہیں۔اگر مریض کہے کہ نہیں تو اگلے حرف پر حسب طریق دم کریں یعنی (اب ج د) اگر پہلے حرف پر درد ختم نہ ہو تو دوسرے حرف پر کیل ٹھونکیں اور دم کریں۔اسی طرح تیسرے چوتھے پر یہاں تک کہ درد ختم ہو جائے پس جس حرف پر درد ختم ہو اسی حرف پر کیل ٹھونک دیں۔یہ عمل درد دندان، دردسر، پسلی کا درد اور ریحی درد کے لئے اکسیر ہے۔آزمائش شرط ہے۔

عجیب طلسمی عمل

یہ عمل دردسر اور دیگر ہر قسم کے دردوں کے لئے مجرب ہے۔اپنے اثرات میں جادو اثر ہے۔یہاں تک کہ بچھو بھڑ کے کاٹے کے لئے مقام درد پر تین بار جس دم کر کے لکھے پھر اسی جگہ پر دم کرے اور پوچھے کہ درد رہا کہ نہیں۔اگر مریض بتائے کہ ہے تو پھر ایسا ہی کرے۔اکثر تجربہ ہوا ہے کہ درد بھاگتا بھاگتا پھرتا ہے۔یہاں لکھا درد وہاں بھاگا، وہاں لکھا تو آگے بھاگا۔شہادت کی انگلی سے لکھیں۔طلسمی اسم درج ذیل ہے۔ (لِیُعَذِّ بَھُمْ)

ہمارے درمیان قرآن پاک موجود ہے اور موجود ہی نہیں محفوظ بھی ہے۔کیا یہ اس عہد کا سب سے بڑا معجزہ نہیں ہے؟ دنیا کی کوئی دوسری ایسی کتاب نہیں جو حرف بہ حرف، لفظ بہ لفظ، باب در باب، جملہ بہ جملہ انسان کے دل میں اتر جائے۔کیا یہ بھی ایک معجزہ نہیں ہے؟ جب تک یہ دنیا قائم ہے اور جب تک اس روئے زمین پر ایک بھی مسلمان ہے قرآن پاک موجود محفوظ رہے گا اور قرآن پاک کے ساتھ معجزے بھی۔

قرآن محض ایک کتاب ہی نہیں ایک الہام، ایک نُور ہے جو انسان کے سینے کو روشن اور دل میں چراغاں کرتا ہے۔یہ نُور، یہ روشنی ہر شخص کے نصیب میں نہیں ہوتی۔یہ خالق حقیقی کی خاص عنایت ہے وہ جس پر مہربان ہو یہ سعادت اسی کے حصے میں آتی ہے۔

کاش!! قرآن میں تفکر ہمارا شعار بن جائے اور ہم میدانِ عمل میں اتر آئیں تو ساری کائنات پر ہماری حکمرانی قائم ہو جائے گی۔مسلم برادری اس لئے محکوم مغموم، مغلوب اور پریشان ہے کہ ہم ظاہری اعمال کو بہت اہمیت دیتے ہیں مگر اپنے باطن میں بہتے ہوئے دریا میں سے ایک قطرۂ آب بھی نہیں پیتے۔

قرآن پاک کا ہر حرف نور کا بحر بیکراں اور آب حیات ہے قرآن پاک کی ہر آیت مبارکہ کی اپنی شان ہے۔سورۂ بنی اسرائیل میں آیت مبارکہ ''وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔''(سورہ بنی اسرائیل:82)

بدن انسانی کے جملہ امراض سے نجات کے لئے جادو اثر ہے اس آیت شریفہ سے تمام روحانی وجسمانی امراض کا علاج کیا جاسکتا

CamScanner

ہے۔اسی آیت شریفہ سے امراض کے علاج کا ایک جادو اثر اور طلسمی قاعدہ نظرِ ،نذر قارئین ہے اس قاعدے میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں ہے۔طریقہ یہ ہے کہ نام مع مریض والدہ اور نام مرض رعلت یا علامتِ ضرر جو بھی ہے تحریر کریں۔

مثلاً نسیمہ طاہرہ بنت شیداں مرض کثرت طمث

ایک سطر میں تمام حروف کوا الگ الگ لکھیں اور دوسری سطر میں آیت مبارکہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۔(سورہ بنی اسرائیل:82)اور اسم باری تعالیٰ (شافی) کے الگ الگ حروف تحریر کریں اب دونوں سطور کوامتزاج دیں۔

جس سطر کے حروف کم ہوں پھر سے شروع کرلیں۔اب امتزاج شدہ حروف کی ایک سطر آپ کے پاس ہوگی۔اس سطر کے حروف گن لیں۔اگر تعداد میں حروف جفت ہوں تو چار حرفی کلمات تیار کریں۔اگر طاق ہوں تو سات حرفی کلمات تحریر کریں۔مثلاً ہمارے پاس نام مریض مع والدہ اور مرض کے حروف مندرجہ ذیل ہیں۔

ن س ی م ہ ط ا ہ ر ہ ش ی د ا ن ک ث ر ت ط م ث

آیت اور اسم باری تعالیٰ کے حروف

و ن ن ز ل م ن ا ل ق ر ا ن م ا ھ و ش ف ا ء ش ا ف ی

امتزاج: و ن ن س ن ی ز م ل ہ م ط ن ا ا ہ ل ر ق ہ ر ش ا ی ن د م ا ا ن ھ ک ر ث ش ر ف ت ا ط ء م ش ث ا ن ف س ی ی

تعداد حروف پچاس۔اس لئے چار حروفی کلماتِ طلسم یہ تیار ہوا۔

یہ ایک طلسمی نقش تیار ہوا۔عطاردی ساعتوں میں چینی،شیشے کی طشتری یا پھر سفید پاکیزہ کاغذ پر مشک وزعفران اور گلاب سے تیار کردہ روشنائی سے تحریر کرکے دھوکر مریضہ کو روزانہ نہار منہ ہفتہ عشرہ تک پلائیں۔خداوند تعالیٰ کے حکم سے صحت نصیب ہوگی۔اس قاعدہ سے ہر مرض کا علاج کیا جاسکتا ہے۔واضح رہے کہ جہاں دوا کام نہ کرتی ہو وہاں خدا کا کلام مسیحائی اثر دکھاتا ہے مگر کامل یقین و اعتقاد شرط اوّل ہے۔

CS CamScanner

ہر مرض سے شفا کے لئے

اہل ریاضت کا یہ پانچواں اسم ہے۔(یَاحَیُّ حِیۡنَ لَاحَیَّ فِیۡ دَیۡمُومَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَائِہٖ حَیًّا یَاحَیُّ)

یہ جمالی اسم ہے۔دینی ودنیاوی حاجات کو پورا ہونے کے لئے نوچندی جمعرات کو طلوع شمس کے وقت شروع کریں اور سات دن تک ہر روز ایک ہزار اکتالیس بار پڑھیں بحکم خدا تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

امراض مہلک کے لئے چینی کی سفید پلیٹ پر مشک وزعفران یا صرف زعفران وگلاب سے اس نقش کو لکھ کر چالیس یوم تک پلائیں ۔ان شاء اللہ ہر قسم کے مرض سے شفا ہوگی۔ یہ طریقہ مجربات سے ہے۔ان شاءاللہ جو احباب آزمائیں گے قوی الاثر پائیں گے۔لاعلاج اور خطرناک امراض کے علاج کے لئے ایک سے تین چلہ تک نقش پلایا جا سکتا ہے۔ایک نقش روزانہ مریض کو نہار منہ پلائیں۔نقش مندرجہ ذیل ہے۔

شفائے بیمار

اسم یاغفور تین سطروں میں لکھیں اور ہر سطر میں تین مرتبہ۔یعنی اس طرح۔

غ ف ور۔ غ ف ور۔ غ ف ور

روزانہ ایک تعویذ مریض کو پلادیں۔زبان سے چاٹے یا زعفران سے لکھ کر دیں تاکہ مریض روزانہ تین تعویذ پی لیا کرے صبح، دوپہر اور شام۔ان شاءاللہ ہفتہ عشرہ استعمال کرنے سے کلی صحت ہوگی۔

نکسیر بند کرنے کیلئے

جس شخص کے ناک سے خون جاری ہو۔اس کی پیشانی پر یہ حروف لکھے جائیں تو ان شاءاللہ خون بند ہو جائے گا۔وہ حروف درج ذیل ہیں۔د م ذ م طلح طلح کلم کلم کلم طلح

CamScanner

دردِ زہ کے لئے

لکھ کر عورت کے بائیں پاؤں پر باندھیں، اور جب بچہ پیدا ہو جائے تو جلد کھول کر دریا میں بہا دیں غفلت نہ کریں۔

۷۸۶

لو ع لو	لو ع لو	لو ع لو
لو ع لو	لو ع لو	لو ع لو
لو ع لو	لو ع لو	لو ع لو

☆☆☆

CS CamScanner

باب3

بچوں کے مختلف امراض اور اُن کا علاج

زیادہ رونے والے بچے کے لیے

زیادہ رونے والے بچے کے لیے مندرجہ ذیل حروف اور آیات ایک کاغذ پر تحریر کریں۔اور پھر اس کا تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔حروف اور آیات یہ ہیں۔

ب م اس ال رر ح م راح ل ی م س ر ت۔اَفَبِھٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَکُوْنَ وَلَاتَبْکُوْنَ فَضَرَبْنَاعَلٰی آذَانِھِمْ فِیْ الْکَھْفِ سِنِیْنَ عَدَداً تَاوزِدْنَاھُمْ ھدیً (سورہ کہف:)"وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا ھَمْساً۔" (سورہ طہٰ:108)إِلَّا ھَمْساً إِلَّا ھَمْساً اُسْکُتْ اَیُّھَاالْمُوْلُوْدُ بِحَقِّ الْحُمّٰی الَّذِیْ لَایَمُوْت صُمٌّ بُکْمٌ صُمٌّ بُکْمٌ اُسْکُتْ اُسْکُتْ اَیُّھَاالْمُوْلُوْدُ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْآیَاتِ وَالْاَسْمَاءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیُّ الْاُمِیُ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ۔

رونے والے بچے کے لیے

جو بچہ زیادہ روئے۔اس کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈال دیں۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶	یابدوح	۷۸۶
یابدوح	اللہ	یابدوح
۷۸۶	یابدوح	۷۸۶

جو بچہ روتا ہو

جو بچہ بہت روتا ہو،اس کے گلے میں یہ نقش لکھ کر ڈال دیں۔نقش یہ ہے۔

۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

رونے والے بچے کے لیے

اگرکوئی بچہ اکثر روتا ہوتو مندرجہ نقش کسی کاغذ پرتحریر کر کے اُس کے گلے میں ڈال دیں۔انشاءاللہ بچہ سکون پائے گا۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ع	ن	ا	م
م	ع	ن	ا
ا	م	ع	ن
ن	ا	م	ع

بچہ نہ روئے

مندرجہ ذیل لکھ کر رونے والے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔تو بچہ جتنا زیادہ روتا تھا اَب اتنا ہی زیادہ سوئے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔عیسٰی وَلِدَ یَوۡمَ السَّبۡتِ فَلَا کَلۡبَ یَنۡبَحُ وَلَارِیۡحَ تَفۡلَحُ اُرۡقُدۡ اَیُّهَا الطِّفۡلَ بِغَیۡرِ بُکَاءٍ اِلٰی تُصۡبِحَ بِاَلۡفِ اَلۡفِ لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۔"إِذۡ أَوَی الۡفِتۡيَةُ إِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوا رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحۡمَةً وَهَيِّءۡ لَنَا مِنۡ أَمۡرِنَا رَشَداً۔فَضَرَبۡنَا عَلَى آذَانِهِمۡ فِي الۡكَهۡفِ سِنِيۡنَ عَدَداً۔ (سورہ کہف:10 تا 11)"وَخَشَعَتِ الۡأَصۡوَاتُ لِلرَّحۡمَنِ فَلَا تَسۡمَعُ إِلَّا هَمۡساً۔ (سورہ طٰہٰ:108) بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ۔مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الۡعُقَدِ۔وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔مَلِكِ النَّاسِ۔إِلَهِ النَّاسِ۔مِن شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ ۔الَّذِي يُوَسۡوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ۔مِنَ الۡجِنَّةِ وَ النَّاسِ۔

رونے اور ڈرنے والے بچے کے لیے

جو بچہ بہت روتا ہو،اورخواب میں ڈرتا ہو،نیند میں چونکتا ہو،اس کے گلے میں چاندی یا تانبے کی لوح پر مندرجہ ذیل نقش کندہ کر کے ڈال دیں۔

۷۸۶

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

CamScanner

شیر خوار رونے والے کے لیے

شیر خوار رونے والے بچے کے لیے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیں۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷۲۵	۴۷۲۸	۴۷۳۲	۴۷۱۸
۴۷۳۱	۴۷۱۹	۴۷۲۴	۴۷۲۹
۴۷۲۰	۴۷۳۴	۴۷۲۶	۴۷۲۳
۴۷۲۷	۴۷۲۲	۴۷۲۱	۴۷۳۳

نظر بد کا علاج

مندرجہ خاتم کے نیچے سورہ عصر،سورہ قریش اور سورہ الفلق تحریر کریں اور جسے اکثر نظر لگ جاتی ہو اُس کے گلے میں ڈال دیں۔اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُسے نظر بد نہ لگے گی اور وہ تندرست ہو جائے گا۔خاتم یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔

الوكيل	ونعم	اللّٰه	حسبنا
مُغنِی	محيط	سالفا	عزيز
عالم	مهلك	واحد	مانع
باقى	معبود	مميت	محى

نظر بد کا علاج

ایک سفید کاغذ پر سورہ فاتحہ،سورہ والناس،سورہ اخلاص اور سورہ کوثر تحریر کریں۔پھر تعویذ بنا کر نظر بد کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔پس وہ تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔

نظرِ بد کے اثرات ختم کرنا

نظر بد کے اثرات ختم کرنے کے لیے مندرجہ لکھ کر جسے نظر بد لگی ہو اُس کے گلے میں ڈال دیں۔نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔عمل یہ ہے۔بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔خَرَجَتُ عَيۡنُ الۡحُسُوۡدِ مِنۡ اَحۡدَاقٍ بِيۡضٍ وَسُوۡدٍ جِبۡرِيۡلَ وَمِيۡكَائِيۡلُ فَقَالَ لَهَاتَدۡعَزَمۡنَاعَلَيۡكَ اَيَّتُهَاالۡعَيۡنُ اِنَّكِ لَاتَكُوۡنِیۡ عَلٰی حَامِلِ كِتَابِیۡ هٰذَا بِحَقِّ "قُلۡ أَعُوذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ۔مِن شَرِّ مَا خَلَقَ۔وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِیۡ الۡعُقَدِ۔وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔"

CS CamScanner

نظر بد اتار نے کا عمل

مندرجہ ذیل آیات لکھ کر جسے اکثر نظر بد لگ جاتی ہو اُس کے گلے میں ڈال دی جائیں تو نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔لَخَلۡقُ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ أَكۡبَرُ مِنۡ خَلۡقِ النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ ۔سورہ مومن:57) فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ هَلۡ تَرَى مِن فُطُورٍ۔ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ كَرَّتَيۡنِ يَنقَلِبۡ إِلَيۡكَ الۡبَصَرُ خَاسِأً وَهُوَ حَسِيۡرٌ۔(سورہ ملک:3تا4) وَإِن يَكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوا لَيُزۡلِقُونَكَ بِأَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجۡنُونٌ۔وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعَالَمِيۡنَ۔ (سورہ قلم:51تا52)

نظر بد کے اثرات ختم کرنا

جس کو نظر بد ہو مندرجہ عمل کسی سفید کاغذ پر لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیں۔نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔عمل یہ ہے۔

مِنۡ يُوسُفَ الصِّدِّيۡقِ اِلٰى يَعۡقُوۡبَ الشَّفِيۡقِ اِذۡهَبُوۡا بِقَمِيۡصِيۡ هٰذَا فَالۡقُوۡهُ عَلٰى وَجۡهِ اَبِيۡ يَاۡتِ بَصِيۡرًا وَاۡتُوۡنِيۡ اَجۡمَعِيۡنَ مَازَاغَ الۡبَصَرُوَمَاطَغٰى وَصَلَّى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَسَلَّمَ۔

بچوں کی نظر بد اور ڈر خوف کے لیے

جو بچہ رات کو سوتے ہوئے ڈر خوف محسوس کرتا ہو یا جسے نظر بد لگ جاتی ہو۔مندرجہ ذیل عمل لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ب	ط	د
ز	ہ	ج
ا	و	ح

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَامُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ ۔طبروطت بِسۡمِ اللّٰهِ اُرۡقِيۡكَ مِنۡ كُلِّ شَيۡءٍ يُؤۡ ذِيۡكَ وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِيۡ الۡعُقَدِ۔وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔

نظر بد کے لیے

نظر بد کے لیے سورہ عصر،سورہ قریش اور سورہ فلق لکھ کر گلے میں ڈالنے سے نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

بچوں کی نظر بد سے حفاظت کے لیے

مندرجہ ذیل آیات لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔نظر بد سے محفوظ رہے گا۔آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡن۔(بنی اسرائیل آیت:۸۲)"اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ

CS CamScanner

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔"(سورہ نمل:26)"هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِءُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔(سورہ حشر:22 تا24)

بچوں کے جملہ امراض کا علاج

بچے کو کالی کھانسی، چیچک، خسرہ، اُم الصبیان، نظر بد، مرگی، بخار یا کوئی بھی مرض ہو یا ایسا مرض ہو جو سمجھنے میں نہ آ رہا ہو تو، کالے رنگ کا سوتی دھاگہ لیں اور اس کے نو تار لے کر سورہ الم نشرح کی تلاوت کریں۔اور ہر (کاف) پر ایک گرہ لگائیں۔اس کے بعد پورے گنڈے پر سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کریں۔اور یہ گنڈہ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔انشاءاللہ بچہ تمام امراض سے نجات پالے گا۔اور صحت مند ہو جائے گا۔

نظرِ بد کا علاج

یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔بے حد مفید ہے۔نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا ممیت		یا ممیت
	یا ممیت	
یا ممیت		یا ممیت

بچے کو سخت نظر لگی ہو تو

اگر کسی بچے کو سخت نظر لگی ہو تو مندرجہ ذیل فلیتہ کاغذ پر سیاہ روشنائی سے تحریر کر کے اوپر سیاہ کپڑا لپیٹ کر بچے کو دھونی دیں۔انشاءاللہ نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

حـحـــہ نـمـــرو د،ھـامـان، فـرعون،شداد، ۳۸۸۷۹۷۱۲ عـح عـح لـحح

نظر بد ختم کرنا

نظر بد کے اثر کو ختم کرنے کے لیے انتہائی آسان اور کامیاب عمل ہے۔جس مرد وزن کو نظر بد کا اثر ہو۔ایک مٹی کا پیالہ لے کر مریض کے پاؤں کی ایڑی کے نیچے رکھوائیں۔اور خود یہ عمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مریض کے سینے پر دَم کریں۔اور مریض کو پہلے ہی تاکید کر دیں کہ جونہی میں دَم کروں، زور سے پاؤں مار کر پیالہ توڑ دے۔انشاءاللہ اس عمل کے کرتے ہی نظر بد کا اثر ٹوٹ جائے گا۔عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔یَاشَافِی شفادے،نظر بَدُ کو ھٹادے،بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

نظر بد کا علاج

سورہ فلق اور سورہ والناس گیارہ مرتبہ پڑھ دَم کریں۔نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

نظر بد کا عمل

اگر کسی کو نظر بد ہو جائے تو مندرجہ آیت معہ بسم اللہ سات مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔اور یہی آیت کسی سفید کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔آیت یہ ہے۔بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ وَمَا أَنفَقْتُم مِّن نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُم مِّن نَّذْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ ۔(سورہ البقرہ:۲۷۰)

جانور کی نظر بد

اگر کسی جانور کو نظر بد کا اثر ہو گیا ہو تو آخری تینوں قل شریف تین تین مرتبہ اور اول وآخر درود شریف ایک ایک مرتبہ گھاس یا نمک پر پڑھ کر دَم کر دیں تا کہ جانور تین یوم تک کھاتا رہے۔انشاء اللہ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

برائے دفع نظر

مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر متاثرہ بچے یا بڑے کے گلے میں ڈال دیں۔انشاء اللہ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۔وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۔(سورہ القلم:۵۱تا۵۲)

کسی کی نظر اتارنا

اگر کسی کو کسی کی نظر لگ جائے تو مندرجہ ذیل آیات سات مرچوں کے ساتھ سات مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ مرچوں کو نظر لگے ہوئے شخص پر سات مرتبہ گھمائیں اور سات مرتبہ اِن آیات کو پڑھ کر مریض اور مرچوں پر پڑھ کر دَم کریں۔اور پھر ان مرچوں کو جلتی ہوآگ میں ڈال دیں۔انشاء اللہ تعالیٰ فوراً نظر بد ختم ہو جائے گی۔آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۔وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۔(سورہ القلم:۵۱تا۵۲)

نظر بد کے لیے گنڈہ

اگر کسی کو نظر بد لگ گئی ہو،خواہ مرد ہو،عورت یا بچہ،ایسی حالت میں نوتار کچے نیلے سوت کے لے کر،اتنے بڑے کہ مریض کے گلے میں آجائیں،ان پر چھ گرہیں لگائی جائیں۔اس طرح کہ ہر گرہ پر سات مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دَم کریں۔اور پھر یہ گنڈہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

CamScanner

اگر کسی جانور کو نظر بد لگ گئی ہو تو سیاہ اون کے نو تار لے کر اس پر بھی حسب سابق اوپر والے طریقہ کے مطابق چھ گرہ لگائیں۔ اور پھر جانور کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

دودھ دینے والے جانور کی نظر بد دُور کرنا

جو جانور نظر بد لگنے سے دودھ دینا بند یا کم کر دے، اس کے لیے گوندھا ہوا آٹا لے کر اِس میں تھوڑا سا نمک ڈال کر مندرجہ ذیل آیت سات مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اور پھر جانور کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ وَإِنَّ لَكُمۡ فِيۡ الۡأَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً نُّسۡقِيۡكُم مِّمَّا فِيۡ بُطُونِهِ مِن بَيۡنِ فَرۡثٍ وَدَمٍ لَّبَناً خَالِصاً سَآئِغاً لِلشَّارِبِيۡنَ۔ (سورۂ نحل:٦٦)

نظر بد سے نجات

اگر کسی بچے، بڑے یا جانور پر نظر بد کے اثرات ہوں تو سات مرتبہ اُس پر سورہ ہمزہ پڑھ کر دَم کریں۔ یا کسی چیز پر دَم کر کے کھلا دیں۔ سورہ ہمزہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ وَيۡلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۔الَّذِيۡ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهُ ۔يَحۡسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخۡلَدَهُ۔ كَلَّا لَيُنۡبَذَنَّ فِيۡ الۡحُطَمَةِ۔ وَمَا أَدۡرَاكَ مَا الۡحُطَمَةُ ۔نَارُ اللَّهِ الۡمُوقَدَةُ۔ الَّتِيۡ تَطَّلِعُ عَلَى الۡأَفۡئِدَةِ۔ إِنَّهَا عَلَيۡهِم مُّؤۡصَدَةٌ۔ فِيۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ۔

جو بچہ بستر پر پیشاب کرتا ہو

اونٹ کے بال اُس کے ذکر پر باندھے جائیں تو وہ بستر پر پیشاب نہیں کرے گا۔

بستر پر پیشاب کرنے والے کے لیے

جو بچے بستر پر پیشاب کرتے ہوں۔ ان کے لیے عمل یہ ہے کہ جب وہ سو جائیں تو اِن کے قریب بیٹھ کر سورہ بقرہ کی یہ آیت "آلٓمٓ۔ ذَلِكَ الۡكِتَابُ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ۔الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُونَ بِالۡغَيۡبِ" سات مرتبہ پڑھیں۔ اور بچے کے دونوں کانوں میں دَم کر دیں۔ سات روز تک یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ بستر پر پیشاب کرنے کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔

آسیب زدہ بچے کا علاج

مقرون اور آسیب زدہ بچے کے علاج کے لیے مندرجہ ذیل عمل لکھ کر اُس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ تو وہ بچہ جن، شیطان، ہمزاد اور آسیب کے اثرات بد سے محفوظ رہے گا۔ عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ إِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ ۔وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتۡ ۔وَإِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ ۔وَإِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ۔ (سورۂ تکویر:1 تا 4) "عَطَّلَ اللّٰهُ عَنۡكَ الۡقَرِيۡنَ بِالۡقُرۡآنِ الۡعَظِيۡمِ وَالنَّبِيِّ الۡكَرِيۡمِ" "إِنَّا أَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيۡحاً صَرۡصَراً فِيۡ يَوۡمِ نَحۡسٍ مُّسۡتَمِرٍّ۔ تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمۡ أَعۡجَازُ۔" (سورۂ قمر:19 تا 20) اَعۡجَزَاللّٰهُ هٰذَا الۡقَرِيۡنَ عَنۡ هٰذَاالۡمَوۡلُوۡدِ وَحَفِظَهُ مِنۡهُ فِي الۡقِيَامِ وَالۡقُعُوۡدِ

CS CamScanner

وَآمَنَهٗ مِنْ شَرِّهٖ فِی الْیقظَةِ وَالرُّقُوْدِ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَاحِدٌ لَااِلٰهَ اِلَّاهُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔

بچہ کے دانت آسانی سے نکلیں

دانت آسانی سے نکلنے کے لیے سورہ ق لکھ کر پھر دھو کر اس کا پانی بچے کے مسوڑوں پر روزانہ ملیں۔ان شاءاللہ آسانی کے ساتھ بغیر کسی تکلیف کے دانت نکل آئیں گے۔

حفاظت کے لیے

مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر اگر کسی بچے کے گلے میں ڈال دیں،تو وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔اگر کوئی فرد اس آیت کو کسی ظالم کے پاس جاتے ہوئے پڑھے تو اُس سے محفوظ رہے گا۔آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔"اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَّا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ آخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔"(سورہ ہود:56)

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہوتو

اگر بچہ دودھ نہ پیتا ہوتو مندرجہ ذیل تحریر کر کے بچے کے بازو پر باندھ دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔هَالَهُمْ فِیْهَا رَكُوْبَهُمْ وَفِیْهَایَاكُلُوْنَ وَلَهُمْ فِیْهَامَنَافِعُ وَمَشَارِبُ اَفَلَاتَشْكُرُوْنَ دفع جه جهع۔

بچوں کی مٹی کھانے کی عادت ختم کرنا

اگر کوئی بچہ مٹی کھاتا ہوتو روزانہ تین مرتبہ دودھ پر پڑھ کر دَم کر کے پلائیں۔جب بھی بچے کو دودھ پلائیں یہی دَم کر کے پلائیں۔ انشاءاللہ بچے کی مٹی کھانے کی عادت ختم ہوجائے گی۔عمل یہ ہے۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔فَرُدِمٍ مُرَوَّحٍ۔

بچوں کی ہر طرح کی حفاظت کے لیے

بچوں کی ہر طرح سے حفاظت کے لیے یہ دونوں نقوش چاندی کی لوح پر سامنے اور پشت پر کندہ کرائیں اور بچے کے گلے میں ڈال دیں۔بچوں کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔دونوں نقوش یہ ہیں۔

۷۸٦

۳۳۲	۳۳۷	۳۳۴
۳۳۳	۳۳۱	۳۲۹
۳۲۸	۳۳۵	۳۳۰

CamScanner

۷۸۶

۵۰۳	۵۷۸	۵۷۹
۵۷۶	۵۸۰	۵۰۴
۵۸۱	۵۰۲	۵۷۷

گونگے بہرے بچے کا علاج

گونگے بہرے بچے کے علاج کے لیے روحانی علاج کا یہ طریقہ استعمال کیا جائے۔ جب گونگا بہرا بچہ سو جائے اور گہری نیند سو جائے تب اُس کے سرہانے سیدھے رُخ کھڑے ہو کر ایک مرتبہ سورہ مریم کی پہلی آیت (کٓھٰیٰعٓصٓ) پڑھیں۔اور پڑھنے میں ہر حرف الگ الگ پڑھا جائے۔ یہ عمل چھ ماہ برابر جاری رکھیں۔کوشش یہ ہو کہ ناغہ نہ ہونے پائے۔انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

زبان کی لکنت کا علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ۔وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ۔وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ۔یَفۡقَھُوۡا قَوۡلِیۡ۔(سورہ طہٰ:۲۵ تا ۲۸)

مندرجہ بالا آیات کو مغز بادام پر ایک سو مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔اور لکنت والے یا بڑے کو کھلائیں۔انشاءاللہ لکنت ختم ہو جائے گی۔

بچوں کے یرقان ،اُم الصبیان جموگہ کے لیے

مذکورہ بالا تمام امراض کے لیے مندرجہ ذیل اسماء سفید کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔حلبوس ،ملبوس ،مرلوش ، رلوش ، حبوش ، معلموش ،مرطوش ، ملبومابش ، ایسا،اومادر،بافرو ، یااحیون ،احیونون۔

سوکھے یعنی اُم الصبیان کے مریض بچوں کا علاج

سرسوں کے تیل پر سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔پھر اس تیل کی روزانہ بچے کے تمام جسم پر مالش کریں۔ ہفتہ عشرہ میں صحت ہو جائے گی۔

مسان اور اُم الصبیان کے مریض بچے کے لیے

